تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ ہر خبر آپ تک ★★★
روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: مرزا حماد علی
Power of Pakistan News Agency
powerofpakistannewsagency.online
جلد نمبر 02 | ہفتہ 31 جنوری 2026، 11 شعبان المعظم 1447ھ | صفحات 08 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 169

پاکستان کی مسلح افواج ہر خطرے کے خلاف مکمل طور پر تیار ہیں فیلڈ مارشل

مسلح افواج تیزی سے جدید ٹیکنالوجی کو اپنا رہی ہے، جدت، مقامی تیاری اور مطابقت بنیادی ستون رہیں گے

فیلڈ مارشل کا دورہ بہاولپور گیریژن، جدید ٹیکنالوجی پر مبنی مشق کا مشاہدہ، قومی خودمختاری کے دفاع کا بھرپور عزم، جدید ٹیکنالوجیز، بغیر پائلٹ فضائی نظام (ڈرونز)، جدید نگرانی آلات، الیکٹرانک وارفیئر وسائل اور جدید کمانڈ اینڈ کنٹرول نظام کا مشاہدہ

معزز چیف جسٹس آف پاکستان، مسٹر جسٹس یحییٰ آفریدی سپریم کورٹ آف پاکستان، اسلام آباد میں ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کوہاٹ اور ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن مانسہرہ کے اراکین پر مشتمل ایک وفد سے ملاقات کر رہے ہیں۔

راولپنڈی/ بہاولپور (این این آئی) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاکستان کی مسلح افواج ملک کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کیلیے ہر قسم کے (بقیہ نمبر 38)

بانی پی ٹی آئی بالکل ٹھیک ہیں، عطاء تارڑ کی بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق خبروں کی وضاحت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء تارڑ نے بانی پی ٹی آئی کی صحت (بقیہ نمبر 2)

ہمیں کسی سے بھیگ مانگنے کی ضرورت نہیں ہے، سرفراز بگٹی

بارکھان (این این آئی) وزیرِ اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ میں جو وعدہ کرتا ہوں پورا کرتا (بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد: وزیر اعظم محمد شہباز سے پاکستان میں یورپی یونین کے سفیر مسٹر رائمنڈ اس کروبلس ملاقات کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا میں فوج اور ریاست کیخلاف جذبات ابھارنے کی کوشش ہو رہی ہے، خواجہ آصف

سہیل آفریدی فلمی ڈائیلاگ بول رہے، ان کی خود کو مارنے کی بات پشتو یا پنجابی فلم کا سکرپٹ لگتا ہے، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں پاک فوج اور ریاست کیخلاف جذبات ابھارنے کی کوشش ہو رہی ہے۔ نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ہمارے فوجی جوانوں کو دہشتگردوں نے بے دردی سے قتل کیا، صوبائی حکومت بتائے اس صورتحال میں پاکستان اور پاک فوج کے ساتھ کھڑی ہے؟۔ انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی (بقیہ نمبر 6)

پنجاب حکومت نے زیادتی کو زنا بالرضا قرار دینے کا سپریم کورٹ کا فیصلہ چیلنج کر دیا

آخری اپیل 2015 میں ڈی این اے ٹیسٹ کو بطور شہادت قبول نہ کرنے کے فیصلے کیخلاف دائر کی گئی تھی

اسلام آباد (این این آئی) پنجاب کے محکمہ پراسیکیوشن نے خاتون کیساتھ جنسی زیادتی کو زنا بالرضا قرار دینے، 16 افراد کے قاتل کی سزا کو اکٹھی شروع کرنے اور فوجداری مقدمے میں مفرور ملزم کو بری کرنے کے سپریم کورٹ کے فیصلوں کیخلاف نظر ثانی اپیلیں دائر کر دیں۔ (بقیہ نمبر 4)

گوادر کا قدیم ترین تجارتی مرکز تزئین و آرائش کے بعد دوبارہ کھول دیا گیا

گوادر (این این آئی) گوادر ڈیولپمنٹ اتھارٹی (جی ڈی اے) نے گوادر (بقیہ نمبر 5)

پاکستان میں نیپا وائرس کے ممکنہ پھیلاؤ کا خدشہ، الرٹ جاری

عالمی ادارہ صحت کی رپورٹ کے بعد پاکستان میں داخل ہونے کے تمام راستوں پر سکریننگ کی ہدایات

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں نیپا وائرس کے ممکنہ پھیلاؤ کے خدشے کے پیش نظر اقدامات اٹھالئے گئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بھارت میں وائرس کے پھیلاؤ کے پیش نظر حکومتِ پاکستان نے الرٹ جاری کر دیا ہے، پاکستان میں داخل ہونے کے تمام راستوں پر (بقیہ نمبر 8)

سپریم کورٹ نے قتل کے مجرم عبدالرزاق کو عدم شواہد کی بناء پر بری کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے قتل کے مجرم عبدالرزاق کو عدم شواہد کی بنیاد پر بری کر دیا۔ جمعرات کو عدالت عظمیٰ نے (بقیہ نمبر 7)

دبئی: صدر آصف علی زرداری کو ہوائی اڈے پر عزت مآب عبدالرحمن بن محمد ال اویس، کابینہ کے رکن اور متحدہ عرب امارات کی وفاقی قومی کونسل کے امور کے وزیر نے الوداع کیا۔

مسئلہ فلسطین کے تمام پہلوؤں پر اقوام متحدہ کے کردار کا خیر مقدم کرتے ہیں، پاکستان

پاکستان کھلے مباحثے کے انعقاد کا خیر مقدم کرتا ہے، فلسطین کا حل طلب مسئلہ مشرق وسطیٰ میں عدم استحکام کی جڑ ہے، عاصم افتخار

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ فلسطین کے مسئلے کے تمام پہلوؤں پر اقوام متحدہ کے کردار کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ ایک بیان میں اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا کہ پاکستان کھلے (بقیہ نمبر 9)

ماں بیٹی کا نالہ میں گرنا مجرمانہ غفلت اور قتل ہے

مریم نواز

فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی چوبیس (24) گھنٹوں کے اندر اپنی جامع رپورٹ سفارشات سمیت وزیر اعلیٰ کو پیش کرے گی، جس میں واقعے کے ذمہ داروں کا تعین بھی شامل ہوگا

کنوینر کو اختیار حاصل ہوگا کہ ضرورت پڑنے پر دیگر ارکان کو بھی کمیٹی میں شامل کر سکیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے ہدایت کی ہے کہ تحقیقات میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور جو بھی فرد یا ادارہ غفلت کا مرتکب پایا گیا اس کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے داتا دربار کے قریب ترقیاتی کاموں کے دوران پیش آنے والے افسوسناک واقعے پر سخت نوٹس لے لیا ہے۔ کھلے مین ہول میں خاتون کے اپنے بچے سمیت گرنے کے رپورٹ شدہ واقعے کی مکمل، شفاف اور باریک بینی سے تحقیقات کے لیے وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی چوبیس (24) گھنٹوں کے اندر اپنی جامع رپورٹ سفارشات سمیت وزیر اعلیٰ کو پیش کرے گی، جس میں واقعے کے ذمہ داروں کا تعین بھی شامل ہوگا۔ نوٹیفکیشن (بقیہ نمبر 39)

بانی کی صحت کے حوالے سے خبریں تشویشناک ہیں، سلمان اکرم راجہ

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی (بقیہ نمبر 13)

پاکستان ریلوے نے 10 ارب روپے کا منافع کمایا ہے، حنیف عباسی

راولپنڈی (این این آئی) وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا ہے کہ پاکستان ریلوے نے 10 ارب (بقیہ نمبر 12)

اسحاق ڈار کی ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ٹیلیفون پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے جمعرات کو ایرانی (بقیہ نمبر 11)

توانائی اور انفراسٹرکچر کے شعبے میں تعاون ناگزیر ہے، علی پرویز ملک

پاکستان کے مختلف سیکٹرز میں پاک چین تعاون کے منصوبے جاری، کان کنی کے شعبے میں ترقی کی نئی راہیں ہموار ہو رہی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ توانائی اور انفراسٹرکچر کے شعبے میں تعاون ناگزیر ہے، پاکستان کے مختلف سیکٹرز میں پاک چین تعاون کے منصوبے جاری ہیں، کان کنی کے شعبے میں ترقی کی نئی راہیں ہموار ہو رہی ہیں، غیر ملکی سرمایہ کاروں (بقیہ نمبر 14)

سانحہ گل پلازا، اینٹی مارٹم ڈیٹا سے مزید 12 افراد کی باقیات کی شناخت

مجموعی طور پر 18 افراد کی باقیات نکالی گئیں، تاہم ان میں سے کئی باقیات انتہائی خراب حالت میں تھیں

کراچی (این این آئی) سانحہ گل پلازا میں جھلس کر جاں بحق ہونے والے مزید 12 افراد کی باقیات کی شناخت کر لی گئی۔ سی پی ایل سی ڈرائع کے مطابق شناخت اینٹی مارٹم ڈیٹا اور گل پلازا میں پروف آف پریزنس سے کی گئی۔ اس سے متعلق ذرائع نے بتایا کہ نارتھ ناظم آباد سے شاپنگ کے لیے آئی فیملی کے 3 افراد کی شناخت ہوئی، اینٹی مارٹم ڈیٹا سے عمر نبیل، ان کی اہلیہ ڈاکٹر عائشہ اور بیٹے علی کی باقیات کی شناخت ہوئی۔ سی پی ایل سی ڈرائع کے مطابق اینٹی مارٹم ڈیٹا سے خضر علی، (بقیہ نمبر 15)

پنجاب میں وائلڈ لائف سروسز کیلئے نیا پلیٹ فارم متعارف

لاہور (این این آئی) وائلڈ لائف رینجرز پنجاب نے شہریوں کو فراہم کی جانے والی آن لائن سہولیات کے نظام میں اہم تبدیلی کرتے ہوئے وائلڈ لائف سروسز کے لیے نیا پلیٹ فارم متعارف کرا دیا۔ وائلڈ لائف رینجر کے مطابق اب وائلڈ لائف سے متعلق تمام آن لائن (بقیہ نمبر 16)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق حلقہ پی پی 153 میں جاری ترقیاتی منصوبوں بارے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

پی ٹی آئی کور کمیٹی کا بانی عمران خان کی صحت، ملاقاتوں پر پابندی پر اظہار تشویش

ملاقاتوں میں تاخیر پر خیبر پختونخوا سمیت دیگر شہروں میں شٹر ڈاؤن، پہیہ جام کی کال دینے کا عندیہ

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کور کمیٹی نے بانی عمران خان کی صحت اور ملاقاتوں میں تاخیر پر خیبر پختونخوا سمیت دیگر شہروں میں شٹر ڈاؤن، پہیہ جام کی کال دینے کا عندیہ دے دیا۔ پی ٹی آئی کی جانب سے جاری اعلامیے میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت کے بارے میں فوری طور پر تفصیلات فراہم کی جائیں، بانی پی ٹی آئی کا معائنہ شوکت خانم ہسپتال کے ڈاکٹرز سے کروایا جائے تاکہ شفافیت یقینی بنائی جا سکے۔ کور کمیٹی نے بانی پی ٹی آئی سے (بقیہ نمبر 17)

چودھری شوگر ملز کیس، وزیر اعلیٰ مریم نواز کی رقم واپسی کی درخواست پر نیب سے جواب طلب

نیب نے کیس خارج کر دیا ہے، گارنٹی کے طور پر رکھوائے گئے 7 کروڑ روپے واپس کیے جائیں، موقف

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے چودھری شوگر ملز کیس میں 7 کروڑ روپے گارنٹی کی واپسی کے لیے دائر درخواست پر قومی احتساب بیورو (نیب) سے جواب طلب کر لیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم کی سربراہی میں 3 رکنی فل بنچ نے کیس کی سماعت کی۔ درخواست گزار وزیر اعلیٰ مریم نواز کی طرف سے موقف اپنایا گیا کہ نیب نے چودھری شوگر ملز کیس بے بنیاد قرار دے کر خارج کر دیا ہے، چودھری شوگر (بقیہ نمبر 18)

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ سبزہ زار لاہور میں شیر کے حملے میں زخمی بچے کے والد کو الیکٹرک رکشہ دے رہے ہیں۔

افغان شہری کی پاکستانی خاندان میں شمولیت، عدالت نادرا حکام پر برہم

عدالت عالیہ کا نادرا کو دس روز میں پوری فیملی کے قانونی دستاویزات کا جائزہ لینے کا حکم

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ کے آئینی بینچ نے فیملی ٹری میں غیر متعلقہ شخص کو شامل کرنے کے خلاف درخواست پر سماعت کے دوران نادرا حکام پر سخت برہمی کا اظہار کیا ہے۔ سندھ ہائیکورٹ میں نادرا کی جانب سے فیملی ٹری میں غیر متعلقہ شخص کو شامل کرنے کے خلاف درخواست پر سماعت ہوئی۔ سماعت کے دوران عدالت نے نادرا حکام پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا افغان شہری کو پاکستانی خاندان کی فیملی ٹری میں کیسے شامل کر دیا؟ عدالت نے نادرا کو دس روز میں (بقیہ نمبر 22)

اوورسیز پاکستانی ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، بیرسٹر امجد ملک

متفق ہونے کی ضرورت ہے، وائس چیئرمین اوورسیز پاکستانی کمیشن پنجاب

لاہور (این این آئی) اوورسیز پاکستانی کمیشن پنجاب کے وائس چیئرمین بیرسٹر امجد ملک نے کہا ہے کہ اوورسیز پاکستانی ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں اور ان کے مسائل کا حل موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور اس کی ٹیم اس کام کیلئے دن رات کوشاں ہے، پارلیمنٹ میں سیٹیں اور ووٹ کے حق جیسے مقاصد کیلئے اوورسیز (بقیہ نمبر 24)

پتنگوں پر تصاویر چھاپنے اور گانوں پر پابندی کیخلاف درخواست پر اعتراض برقرار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بسنت کے موقع پر پتنگوں پر تصاویر چھاپنے اور گانوں پر پابندی کے خلاف درخواست آفس اعتراض برقرار رکھتے ہوئے واپس کر دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس اویس خالد (بقیہ نمبر 23)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے چینی قونصل جنرل ژاؤ شیریں گورنر ہاؤس لاہور میں الوداعی ملاقات کر رہے ہیں۔

پاکستان کا سی پیک کو افغانستان تک پھیلانے کا فیصلہ

پاکستان اور افغانستان کے حالات عارضی خراب ہیں، چین پاکستان اور افغانستان کے درمیان تعلقات بہتر کرنے کی کوشش کر رہا ہے، حکام دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے پاک چین اقتصادی راہداری (سی پیک) کو افغانستان تک پھیلانے کا فیصلہ کر لیا۔ جمعرات کو دفتر خارجہ کے حکام کے مطابق پاکستان نے سی پیک کو افغانستان تک پھیلانے کا فیصلہ کر لیا، پاکستان اور افغانستان کے حالات عارضی خراب ہیں، چین پاکستان اور افغانستان کے درمیان تعلقات بہتر کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ حکام نے بتایا کہ علاقائی تعاون کے فریم ورک (بقیہ نمبر 29)

صدر سید یوسف رضا گیلانی انجینئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر حماد علی منصور سے ایوان صدر میں گفتگو کر رہے ہیں۔

اسلام آباد، گھریلو ملازمہ پر تشدد کیس: متعدد گواہان کے ناقابل ضمانت وارنٹ جاری

اسلام آباد (این این آئی) کمسن گھریلو ملازمہ رضوانہ پر تشدد کے کیس میں متعدد گواہان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے گئے۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت اسلام آباد میں کمسن گھریلو ملازمہ رضوانہ پر تشدد کے کیس کی سماعت جوڈیشل مجسٹریٹ مبشر حسن نے کی۔ عدالت نے مسلسل عدم پیشی پر (بقیہ نمبر 30)

سانحہ گل پلازہ، کراچی سمیت صوبے کی کئی اہم شخصیات کو عہدے سے ہٹانے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) سانحہ گل پلازہ کے حوالے سے وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت چھ گھنٹے طویل اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں کمشنر کراچی کی پیش کردہ تحقیقاتی رپورٹ کو مسترد کر دیا گیا۔ اجلاس میں کراچی سمیت صوبے کی کئی اہم شخصیات کو عہدوں سے ہٹانے کا فیصلہ بھی کر لیا گیا، جبکہ واقعے سے متعلق رپورٹ صدر مملکت آصف علی زرداری اور چیئرمین (بقیہ نمبر 31)

ڈی جی آئی ایس پی آر کی جامعہ کراچی میں طلباء کیساتھ خصوصی نشست، شاندار خیر مقدم

بغیر تحقیق معلومات پھیلانا معاشرتی انتشار اور غلط فہمیوں کا سبب بنتا ہے، اساتذہ کی گفتگو

کراچی (این این آئی) پاک فوج کے محکمہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے جامعہ کراچی میں طلباء اور اساتذہ کے ساتھ خصوصی نشست کی، جہاں پہنچنے پر اساتذہ، طلباء اور فیکلٹی ممبران نے ان کا والہانہ استقبال کیا۔ خصوصی نشست کے دوران اساتذہ اور طلباء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کی عوام اور مسلح افواج قومی سلامتی کے خلاف کسی بھی خطرے کا متحد ہو کر مقابلہ کریں گے۔ اساتذہ نے اس موقع پر کہا کہ بغیر تحقیق (بقیہ نمبر 32)

بنوں پولیس اور سیکیورٹی فورسز کا بنوں میں آپریشن 3 دہشتگرد ہلاک

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر پولیس اور سیکورٹی فورسز کی ستائش

بنوں/ اسلام آباد (این این آئی) بنوں پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے بنوں کے نواحی علاقے میں آپریشن میں 3 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ ڈی آئی جی آپریشن نے بتایا کہ بنوں پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے اکبر علی خان کلے، اسپرکہ، ڈومیل کے علاقے میں دہشتگردوں کے خلاف مشترکہ آپریشن کیا۔ ڈی ڈی آئی جی بنوں ریجن سجاد خان نے کہا کہ مشترکہ آپریشن کے دوران 03 دہشتگرد ہلاک ہو گئے جب کہ متعدد دہشتگرد زخمی (بقیہ نمبر 33)

لاہور جصوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ اہم تحکمانہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

جرمنی کیلئے پاکستانی مصنوعات کی برآمدات میں اضافہ

300 جرمن درآمد کنندگان تک رسائی کیلئے 15 ٹاول ایکسپورٹرز کی سسٹین ایبلٹی رپورٹس مکمل

برلن (این این آئی) جرمن حکومت کے گرین پاکستان پراجیکٹ کے پہلے مرحلے میں 300 جرمن درآمد کنندگان تک براہ راست رسائی کیلئے 15 ٹاول ایکسپورٹرز نے جرمن ڈیوڈ پیچینس لاء کے مطابق اپنی سسٹین ایبلٹی رپورٹس مکمل کر لی ہیں۔ ٹاول مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن میں منعقدہ ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے جرمن کی قونصل کمرشل اینڈ (بقیہ نمبر 34)

اسلام آباد ہائیکورٹ، رینجرز کو کچلنے والی گاڑی سپرداری پر اصل مالک کے حوالے کرنے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے رینجرز کو کچلنے والی گاڑی سپرداری پر اصل مالک سفینہ ظفیر عباسی کے حوالے کرنے کا حکم دے دیا۔ جمعرات کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں جسٹس ارباب محمد طاہر اور جسٹس انعام امین منہاس نے کیس پر سماعت کی، فیصلے کے مطابق (بقیہ نمبر 35)

آئندہ مالی سال کا بجٹ جون کے پہلے ہفتے میں پیش کیے جانے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے آئندہ مالی سال کے بجٹ کا کیلنڈر جاری کر دیا جس کے تحت بجٹ جون کے پہلے (بقیہ نمبر 36)

قومی ادارہ صحت نے نیپاہ وائرس کی ٹیسٹنگ کٹس حاصل کر لیں

مشتبہ نیپاہ مریضوں کے نمونے تصدیق کیلئے قومی ادارہ صحت بھجوائے جائیں گے، حکام

اسلام آباد (این این آئی) قومی ادارہ صحت نے نیپاہ وائرس کی 100 ٹیسٹنگ کٹس حاصل کر لیں۔ نیپاہ وائرس سے متعلق سیکرٹری صحت حامد یعقوب کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں بتایا گیا کہ قومی ادارہ صحت نے نیپاہ وائرس کی 100 ٹیسٹنگ کٹس حاصل کر لی ہیں، (بقیہ نمبر 37)

انوپزیشن جماعتیں غزہ فوج بھیجنے کے حکومتی فیصلہ کی کھل کر مخالفت کریں، حافظ نعیم الرحمن

پنجاب کے اضلاع میں احتجاج روکنے کے لیے ریڈ زون کے قیام کا بل ایک اور غیر جمہوری تماشہ ہے

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ اپوزیشن جماعتیں حکومت کے غزہ فوج بھیجنے کے فیصلہ کی کھل کر مخالفت کریں، ٹرمپ سے امیدیں وابستہ اور اس کی تابعداری طاغوت کی پرستش کے مترادف ہے، وزیر اعظم نے دنیا کا امن تباہ کرنے والے امریکی صدر کو نوبل انعام کے لیے نامزد کر کے قوم کے وقار کو مجروح کیا۔ منصورہ میں جمعرات کو مرکزی تربیت گاہ کے شرکاء سے خطاب (بقیہ نمبر 19)

لاہور، ریڈی ٹو کک فروزن میٹ تیار کرنیوالا یونٹ بند، 1500 کلو گوشت تلف

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے مضر صحت ریڈی ٹو کک فروزن میٹ کی فروخت کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ٹاؤن شپ میں واقع ایک میٹ پروسیسنگ یونٹ کو بند کر دیا، کارروائی کے دوران 1500 کلو ناقص فروزن میٹ تلف جبکہ یونٹ پر ایک لاکھ (بقیہ نمبر 21)

لاہور ہائیکورٹ کی ساہیوال سے لاپتہ لڑکی کی بازیابی کیلئے 9 فروری تک مہلت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ساہیوال سے لاپتہ ہونے والی لڑکی کی بازیابی کیلئے دائر درخواست پر سماعت کرتے ہوئے پولیس کو 9 فروری تک لڑکی کو بازیاب کرانے کی مہلت دے دی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے نادر علی کی درخواست پر سماعت کی، دوران سماعت عدالتی حکم پر آر پی او ساہیوال ایاز سلیم عدالت پیش ہوئے اور بیان دیا (بقیہ نمبر 25)

جعلی دعوؤں اور جعلی گواہوں کی روک تھام کے لیے نادرا بائیومیٹرک نظام نافذ

لاہور (این این آئی) عدالتوں میں جعلی دعوؤں اور جعلی گواہوں کی روک تھام کے لیے اہم اقدامات کرتے ہوئے نادرا کے بائیومیٹرک سسٹم کے تحت شناخت کی تصدیق کا عمل شروع کر دیا گیا۔ اس نظام کے تحت کیسز میں شناختی تصدیقی سلپ لگانا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ ذرائع (بقیہ نمبر 26)

افغان شہری کی پاکستانی خاندان میں شمولیت، عدالت نادرا حکام پر برہم

عدالت عالیہ کا نادرا کو 10 روز میں پوری فیملی قانونی دستاویزات کا جائزہ لینے کا حکم

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ کے آئینی بینچ نے فیملی ٹری میں غیر متعلقہ شخص کو شامل کرنے کے خلاف درخواست پر سماعت کے دوران نادرا حکام پر سخت برہمی کا اظہار کیا ہے۔ جمعرات کو سندھ ہائیکورٹ کے آئینی بینچ میں نادرا کی جانب سے فیملی ٹری میں غیر متعلقہ شخص کو شامل کرنے کیخلاف درخواست کی سماعت ہوئی۔ عدالت نے نادرا حکام پر برہمی کا اظہار کرتے (بقیہ نمبر 20)

لاہور: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن منصورہ میں مرکزی تربیت گاہ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں۔

افغان شہری کو پاکستانی خاندان میں کیسے شامل کر دیا؟ عدالت نادرا حکام پر برہم

پیسے لے کر ہر فیملی میں پتہ نہیں کتنے بندے شامل کر دیے ہوں گے، جسٹس ذوالفقار علی کے ریمارکس

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ کے آئینی بینچ نے فیملی ٹری میں غیر متعلقہ شخص کو شامل کرنے کے خلاف درخواست پر سماعت کے دوران نادرا حکام پر سخت برہمی کا اظہار کیا ہے۔ جمعرات کو عدالت میں درخواست پر سماعت کے دوران درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ افغان شہری کو درخواست گزار کی فیملی ٹری میں شامل کر لیا گیا ہے، اب درخواست گزار کی پوری فیملی کے قومی شناختی کارڈ بلاک کر دیے گئے ہیں جس پر جسٹس عدنان الکریم میمن نے (بقیہ نمبر 27)

امریکی قونصل جنرل سٹیسن سینڈرز کی جنوبی پنجاب سیکریٹریٹ آمد

ایڈیشنل چیف سکریٹری جنوبی پنجاب فواد ہاشم ربانی سے ملاقات، مختلف انتظامی اور دوطرفہ امور پر تبادلہ خیال

ملتان (نمائندہ خصوصی) امریکی قونصل جنرل سٹیسن سینڈرز کی جنوبی پنجاب سیکریٹریٹ آمد، ایڈیشنل چیف سکریٹری جنوبی پنجاب فواد ہاشم ربانی سے ملاقات کی جس میں مختلف انتظامی اور دوطرفہ امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایڈیشنل چیف سکریٹری جنوبی پنجاب فواد ہاشم ربانی نے جنوبی پنجاب سیکریٹریٹ کی نئی عمارت میں غیر ملکی مہمانوں کا استقبال کیا۔ ملاقات کے دوران ایڈیشنل چیف سکریٹری نے امریکی حکومت کے (بقیہ نمبر 28)

بانی کی بیماری کو کیوں چھپایا گیا؟ فیملی کو کیوں آگاہ نہیں کیا گیا؟ سہیل آفریدی

بانی کے ذاتی معالج کو اعتماد میں کیوں نہیں لیا گیا، ہفتے سے لے کر آج تک بانی پی ٹی آئی کی بیماری کو چھپانے کے کیا مقاصد تھے، وزیر اعلیٰ

راولپنڈی (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختون خوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی بیماری کو کیوں چھپایا گیا، ان کی صحت سے متعلق ان کی فیملی کو کیوں آگاہ نہیں کیا گیا؟ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میرے لیڈر کو ہفتے کی رات جیل سے ہسپتال منتقل کیا گیا تھا، سوال یہ ہے کہ بانی کی صحت کی حالت یہاں تک کیوں پہنچی کہ انہیں ہسپتال لے جانا پڑا؟ سہیل آفریدی نے کہا کہ بانی کے ذاتی معالج کو اعتماد میں کیوں نہیں لیا گیا۔

لاہور: پاکستان پیپلز پارٹی لاہور کے صدر فیصل میر داتا دربار سانحہ کی جگہ کے قریب میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

جلال آباد: مکان کی چھت گرنے سے ایک ہی خاندان کے 7 افراد ہلاک، ایک زخمی

ترجمان کے مطابق ماں اپنے چھ بچوں سمیت جاں بحق جبکہ والد شدید زخمی ہو گیا تھا۔ یہ واقعہ ممکنہ طور پر بارش کے نتیجے میں رونما ہوا ہے

کوہاٹ (این این آئی) پاک افغان سرحد سے متصل افغان صوبہ ننگرہار کے مرکزی شہر جلال آباد میں مکان کی چھت گرنے سے ملبہ تلے آ کر ایک ہی خاندان کے 7 افراد لقمہ اجل بن گئے جبکہ ایک زخمی ہو گیا۔ جاں بحق ہونے والوں میں ماں اور اس کے چھ بچے شامل ہیں۔ یہ افسوس ناک واقعہ گزشتہ نصف شب ضلع یاد کے مرکزی شہر جلال آباد کے علاقہ غو چکو میں پیش آیا۔ جہاں ایک مکان کی چھت گرنے سے ملبہ تلے ایک ہی خاندان کے تمام افراد دب گئے۔

پنجاب پولیس رحیم یار خان کا کچہ کریمنلز کیخلاف آپریشن جاری

بدنام زمانہ ڈاکو عبدالستار لولائی 4 ساتھیوں سمیت ہتھیار ڈالنے پر مجبور

لاہور/ رحیم یار خان (این این آئی) پنجاب پولیس رحیم یار خان کا کچہ کریمنلز کے خلاف بھرپور آپریشن جاری ہے جس کے دوران ڈاکوں کے ہتھیار ڈالنے کا سلسلہ جاری ہے۔ پولیس آپریشن کے نتیجے میں بدنام زمانہ ڈاکو عبدالستار لولائی نے اپنے 4 ساتھیوں سمیت پنجاب پولیس کے سامنے سرنڈر کر دیا۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ سرنڈر کرنے والے ڈاکو عبدالستار لولائی پر حکومتِ پنجاب کی جانب سے 25 لاکھ روپے انعام مقرر تھا۔ عبدالستار لولائی اور اس کے دیگر ساتھیوں پر اغوا برائے تاوان اور دیگر سنگین جرائم کے متعدد مقدمات درج ہیں۔ ڈی پی او رحیم یار خان عرفان علی سموں نے کہا ہے کہ سرنڈر کرنے والے ڈاکوں کے ساتھ قانون کے مطابق سلوک کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب پولیس کی کچہ کریمنلز کے خلاف کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی

ٹاسک فورس اجلاس، تمام اضلاع میں ہونے والی قومی پولیو مہم کی تیاریوں کا جائزہ

پشاور (این این آئی) پولیو کے خاتمے سے متعلق صوبائی ٹاسک فورس کا اجلاس وزیر صحت خیبر پختونخوا خلیق الرحمٰن اور چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا اشہاب علی شاہ کی مشترکہ صدارت میں جمعرات کے روز چیف سیکرٹری آفس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ٹاسک فورس کے اراکین، محکمہ صحت، قومی اور صوبائی ایمرجنسی آپریشن سینٹر اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے حکام اور عالمی شراکت دار اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔

لاہور بیکریٹری انڈسٹریز بانوی سمت اینڈ کامرس پنجاب محمد عمر مسعود کو لاہور چیمبر آمد کے موقع پر صدر فہیم الرحمن سہگل دیگر کے ہمراہ امیدواری شیلڈ پیش کر رہے ہیں۔

دھاتی ڈور و غیر قانونی پتنگ بازی کے خلاف پنجاب پولیس کی زیرو ٹالرنس پالیسی

اینٹی کائٹ فلائنگ ایکٹ کی خلاف ورزی پر 2621 ملزمان گرفتار، لاکھوں پتنگیں و ڈور برآمد

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس دھاتی ڈور اور غیر قانونی پتنگ بازی کے خلاف لاہور سمیت صوبہ بھر میں اینٹی کائٹ فلائنگ ایکٹ کی خلاف ورزی پر زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت بھرپور اور موثر کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات بتاتے ہوئے بتایا کہ رواں سال اب تک لاہور سمیت صوبہ بھر میں انسدادِ پتنگ بازی ایکٹ کی خلاف ورزی پر 2621 ملزمان کو گرفتار کیا گیا جبکہ 2550 مقدمات درج کیے گئے۔ کارروائیوں کے دوران 1 لاکھ 86 ہزار 944 پتنگیں اور 4184 ڈور چرخیاں برآمد کی گئیں۔ صوبائی دارالحکومت لاہور میں کریک ڈاؤن کے دوران 1181 ملزمان کو گرفتار کر کے مقدمات درج کیے گئے جبکہ 53 ہزار سے زائد پتنگیں اور 1073 ڈور چرخیاں برآمد کی گئیں۔

اسلام آباد سے آئی ایم ای آئی چیلنج کرنیوالا نیٹ ورک بے نقاب، 16 ملزمان گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے مختلف کارروائیوں میں چند منٹ میں موبائل فون کی شناخت مٹانیوالا آئی ایم ای آئی چیلنجنگ نیٹ ورک بے نقاب کرتے ہوئے ماسٹر مائنڈ سمیت 16 ملزمان گرفتار کر لئے۔ پولیس کے مطابق آئی ایم ای آئی چیلنج کرنے والا یہ ریکٹ پنجاب بھر میں پھیلا ہوا تھا، جسے توڑ دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان اسلام آباد کے پوش علاقے میں بیٹھ کر غیر قانونی سرگرمیاں چلا رہے تھے۔

عمران خان کے معاملے میں کسی بھی غفلت یا تاخیر کو برداشت نہیں کیا جائے گا، محمود اچکزئی

عمران خان کی صحت بارے کسی بھی نقصان کی ذمہ داری تحویل میں رکھنے والوں پر ہوگی، سربراہ تحریک تحفظ آئین پاکستان

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف اور سربراہ اپوزیشن اتحاد تحریک تحفظ آئین پاکستان محمود خان اچکزئی اور سینیٹ میں قائد حزب اختلاف علامہ راجہ ناصر عباس نے عمران خان کی صحت بارے خبروں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سخت ردعمل دیا ہے۔ جاری بیان میں محمود اچکزئی نے کہا کہ عمران خان کو فیملی اور ذاتی معالجین کے علم کے بغیر ہسپتال منتقل کرنا مجرمانہ غفلت ہے۔

محنت کش مزدوروں کو درپیش مسائل کے حوالے سے کھلی کچہری کا انعقاد

قابلیت کی بنیاد پر ہر سال پانچ مزدوروں کے بچوں کو بین الاقوامی تعلیمی وظائف فراہم کیے جائیں گے، سیکرٹری محکمہ محنت

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے گڈ گورننس اور اوپن ڈور پالیسی کے تحت محنت کش مزدوروں کو درپیش مسائل کے فوری حل اور شکایات کے ازالہ کے لیے محکمہ محنت خیبر پختونخوا کے زیر اہتمام پشاور میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری کی صدارت سیکرٹری محکمہ محنت و چیئرمین ورکرز ویلفیئر بورڈ کیپٹن (ر) میاں عادل اقبال نے کی۔ اس موقع پر سیکرٹری ورکرز ویلفیئر بورڈ شیر عالم خان، وائس کمشنر ای ایس ایس آئی وسیم احمد، ڈائریکٹر لیبر طارق خان، ڈائریکٹر ورکس آصف مجید، ڈائریکٹر میڈیکل ڈپٹی ڈائریکٹر ورکس سمیت محکمہ محنت اور ورکرز ویلفیئر بورڈ کے دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ کھلی کچہری میں صنعتی مزدوروں بالخصوص خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور اپنے مسائل براہِ راست انتظامیہ کے سامنے پیش کیے، جن کے فوری حل کے لیے موقع پر ہی ہدایات جاری کی گئیں۔

جنوبی وزیرستان اپر میں سرکاری چوکی پر حملہ، 2 مزدور زخمی، 4 کو اغوا کر لیا گیا

وانا (این این آئی) جنوبی وزیرستان اپر میں سرکاری چوکی پر حملے میں 2 مزدور زخمی جبکہ 4 کو اغوا کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق نامعلوم مسلح افراد نے سرکاری چوکی پر حملہ کیا، سرکاری چوکی ابھی تعمیر کے مراحل میں تھی۔ پولیس کے مطابق حملہ میں 2 مزدور زخمی ہو گئے جبکہ 4 کو اغوا کر لیا گیا، زخمی مزدوروں کو قریبی طبی مرکز منتقل کر دیا گیا، جہاں ان کی حالت خطرہ سے باہر ہے۔ پولیس کے مطابق مغوی مزدوروں کی بازیابی کے لیے پولیس اور سیکورٹی اداروں نے سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے

ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی قیمت میں اضافے کا امکان

نیپرا نے سی پی پی اے کی فی یونٹ 48 پیسے اضافے کی درخواست پر سماعت مکمل کر لی

اسلام آباد (این این آئی) ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی قیمت میں 48 پیسے اضافے کی درخواست پر نیپرا نے سماعت مکمل کر لی، صنعتی صارفین نے طویل المدتی 3 سالہ پیکیج کا ناکافی قرار دیتے ہوئے کراس سبسڈی کے خاتمے کا مطالبہ کر دیا۔ جمعرات کو دوران سماعت سی پی پی اے نے بتایا گزشتہ سال کی نسبت بجلی کی کھپت میں بائیس فیصد اضافہ ہوا۔ گزشتہ دسمبر میں انڈسٹری نے دو ارب یونٹ بجلی استعمال کی۔ سولر کی وجہ سے بجلی کھپت میں کمی ہو رہی ہے۔ صنعتی صارفین نے حکومتی ریلیف پیکیج کو ادھورا قرار دیتے ہوئے کہا کہ 13 سینٹ بجلی کا ریٹ ہے۔ پیکیج سے زیادہ فرق نہیں پڑا۔ ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ میں اضافے کا اطلاق کے ای صارفین پر بھی ہوگا۔ صنعت کراس سبسڈی بھی دے رہی ہے۔ تین روپے 23 پیسے گردشی چارج کا سود بھی ادا کر رہے ہیں۔

کراچی کے شہریوں کی زندگی چیلنجز سے دوچار ہے، سعید احمد بیگ

کراچی (این این آئی) پاک امن ویلفیئر ایسوسی ایشن کے چیئرمین سعید احمد بیگ نے کہا ہے کہ کراچی ایک ایسا شہر ہے جو ہر شعبہ زندگی میں اپنی اہمیت رکھتا ہے، مگر موجودہ حالات نے یہاں کے شہریوں کی زندگیوں کو کئی طرح کے چیلنجز سے دوچار کر دیا ہے۔ بڑھتی ہوئی مہنگائی، بنیادی سہولیات کی کمی، ٹریفک کے مسائل، غیر مستحکم ماحولیاتی حالات اور انسانی زندگی کی حفاظت کے لیے درکار بنیادی ڈھانچے کی کمی شہریوں کے لیے مشکلات پیدا کر رہی ہیں۔

لاہور: آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اور دیگر سینئر افسران، 2017 سے قبل کے پولیس شہداء کے اہلخانہ کو گھروں کی تعمیر کے لئے چیک دے رہے ہیں۔

خیبر پختونخوا کوہستان کرپشن سکینڈل کے 10 ملزمان نے سرنڈر کر دیا

ملزمان بے نامی دار، 23 کروڑ 77 لاکھ 78 ہزار 600 روپے کے اثاثے واپس کرنا چاہتے ہیں، ڈپٹی پراسیکیوٹر نیب

پشاور (این این آئی) کوہستان مالیاتی سکینڈل کے 10 ملزمان نے خود کو سرنڈر کر دیا، کروڑوں روپے مالیت کے اثاثوں سے دستبرداری کی درخواست احتساب عدالت میں جمع کرا دی۔ جمعرات کو احتساب عدالت کے انتظامی جج محمد ظفر خان نے کوہستان مالیاتی اسکینڈل کیس کی سماعت کی اور اس موقع پر نیب کے ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل محمد علی، پراسیکیوٹر مانک شاہ اور نیب کے انویسٹی گیشن افسر محمد عنایت اللہ بھی پیش ہوئے۔

زلمی فاؤنڈیشن نے وادی تیراہ کے بے گھر افراد کیلئے 2 کروڑ روپے کے عطیے کا اعلان کر دیا

پشاور (این این آئی) پشاور زلمی فاؤنڈیشن نے وادی تیراہ سے تعلق رکھنے والے بے گھر افراد کی مدد کیلئے 2 کروڑ روپے کے عطیے کا اعلان کر دیا، اقدام کا مقصد موجودہ مشکل حالات میں متاثرہ خاندانوں کو فوری ریلیف اور سہولت فراہم کرنا ہے۔ پشاور زلمی، زلمی فاؤنڈیشن اور اس کے چیئرمین جاوید آفریدی ہمیشہ خیبر پختونخوا کے عوام کے ساتھ ہر مشکل وقت میں اور ہر موڑ پر کھڑے رہے ہیں۔

کراچی میں نجی اسکول کی وین میں آگ بھڑک اٹھی، 5 بچے جھلس گئے

اسکول وین میں آگ بھڑک اٹھنے سے شاہ فیصل کالونی پل پر ٹریفک کی روانی بھی متاثر ہو گئی

کراچی (این این آئی) شاہ فیصل کالونی پل پر نجی اسکول کی وین میں آگ لگنے سے اسکول وین میں سوار 5 بچے جھلس کر زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق جھلس کر زخمی ہونے والے بچوں کو فوری طور پر قریبی اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ اسکول وین میں آتشزدگی کے دوران اسکول وین کے بیگس، لنچ باکس اور پانی کی بوتلیں بھی جل گئیں۔ آتشزدگی کے دوران اسکول وین مکمل جل گئی جبکہ اس کا ڈرائیور موقع پر سے فرار ہو گیا، پولیس حکام کے مطابق اسکول وین میں سوار تمام بچے محفوظ ہیں۔ اسکول وین میں آگ لگتے ہی شاہ فیصل پل سے گزرنے والے شہری رک گئے جبکہ پولیس بھی موقع پر پہنچ گئی اور شہریوں نے اسکول وین میں سوار بچوں کو وین سے باہر نکلنے میں مدد فراہم کی۔ اسکول وین میں آگ بھڑک اٹھنے سے شاہ فیصل کالونی پل پر ٹریفک کی روانی بھی متاثر ہو گئی۔

کراچی: سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن سانحہ گل پلازہ سے متعلق اجلاس کے بعد ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان اور کمشنر کراچی حسن نقوی کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

کوہاٹ، فائرنگ واقعات میں جنرل کونسلر سمیت 2 افراد جاں بحق، ایک زخمی

کوہاٹ (این این آئی) کوہاٹ کے قبائلی سب ڈویژن درہ آدم خیل اور تحصیل گمبٹ کے علاقہ بلی ٹنگ میں فائرنگ کے واقعات میں ایک جنرل کونسلر سمیت 2 افراد کی جانیں چلی گئیں جبکہ ایک زخمی ہو گیا۔ ریسکیو 1122 کے مطابق قبائلی سب ڈویژن درہ آدم خیل کے علاقہ تور چھپر میں فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص موقع پر جاں بحق جبکہ ایک شدید زخمی ہو گیا جنہیں مقامی لوگوں نے اپنی مدد آپ کے تحت سول ہسپتال شینی کلی میں پہنچا دیا

نوجوانوں کو ڈگری سے زیادہ ہنر کی ضرورت ہے، ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی

حکومت پاکستان نوجوانوں کو ڈیجیٹل بااختیار بنانے کے لیے لیپ ٹاپ اسکیم جیسے منصوبے جاری رکھے گی، وفاقی وزیر برائے تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے چیئرمین و وفاقی وزیر برائے تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے این ای ڈی یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی میں منعقدہ وزیر اعظم لیپ ٹاپ اسکیم فیز IV کی ریجنل تقسیم اسناد و لیپ ٹاپ کی تقریب سے بحیثیت مہمانِ خصوصی شرکت کی، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ آج کا دور محض روایتی تعلیم کا نہیں بلکہ جدید ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل مہارتوں کا ہے۔

ایس ایس پی آپریشنز کا تمام تھانہ جات کے ایس ایچ اوز کیساتھ اہم اجلاس

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے تمام تھانہ جات کے ایس ایچ اوز کے ساتھ اہم اجلاس کا انعقاد کرنے سمیت بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ڈی آئی بی ٹیم اور ناکہ فیض آباد پر تعینات افسران کو تعریفی اسناد سے نوازا جبکہ ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن کر حل کیلئے افسران کو مارک شدہ درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں قانونی کارروائی کر کے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایات جاری کیں۔

بانی چیئرمین کی ہسپتال منتقلی، فیملی اور وکلا کو جان بوجھ کر لاعلم رکھا گیا، شفیع جان

وفاقی وزیر عطا تارڑ کے اعتراف نے وفاقی حکومت کے جھوٹ کو بے نقاب کر دیا ہے، مشیر اطلاعات

پشاور (این این آئی) مشیر برائے اطلاعات و تعلقات عامہ خیبر پختونخوا شفیع جان نے کہا ہے کہ بانی چیئرمین کو خفیہ طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا، جبکہ وفاقی وزیر عطا تارڑ کے اعتراف نے وفاقی حکومت کے جھوٹ کو بے نقاب کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی چیئرمین کی صحت سے متعلق سنگین خدشات کے باوجود ان کے ذاتی معالج تک رسائی روکی جا رہی ہے، جو کھلی انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ شفیع جان کے مطابق بانی چیئرمین کو ہسپتال تو منتقل کیا گیا مگر فیملی اور وکلا کو جان بوجھ کر لاعلم رکھا گیا، جو مجرمانہ غفلت کے زمرے میں آتا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر وفاقی حکومت نے فوری طور پر بانی چیئرمین کے ذاتی معالج کو رسائی نہ دی تو پارٹی سخت لائحہ عمل اختیار کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت نے آئین، قانون اور عدالتی احکامات کو ہوا میں اڑا دیا ہے

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے بل اینڈ میلا نڈا گیٹس فاؤنڈیشن کا وفد گلوبل صدر ڈاکٹر کرسٹوفر الیز وزیر اعلیٰ ہاؤس میں ملاقات کر رہے ہیں۔

سیاست صرف انتخابات جیتنے نہیں، عوام کے دل جیتنے کا نام ہے، نیلوفر بابر

عمران خان کے نام پر ووٹ لینے والے سیاسی آداب اور طور طریقے سیکھ کر کسی دوسری جماعت یا سیاسی رہنما پر الزامات لگائیں

پشاور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی خواتین ونگ کی سینئر نائب صدر اور رکن صوبائی اسمبلی نیلوفر بابر نے کہا ہے کہ سیاست صرف انتخابات جیتنے کا نام نہیں بلکہ عوام کے دل جیتنے کا نام ہے۔ انہوں نے عمران خان کے نام پر ووٹ لینے والوں کو مشورہ دیا کہ وہ سیاسی آداب اور طور طریقے سیکھیں اور اس کے بعد کسی دوسری جماعت یا سیاسی رہنما پر الزامات لگائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا کے عوام کو گزشتہ 13 برسوں سے حکومت کرنے والوں نے کرپشن کے سوا کچھ نہیں دیا اور عوام کو مسلسل دھوکے میں رکھا جا رہا ہے۔ نیلوفر بابر نے کہا کہ اگر کوئی کرپشن کی مثالیں دیکھنا چاہتا ہے تو وہ خیبر پختونخوا آ جائے، جہاں قدم قدم پر کرپشن کے اسکینڈلز نظر آئیں گے، جبکہ عوام کے مسائل کی جانب کوئی توجہ نہیں دی جا رہی۔

لاہور میں خاتون کو شادی کا جھانسہ دیکر زیادتی کا افسوسناک واقعہ، ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) مانگا منڈی کے علاقے میں شادی کے وعدے پر ایک خاتون کے ساتھ طویل عرصے تک استحصال، خاتون کو حاملہ کرنے کے بعد شادی سے انکار اور شادی کے مطالبے پر قتل کی دھمکیاں دینے کے سنگین واقعے پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر چیئرپرسن پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ نے متاثرہ خاتون کے گھر جا کر خاتون سے اور اس کے اہلِ خانہ سے ملاقات کی۔

عدالتوں کی کوئی حیثیت باقی نہیں رہی، عوام ظلم و فسطائیت کیخلاف کھڑے ہوں، اسد قیصر

اسد قیصر کا بانی پی ٹی آئی کی صحت بارے اطلاعات پر تشویش کا اظہار، خاندان، پارٹی قیادت سے ملاقات کرانے کا مطالبہ

صوابی (این این آئی) پی ٹی آئی کے رہنما سیکرٹری جنرل تحریک تحفظ آئین پاکستان اور سابق سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے اخباری اطلاعات پر بانی پی ٹی آئی عمران خان کی صحت کے بارے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بانی کے ساتھ ان کے خاندان اور سیاسی قیادت کو ملاقات کی اجازت دی جائے، ایک قومی اخبار میں عمران خان کی صحت کے حوالے سے خبر شائع ہوئی ہے کہ انہیں علاج کیلئے پمز ہسپتال اسلام آباد لے جایا گیا تھا۔

پاکستان ایڈمنسٹریٹر سروسز کورس کے مڈ کیریئر سروس کے وفد کی پنجاب ریونیو اتھارٹی آمد

لاہور (این این آئی) پاکستان ایڈمنسٹریٹر سروسز کے مڈ کیریئر سروس کورس کے وفد نے پنجاب ریونیو اتھارٹی ہیڈ کوارٹر کا دورہ کیا۔ چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا نے محکمانہ امور اور کارکردگی بارے بریفنگ دی۔ چیئرمین پی آر نے پنجاب سیلز ٹیکس آن سروسز کے تکنیکی پہلو اور قوانین بارے آگاہ کیا۔ چیئرمین پی آر اے کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت کا محصولات اکٹھا کرنیوالا سب سے بڑا ادارہ ہے۔

لاہور کے تمام ماحولیاتی پولیو نمونے منفی قرار، وزیر صحت کی محکمے کو شاباش

یہ پیشرفت پولیو کے مکمل خاتمے کی جانب ایک مضبوط اور فیصلہ کن قدم ہے، خواجہ عمران نذیر

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت و آبادی خواجہ عمران نذیر نے لاہور سے حاصل تمام ماحولیاتی پولیو نمونے منفی قرار پانے پر محکمے کو شاباش دی اور کہا کہ ضلع لاہور سے حاصل کیے گئے تمام 6 ماحولیاتی پولیو نمونے منفی قرار پانا خوش آئند امر ہے۔ انہوں نے کہا کہ نمونہ جات امنفی قرار پانا ایک حوصلہ افزا پیش رفت ہے۔ یہ کامیابی محکمہ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی لاہور، فرنٹ لائن پولیو ورکرز اور شراکت دار اداروں کی انتھک محنت، مربوط حکمت عملی اور مسلسل نگرانی کا نتیجہ ہے۔ صوبائی وزیر خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے صحت ویژن کے تحت یہ پیش رفت پولیو کے مکمل خاتمے کی جانب ایک مضبوط اور فیصلہ کن قدم ہے۔ ہم پولیو کے آخری کیس کے خاتمے تک پوری قوت، عزم اور تسلسل کے ساتھ اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔

پی ایچ اے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کا مشن شروع

لاہور (این این آئی) سیکرٹری ہاؤسنگ پنجاب نورالامین مینگل نے پنجاب ہارٹیکلچر اتھارٹی (پی ایچ اے) کے دفتر کا دورہ کیا، سیکرٹری ہاؤسنگ نے محکمہ جاتی امور، ادارہ جاتی توسیع اور جاری اصلاحاتی اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈی جی پی ایچ اے مرزا ولید بیگ نے ادارے کی کارکردگی، جاری منصوبوں اور مستقبل کے اہداف پر جامع بریفنگ دی۔

شاہراہوں کے رائٹ آف وے سے تجاوزات کے خاتمے کے لیے آپریشن شروع

شاہراہوں کے رائٹ آف وے پر موجود تجاوزات کو ختم کیا جائے، صوبائی وزیر ملک صہیب احمد بھرتھ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ نے محکمہ ہائی وے کو ہدایت جاری کی ہے کہ شاہراہوں کے رائٹ آف وے پر موجود تجاوزات کو فوری طور پر ختم کیا جائے۔ صوبائی وزیر نے واضح کیا کہ ناجائز اور غیر قانونی طور پر قائم تمام سٹرکچرز کو مسمار کیا جائے اور اس عمل میں کسی قسم کی رعایت نہ برتی جائے۔ ملک صہیب احمد بھرتھ نے ہدایت کی کہ جن شاہراہوں پر تعمیراتی کام جاری ہے۔ انہیں تجاوزات کے خاتمے میں پہلی ترجیح دی جائے تاکہ ترقیاتی منصوبوں کی رفتار متاثر نہ ہو۔ صوبائی وزیر کی ہدایت پر محکمہ ہائی وے نے تجاوزات کے خلاف آپریشن شروع کر دیا ہے۔ صوبائی وزیر ملک صہیب احمد بھرتھ نے کہا کہ شاہراہوں کے رائٹ آف وے پر کسی کو تجاوز نہیں کرنے دیا جائے گا۔ صوبہ بھر کی عوام کو بہترین سفری سہولیات فراہم کرنے کے عزم پر حکومت گامزن ہے۔

کراچی: صوبائی محتسب سندھ اور ٹرانسپرنسی انٹرنیشنل کے اشتراک سے ایک روزہ ہائی لیول ورکشاپ ہو رہا ہے۔

رسمی تعلیم کے ساتھ ساتھ دینی تعلیم کا اہتمام قابل تعریف اقدام ہے، خواجہ عمران نذیر

دین اور دنیا دونوں کو ساتھ لے کر چلنا آج کے وقت کی ضرورت ہے، صوبائی وزیر صحت و آبادی

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت و آبادی خواجہ عمران نذیر نے مقامی سکول کی سالانہ تقسیم انعامات و دستار بندی حفاظ کرام کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ صوبائی وزیر صحت و آبادی خواجہ عمران نذیر نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ رسمی تعلیم کے ساتھ ساتھ دینی تعلیم کا اہتمام قابل تعریف اقدام ہے، رسمی تعلیم جہاں بچوں کو جدید علوم سے آگاہی فراہم کرتی ہے وہیں دینی تعلیم بچوں کی تربیت کا اہتمام کرتی ہے۔

بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں آئندہ 24 سے 48 گھنٹوں کے دوران وقفے وقفے سے بارش متوقع

این ڈی ایم اے کے نیشنل ایمرجنسیز آپریشن سینٹر نے گلگت بلتستان، آزاد کشمیر اور بلوچستان میں ممکنہ بارش اور برفباری کا الرٹ

اسلام آباد (این این آئی) این ڈی ایم اے کے نیشنل ایمرجنسیز آپریشن سینٹر نے گلگت بلتستان، آزاد کشمیر اور بلوچستان میں ممکنہ بارش اور برفباری کا الرٹ جاری کر دیا ہے جس کے مطابق بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں آئندہ 24 سے 48 گھنٹوں کے دوران وقفے وقفے سے بارش متوقع ہے، ژوب، قلعہ سیف اللہ، زیارت، پشین، کوئٹہ اور گردونواح میں بارش کا امکان ہے۔ حکام کے مطابق گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں بارش اور پہاڑی علاقوں میں برفباری متوقع ہے، اسکردو، ہنزہ، غذر، استور، دیامر اور شگر میں بارش و برفباری کا امکان ہے۔ حکام کے مطابق برفباری کے دوران پہاڑی علاقوں میں سڑکوں پر پھسلن ٹریفک کی روانی متاثر کر سکتی ہے، پہاڑی علاقوں میں سفر کے دوران محتاط رہیں اور حفاظتی تدابیر اپنائیں۔

لاہور: ڈولفن سکواڈ کے اہلکار پاکستان اور آسٹریلیا کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان ٹی ٹوئنٹی میچ کے موقع پر قذافی اسٹیڈیم کے باہر گشت کر رہے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر ننکانہ کی زیر صدارت پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کا انعقاد

ننکانہ صاحب (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راکھی زیر صدارت پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز ریونیو و جنرل، تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز سمیت تمام پرائس کنٹرول مجسٹریٹس موجود تھے۔ ایڈیشنل کمشنر ریونیو ماہین فاطمہ نے پرائس مجسٹریٹ کی فردا فردا کارکردگی بارے ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دی۔

حکومت بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کیلئے نمایاں کام کر رہی ہے، کامران مائیکل

اسلام آباد/ نیویارک (این این آئی) سابق وفاقی وزیر برائے پورٹ اینڈ شپنگ سینیٹر کامران مائیکل نے کہا ہے کہ حکومت بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کیلئے نمایاں کام کر رہی ہے، امریکا میں مقیم پاکستانی پاکستان کے مثبت کردار کو عالمی سطح پر اجاگر کریں۔ اس موقع پر پاسٹر طارق رحمت، پاسٹر روبن یامین اور ولیم مائیکل نے پاکستان کی تعمیر و ترقی اور خوشحالی کیلئے دعا کی۔ گزشتہ روز سابق وفاقی وزیر برائے اقلیتی امور اکرم مسیح گل نے نیویارک میں اپنی رہائش گاہ پر سابق وفاقی وزیر و سینیٹر کامران مائیکل کے اعزاز میں دیے عشائیہ دیا۔

پشاور چھوڑ کر جا رہا ہوں، غلام احمد بلور کا انتخابی سیاست سے علیحدگی کا اعلان

اسٹیبلشمنٹ نے میری عمر کا بھی لحاظ نہیں کیا، میری جیتی ہوئی سیٹ پر مجھے ہرایا گیا، بزرگ سیاستدان کا شکوہ

پشاور (این این آئی) بزرگ سیاستدان حاجی غلام احمد بلور نے 86 سال کی عمر میں انتخابی سیاست سے علیحدہ ہو گئے۔ بلور ہاؤس میں پریس کانفرنس کے دوران سابق وفاقی وزیر غلام احمد بلور نے کہا کہ اسٹیبلشمنٹ نے میری عمر کا بھی لحاظ نہیں کیا اور میری جیتی ہوئی سیٹ پر مجھے ہرایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اس ملک و قوم کیلئے 55 سال سیاست کی لیکن اسٹیبلشمنٹ کو شاید نہ جکنے اور نہ جھکنے والوں کی ضرورت نہیں ہے۔

سی ایس ایس پی سکیورٹی کا اسلام آباد ہائی کورٹ کا دورہ، انتظامات کا جائزہ لیا

تمام افسران و جوانوں کو مستعدی، نظم و ضبط اور پیشہ ورانہ مہارت کیساتھ فرائض ادا کرنے کے احکامات جاری

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی سکیورٹی کیپٹن ریٹائرڈ سید ذیشان حیدر نے اسلام آباد ہائی کورٹ کا دورہ کر کے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا، تمام افسران و جوانوں کو مستعدی، نظم و ضبط اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ اپنے فرائض ادا کرنے کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (سیکیورٹی) کیپٹن (ر) سید ذیشان حیدر نے اسلام آباد ہائی کورٹ کا تفصیلی دورہ کیا، انہوں نے عدالتی سکیورٹی انتظامات کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایس پی جوڈی

اشاعت خاص

وفاقی و صوبائی محکمے سوئی ناردرن گیس کے 1.34 ارب سے زائد کے مقروض

سوئی ناردرن گیس نے نادہندہ سرکاری اداروں اور محکموں کو گیس بلز کی عدم ادائیگی پر نوٹسز جاری کر دیئے

خصوصی رپورٹ

سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (SNGPL) نے واجبات کی ادائیگی کے لیے درج ذیل پبلک سیکٹر کی تنظیموں/محکموں کو یاددہانی نوٹس جاری کیے ہیں۔ ایس این جی پی ایل ایسی تمام سرکاری تنظیموں اور اداروں کو مطلع کرنا چاہے گا کہ وہ مزید کارروائی سے بچنے کے لیے فوری طور پر واجبات ادا کریں۔ اپریل 2024 کے دوران ان نادہندگان کو حتمی نوٹس بھیجے گئے ہیں۔ صوبہ پنجاب سے وابستہ ٹیچنگ ہسپتال، 338,649,438 روپے/، صوبہ پنجاب سے وابستہ آر ایچ سی/ڈی ایچ کیو/ٹی ایچ کیو ہسپتال 72,578,881 روپے/- پنجاب پولیس، 188,152,966 روپے/- خیبر پختون خواہ پولیس 36,711,285 روپے/- اسلام آباد پولیس 37,076,230 روپے/- صوبہ پنجاب سے وابستہ ڈسٹرکٹ/سنٹرل جیلیں، 363,837,192 صوبہ خیبر پختون خواہ سے وابستہ ڈسٹرکٹ/سنٹرل جیلیں 60,721,840 روپے/- پاک پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ (پی ڈبلیو ڈی)، 102,914,418 روپے/- کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے)، 139,542,755 روپے/- صوبہ پنجاب سے وابستہ ڈپٹی کمشنر/اسسٹنٹ کمشنر کے دفاتر/ پنجاب سے وابستہ سرکٹ ہاؤس کی عمارات 6,643,262 روپے/-

نادہندگان کے نام اور بقایا رقم:

صوبہ پنجاب سے وابستہ ٹیچنگ ہسپتال:

پرنسپل ہیلتھ کیئر دیو، پروجیکٹ (ہاسٹل کچن) بلاک نرسنگ سکول DHQ ہسپتال اٹک، 607,963 روپے/- پرنسپل، پبلک ہیلتھ نرسنگ سکول کامرہ اٹک، 191,242 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، سرجیکل وارڈ ENT وارڈ میڈیکل وارڈ نمبر 1 اور 2 بہاول وکٹوریہ ہسپتال بہاولپور، 25,041,953 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، آپریشن ٹی بہاول وکٹوریہ ہسپتال بہاولپور، 7,932,466 روپے/ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، لانڈری پلانٹ بہاول وکٹوریہ ہسپتال بہاولپور، 5,347,843 روپے/- انچارج کارڈیالوجی اینڈ کارڈیک سرجری بلاک، کارڈیالوجی اینڈ کارڈیک سرجری بلاک B . V ہسپتال بہاولپور، 2,649,847 روپے/- پرنسپل QMC BVH، سول ہسپتال جنگی والا روڈ 410 بستر بہاولپور، 2,484,245 روپے/- پرنسپل کیو ایم سی، چوتھا بوائز ہاسٹل غزالی ہال قائد اعظم میڈیکل کالج بہاولپور، 1,516,451 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ بی وی ایچ بہاولپور، بہاولپور وکٹوریہ ہسپتال بہاولپور میں انسینریٹر پلانٹ، 1,495,145 روپے/- پرنسپل کیو ایم سی، فورتھ بوائز ہاسٹل غزالی ہال قائداعظم میڈیکل کالج بہاولپور، 1,516,451 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ بی وی ایچ بہاولپور، بہاولپور وکٹوریہ ہسپتال بہاولپور میں انسینریٹر پلانٹ، روپے

1,340,389 روپے/- S/M علامہ اقبال ہاسٹل، پرنسپل قائداعظم میڈیکل کالج بہاولپور، 1,151,873 روپے/- پرنسپل قائداعظم، کالج مین کالج بلڈنگ بہاولپور، 1,123,547 روپے/- فیصلہ ہال، قائداعظم میڈیکل کالج بہاولپور، 774,783 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، بہاولپور وکٹوریہ ہسپتال QMC آرتھوپیڈک ہال بہاولپور، 676,815 روپے /- ڈاکٹروں کے لیے ہاسٹل (ڈاکٹرز لاج)، عباس منزل ہاسٹل این آر ڈی سی او ہاؤس کچہری روڈ بہاولپور، 556,591 روپے/- پرنسپل، نرسنگ سکول کے میزبان ایس ایچ زید ہسپتال آر وائی کے، 548,801 روپے/- پرنسپل، قائداعظم میڈیکل کالج ہاسٹل برائے مرد سرجن بہاولپور، 512,602 روپے/- پرنسپل کیو ایم سی، 3 آر ڈی بوائز ہاسٹل بہاولپور، 499,536 روپے/- ایم ای ڈی سپرنٹنڈنٹ، بی وی ہسپتال ایڈمن بلڈ بینک بلاک بہاولپور، 475,544 روپے/- ایم ای ڈی سپرنٹنڈنٹ، بی وی ہسپتال چیسٹ ڈیزیز وارڈ بی وی ہسپتال بہاولپور، 173,040 روپے/- ایم ای ڈی سپرنٹنڈنٹ، بی وی ہسپتال فزیوتھراپی ڈیپارٹمنٹ بہاولپور، 162,549 روپے / پرنسپل، PERA میڈیکل سکول مین بلڈنگ بہاولپور، 159,788 روپے/- الائیڈ ہسپتال پنجاب میڈیکل کالج فیصل آباد کی جانب سے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ الائیڈ ہسپتال، پنجاب میڈیکل کالج، 21,700,168 روپے/- S/M کی جانب سے، مین بلڈنگ گورنمنٹ آئی کم جنرل ہسپتال جھنگ روڈ گوجرہ، 550,667 روپے/- جنرل، نرسنگ سکول ڈی ایچ کیو ہسپتال گوجرہ روڈ جھنگ، 435,593 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، گورنمنٹ جنرل ہسپتال غلام محمد آباد فیصل آباد برائے نرسنگ ہاسٹل، 422,173 روپے/- O/B پر پرنسپل، سکول ہسپتال ٹوبہ ٹیک سنگھ، 326,536 روپے/- پرنسپل نرسنگ سکول، O/B ہاسٹل پر اور میس بنگ سکول آئی کم جنرل ہسپتال جھنگ روڈ گوجرہ، 245,573 روپے/- ایڈمن بلاک آفس O/O ،B، پرنسپل پیرا میڈکس کالج سرینا ہوٹل آر ڈی فیصل آباد، 204,456 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ وزیر آباد انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی، وزیر آباد انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی جی ٹی روڈ بالمقابل نصیر کالونی وزیر آباد، 522,549 روپے/- چیف ایگزیکٹیو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی عزیز بھٹی ہسپتال بھمبر روڈ گجرات کے لیے انسینریٹر، گجرات، 200,838 روپے/- ایم ایس، جنرل ہسپتال فیروز پور روڈ لاہور، 30,302,232 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، سروسز ہسپتال جیل روڈ لاہور، 19,726,697 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سروسز ہسپتال، ریڈیالوجی ڈیپارٹمنٹ بلڈنگ سروسز ہسپتال جیل روڈ لاہور، 17,852,697 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، سرگنگا رام ہسپتال لاہور، 17,844,461 روپے/- میڈیکل ڈائریکٹر چلڈرن ہسپتال فیروز پور روڈ لاہور، 15,470,037 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، نیو او پی ڈی بلاک سروس ہسپتال، لاہور، 12,598,757 روپے/- محترمہ لیڈی ویلنگٹن ہسپتال، راوی روڈ لاہور، 12,208,921 روپے/ محترمہ گورنمنٹ مینٹل ہسپتال، گلبرگ روڈ لاہور، 7,527,971 روپے/- ایم ایس، لیڈی ایچی سن ہسپتال روڈ لاہور، 5,369,794 روپے/- یو سی ایچ (کرسچن ہسپتال) گلبرگ II نزد لبرٹی چوک لاہور، 5,127,393 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، لاہور جنرل ہسپتال فیروز پور روڈ لاہور، 3,847,078 روپے/- ڈپٹی ڈائریکٹر MUHD، نواز شریف ہسپتال یکی گیٹ لاہور، 3,627,235 روپے/- انسٹی ٹیوٹ آف پبلک، ہیلتھ 6، عبدالرحمٰن چغتائی (برڈ ووڈ) روڈ لاہور، 3,113,543 روپے/- ایم ایس، سروسز ہسپتال جیل روڈ لاہور، 2,993,994 روپے/- MS. گورنمنٹ میاں محمد، منشی ہسپتال بند روڈ لاہور، 2,616,803 روپے/- پرنسپل فورٹ روڈ، ڈی، مونٹ مورنسی کالج آف ڈینٹسٹری فورٹ روڈ لاہور، 1,901,660 روپے/- پرنسپل، پنجاب ہیلتھ نرسنگ سکول 5 منٹگمری روڈ لاہور، 1,821,198 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ جنرل ہسپتال، پلانٹ روم، HVAC، سسٹم نزد ہسپتال مسجد ماسٹر پلان فیز 2 لاہور جنرل ہسپتال لاہور، 1,425,066 روپے/- پرنسپل سروس انسٹی ٹیوٹ (پروفیسر ڈاکٹر، فیصل مسعود)، سروس انسٹی ٹیوٹ میڈیکل سائنس (سم) سروس ہسپتال جیل روڈ لاہور، سکول میو ہسپتال لاہور، 723,292 روپے/- دی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ وارڈ لیڈی ویلنگٹن ہسپتال، راوی روڈ لاہور، 707,227 روپے/- پرنسپل، علامہ اقبال میڈیکل کالج فارماکولوجی ڈیپارٹمنٹ برڈ ووڈ روڈ لاہور، 627، 871 روپے/- دی میڈیکل، سپرنٹنڈنٹ گورنمنٹ ہسپتال کوٹ خواجہ سعید لاہور، 435,502 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ماڈرن برن یونٹ نشتر ہسپتال، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ماڈرن برن یونٹ نشتر ہسپتال ملتان، 24,000,814 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، چلڈرن ہسپتال ابدالی روڈ چوک فوارہ ملتان، 8,661,099 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، نشتر میڈیکل کالج لانڈری پلانٹ این ایم سی ملتان، 5,504,283 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ چوہدری اینڈ آئی ایچ ملتان، چلڈرن ہسپتال اور انسٹی ٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ ملتان کا لانڈری پلانٹ، 3,341,986 روپے/- دی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، نشتر ہسپتال کچن ملتان، 1,547,344 روپے/- پرنسپل نشتر میڈیکل، کالج رفیدہ گرلز ہوسٹل نشتر میڈیکل کالج ملتان، 1,358، 098 روپے/- دی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ نشتر ہسپتال بلاک نمبر 8 ٹی، بی وارڈ ملتان، 1,118,938 روپے/- ایم ایس نشتر ہسپتال، پرائیویٹ فیملی وارڈ 0/C سب ڈویژن آفیسر 7th پراونشل بلڈنگ سب ڈویژن ملتان، 1,089,602 روپے/- پرنسپل، نشتر میڈیکل کالج فزیالوجی لیب ملتان، 982,976 روپے/- دی میڈیکل سپرنٹ، نرسز کچن نشتر ہسپتال ملتان، 918,268 روپے/- ایڈمنسٹریٹر، نشتر میڈیکل کالج سی آئی این اے ہال ہاسٹل ملتان، 889,664 روپے/- ایڈمنسٹریٹر، رضی ہال ہاسٹل نشتر میڈیکل کالج ملتان، 755,204 روپے/- ایڈمنسٹریٹر، نشتر میڈیکل کالج طارق ہال 4th ہاسٹل ملتان، 678,035 روپے/- ایڈمنسٹریٹر، نشتر میڈیکل کالج قاسم ہال ہاسٹل ملتان، 628,613 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، نشتر میڈیکل کالج آپریشن تھیٹر ملتان، ملتان، 542,304 روپے/- پروفیسر ڈاکٹر لائق حسین، پرنسپل نشتر کالج بلاک ڈینٹل کالج ملتان، آر ایس۔ 511,509 روپے/- پرنسپل، میڈیکل کالج اسمبلی ہال ملتان، 380,934 روپے//- پرنسپل، نشتر میڈیکل کالج 5واں ہاسٹل علامہ اقبال ہال ملتان، 363,614 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، نشتر ہسپتال وارڈ نمبر 4,6 ملتان، 351,614 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، نشتر ہسپتال بلاک نمبر 5 ملتان، 233,392 روپے/- دی میڈیکل سپیڈ، نشتر ہسپتال وارڈ نمبر 1,3 نشتر ہسپتال ملتان، 283، 392 روپے/- پرنسپل پبلک ہیلتھ، نرسنگ سکول ہاسٹل نشتر ہسپتال ملتان، 226,719 روپے/- پرنسپل کالج آف نرسنگ نشتر ہسپتال ملتان، 225,707 روپے/- پرنسپل، نشتر میڈیکل کالج لائبریری ملتان، 205,613 روپے/- میڈیکل سپرنٹ، نشتر ہسپتال وارڈ نمبر 13,15 ملتان، 190,091 روپے/- دی میڈیکل ہسپتال، نشتر ہسپتال وارڈ نمبر 16,18 ملتان، 176,467 روپے/- ایڈمنسٹریٹر، فارماکولوجی اینڈ پیتھالوجی لیب نشتر میڈیکل کالج ملتان، 110,418 روپے۔/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، راولپنڈی جنرل ہسپتال (بے نظیر ہسپتال) مری روڈ راولپنڈی، 7,301,821 روپے/- RIUT ہسپتال، راولپنڈی انسٹی ٹیوٹ آف یورولوجی اینڈ ٹرانسپلانٹیشن مری روڈ Nr نواز شریف پارک راولپنڈی، 2,499,370 روپے/- پرنسپل سکول آف نرسنگ راولپنڈی جنرل ہسپتال راولپنڈی، 1,488,167 روپے/- وارڈن/ پرنسپل آف ہاسٹل بلڈنگ جنرل نرسنگ سکول بلڈنگ چکوال، 316,383 روپے/- پرنسپل نرسنگ سکول اوکاڑہ، نرسنگ ہاسٹل نزد میڈیکل C L Y، اوکاڑہ میں گیس، 404,970 روپے/- میڈیکل سپرنٹ، ٹیچنگ ہسپتال میانوالی روڈ سرگودھا، 16,264,311 روپے/- پرنسپل، نرسنگ سکول این آر ڈی ایچ کیو ہسپتال میانوالی، 660,325 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، گورنمنٹ ٹیچنگ ہسپتال جی ٹی روڈ شاہدرہ، 1,893,919 روپے/- پرنسپل، پبلک ہیلتھ نرسنگ سکول کمشنر روڈ سیالکوٹ، 520,021 روپے/-

صوبہ پنجاب سے وابستہ آر ایچ سی/ڈی ایچ کیو/ٹی ایچ کیو ہسپتال:

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ T.H. کیو، ہسپتال کلڈانہ روڈ مری، 10,543,296 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (انسٹیٹر کے لیے)، ڈی ایچ کیو ہسپتال قصور، شیخوپورہ (منقطع)، 4,353,582 روپے/- دی میڈیکل، سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ ہسپتال علی پور روڈ مظفر گڑھ۔ s/M 2,926,112 سینئر میڈیکل آفیسر، تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال چنیوٹ، 2,785,738 روپے/- ایم ایس ٹی ایچ کیو ہسپتال ٹیکسلا، 2,546,312 روپے۔/ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، ٹی ایچ کیو ہسپتال قبالہ روڈ عارف والا، 2,326,761 روپے/- چیف ایگزیکٹیو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی عزیز بھٹی ہسپتال بھمبر روڈ گجرات کے لیے انسینریٹر، 2,087,000 روپے/- میڈیکل سپیڈ، وہاڑی، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال وہاڑی، 1,984,300 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال راولپنڈی، 1,566,483 روپے/ ایم ایس ٹی ایچ کیو ہسپتال، کہوٹہ، 1,498,534 روپے/- ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن آفس خوشاب، D.H.Q ہسپتال جوہر آباد، 1,115,917 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ کیو ہسپتال (ایس سی) اوکاڑہ گیس کے لیے انسینریٹر ڈی ایچ کیو ہسپتال اوکاڑہ، 996,922 روپے/- ڈائریکٹر پبلک ہیلتھ، پنجاب EDU III ODS ثابت کرتا ہے Sub, Div BLDG Lahore, روپے/- 986,219/ DHQ S/sM/M ہسپتال، گیس پر ایمرجنسی اینڈ کازلیٹی منڈی آر ڈی اوکاڑہ، 965,483 روپے/-، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، ہسپتال سوئن روڈ مدینہ ٹاؤن فیصل آباد، 912,624 روپے/- گورنمنٹ ٹی بی ہسپتال موہانی روڈ فیکٹری ایریا سرگودھا کی جانب سے S/M میڈیکل سپرنٹ، 872,745 روپے/- ای ڈی او ہیلتھ لاہور، مناواں (رکھ چھمبیل) جی ٹی روڈ لاہور میں 60 بستروں والا تحصیل لیول ہسپتال، 851,560 روپے/- ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال، ہاسٹل نمبر، 3 جہلم، 846,262 روپے/- T.H.QS/M ہسپتال، G.T روڈ کھاریاں گجرات، 834,884 روپے/- میونسپل ای این جی (EDM)، LMC آئی ہسپتال سوامی نگر لاہور، 746,130 روپے/- میسرز ٹی ایچ کیو ہسپتال، مین بلڈنگ گوجر خان، 745,351 روپے/- ایگزیکٹو ڈسٹرکٹ آفیسر ہیلتھ، میاں شہباز شریف 60 بستروں والا ہسپتال بیدیاں روڈ لاہور، 706,770 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال منڈی بہاؤالدین، 685,585 روپے/- S/M میڈیکل سپرد، DHQ ہسپتال برائے ٹراما سینٹر شیخوپورہ، 664,476 روپے/- سینئر میڈیکل آفیسر، رورل ہیلتھ سینٹر (ہیڈنگ) گاؤں دھنکل وزیر آباد، 658,985 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، ٹی ایچ کیو ہسپتال بھلوال، 642,183- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹی ایچ کیو ہسپتال، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹی ایچ کیو ہسپتال شاہ پور صدر، 622,653 روپے/۔ ہسپتال، پی ایچ این ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال جھنگ، 602,656 روپے/- میڈیکل سپورٹ، مین بلڈنگ ڈی ایچ کیو ہسپتال ٹوبہ ٹیک سنگھ، 526,615 روپے/- انچارج میٹرنٹی، ہسپتال چوک فوارہ سرکلر روڈ گجرات، 498,618 روپے/- ایم سی ایچ سنٹر پبلک ہیلتھ، نرسنگ سکول پیرا میڈیکل سکول بہاولپور، 493,741 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، ڈسٹرکٹ گورنمنٹ ٹی بی ہسپتال ڈیرہ گجراں لاہور سرگودھا روڈ شیخوپورہ، 488,729 روپے/-۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، DHQ (IBD) ہسپتال برائے انسینریٹر پلانٹ DHQ ہسپتال اٹک، 487,046/-S/M، یونٹ DHQ ہسپتال گوجرہ روڈ جھنگ، 475,066 روپے/-، ایم ایس ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر، ہسپتال میرپور، 462,889 روپے/- S/M سول ہسپتال، سرکلر روڈ وزیر آباد، 462,523 روپے/-۔ سب ڈویژنل آفیسر، پرووینشل BIDG کانسٹ ہاسٹل بلاک DHDC چکوال، 460,452 روپے/- THQ، ہسپتال O/C میڈیکل سپردٹ جڑانوالہ، 456,653 روپے/-، میڈیکل سپرنٹنڈن O/B گورنمنٹ جنرل ہسپتال (لانڈری کے لیے) غلام محمد آباد فیصل آباد، 449,183 روپے/- ایگزیکٹو انجینئر صوبائی عمارتیں F/B گورنمنٹ پر۔ جنرل ہسپتال سمن آباد فیصل آباد، 433,700 روپے/- ڈاکٹر عباس علی S/O چوہدری محمد اسماعیل F/B(M.S) گورنمنٹ پر۔ جنرل ہسپتال (میڈیکل سپرنٹنڈنٹ) جی ایم آباد فیصل آباد، 426,913 روپے/- ایگزیکٹیو ڈسٹرکٹ آفیسر، ورکس سروس ڈسٹ ہیلتھ کیئر (دیو) جہلم، 425,053 روپے/- پرنسپل پبلک ہیلتھ، نرسنگ سکول این آر ڈی ایچ کیو جام پور روڈ ڈی جی خان، 424,275 روپے/- میڈیکل سپرنٹ، حاجی عبدالقیوم ہسپتال چرچ روڈ ساہیوال، 420,003 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، ڈی ایچ کیو ہسپتال بکھر (انسٹیٹر کے لیے)، 392,344 روپے/- ای ڈی او ہیلتھ لاہور، 60 بستروں والا تحصیل لیول ہسپتال رائے ونڈ لاہور، 380,285 روپے/- میڈیکل سپیڈٹ، کرسچن ہسپتال بلاک، 2 ٹیکسلا، 356,057 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال آؤٹ ڈور بلاک خانیوال (منقطع)، 352,801 روپے/- میڈیکل سپیڈٹ، کرسچن ہسپتال نرسنگ ہوم ٹیکسلا، 338,054 روپے/- ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال، ہاسٹل نمبر، 2 جہلم، 335,365 روپے/- پرنسپل پبلک ہیلتھ، نرسنگ سکول برائے ہاسٹل ڈی ایچ او ہسپتال ساہیوال، 328,934 روپے/- تحصیل ہیڈ کوارٹر، ہسپتال پسرور ڈسکہ۔ 323,990 روپے/- پرنسپل جنرل نرسنگ اینڈ ایم آئی ڈی وائفری سکول ہاسٹل، ڈی ایچ کیو ہسپتال قصور، 312,104 روپے/- سول ہسپتال کھیوڑہ، مین بلڈنگ سول ہسپتال کھیوڑہ، 285,896 روپے/- میونسپل انجینئر، (ای ایم) ٹی بی ہسپتال بلال گنج لاہور، 278,509 روپے/- سول ہسپتال O/C محمد ارشد پرویز کیمپنگ گراؤنڈ لالموسہ 272,160 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، کچن بلاک ڈی ایچ کیو ہسپتال اٹک، 268,202 روپے۔/- میسرز سول، ہسپتال جلال پور جٹاں، 265,487 روپے۔/- ایگزیکٹو انجینئر O/B، DHQ ہسپتال سرگودھا، 262,791 روپے۔/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، O/B لانڈری DHQ ہسپتال ٹوبہ ٹیک سنگھ (DISC)، 262,214 روپے/- ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال، ہاسٹل نمبر، 4 جہلم، 235,726 روپے/- عزیز بھٹی شہید، ہسپتال بھمبر روڈ گجرات، 233,906 روپے/- سینئر میڈیکل آفیسر، رورل ہیلتھ سنٹر کاہنہ نو فیروز پور روڈ لاہور، 233,894 روپے۔/- سینئر میڈیکل آفیسر، رورل ہیلتھ سنٹر ول بہتر واہ، 233,327 روپے۔/- سینئر میڈیکل آفیسر، رورل ہیلتھ سنٹر ول، رنگو تاجک تہ۔ حضرو اٹک، 226,633 روپے/- سینئر میڈیکل آفیسر، رورل ہیلتھ سنٹر کھاریاں والا Skp، 225,186 روپے/- ایم ایس ٹی ہیڈکوارٹر ہسپتال، ایمرجنسی بلاک پنڈ دادن خان، 221,940 روپے/- میڈیکل سپر۔ ڈی ایچ کیو ہسپتال برائے انسینریٹر ننکانہ صاحب (منقطع)، 221,916 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، ڈی ایچ او ہسپتال جنرل ہاسٹل ڈی ایچ او ساہیوال، 216,586 روپے/- کرسچن ہسپتال، بلاک نمبر 10 ٹیکسلا، 210,773 روپے/- رورل ہیلتھ سنٹر ڈنگہ MO/C ستار راجپوت، رورل ہیلتھ سنٹر کولیاں روڈ ڈنگہ، 198,006 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، بالمقابل بلاک (دائیں بازو) ڈی ایچ کیو ہسپتال اٹک، 190,365 روپے۔/- SSRI ہاسٹل، Bahattian/Lhr Rd P، 188,915 روپے/- S.M.OB/O R.H.C. بھاگٹانوالہ، مین بلڈنگ R.H.C ہسپتال BGT، 176,833 روپے/- سینئر میڈیکل آفیسر رورل ہیلتھ سنٹر، رورل ہیلتھ سنٹر مین حافظ آباد روڈ قلعہ دیدار سنگھ، 170,532 روپے/- میڈیکل آفیسر، پروڈکٹیو ہیلتھ آر ایچ سی نشتر ہسپتال ملتان، 170,271 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، بنیادی ہیلتھ یونٹ DHQ ہسپتال، ول ڈی اے بی، ضلع چکوال (منقطع)، 169,928 روپے/- ایگزیکٹو انجینئر، کالج BLDG ہیلتھ کارڈ ڈویلپمنٹ پروجیکٹ (HCDP) برڈ وارڈ روڈ لاہور 6، 169,471 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، تحصیل ہسپتال پنڈی گھیب اٹک، 165,512 روپے/- کک ہاؤس آف پبلک، ہیلتھ نرسنگ سکول چک کمپلیکس چکوال، 160,006 روپے/- انچارج انگریٹ رورل ہیلتھ سنٹر، ٹراما سینٹر جی ٹی آر ڈی لالموسہ، 159,750 روپے/- ٹی ایچ کیو ہسپتال، ہسپتال بلاک احمد پور ایسٹ، 145,199 روپے/- میڈیکل آفیسر رورل، ہیلتھ سنٹر ڈنگہ چوک سرگودھا آر ڈی کنجاہ، 142,168 روپے/- واہلہ فیملی ہسپتال O/C شوکت علی واہلہ، ہسپتال پنڈی بھٹیاں روڈ لاہور پنڈی بھٹیاں HFD، 140,976 روپے/- دی سرجن میڈیکولیگل، پنجاب 6 کچہری روڈ لاہور، 140,810 روپے/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، ڈی ایچ کیو ہسپتال (ٹی بی، کلینک) جھنگ روڈ ٹی ٹی سنگھ، 135,185 روپے/- اسفند یار O/S .M یاسین رانا، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ایمرجنسی ٹی ایچ کیو ہسپتال سمندری کی جانب سے، 132,091 روپے۔/- سینئر میڈیکل آفیسر رورل ہیلتھ سنٹر۔ رورل ہیلتھ سنٹر ایمن آباد گوجرانوالہ (منقطع)، 127,769 روپے۔/- میڈیکل سپرنٹنڈنٹ آفیسر، ٹی ایچ کیو ہسپتال سمبڑیال، 124,288 روپے/- ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، سیکنڈ فیملی ہیلتھ پروجیکٹ Nr ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سیالکوٹ روڈ گوجرانوالہ، S/M-/123,117 گورنمنٹ میاں مولا، بخش ہسپتال خوشاب روڈ ایس جی ڈی، روپے۔ 121,032 روپے/- میڈیکل سپیڈ، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال چکوال (منقطع)، 117,117 روپے/- Prov ISTNEX بلڈنگ، O/C DM انچارج CSHR (A) سول ہسپتال ملتان، 113,934 روپے/-

پنجاب پولیس:

ڈی آئی جی کرائم، سی پی او 2 آفس چرچ روڈ اولڈ انارکلی لاہور، 730,198 روپے/- ڈی آئی جی آفس، قاسم روڈ ملتان کینٹ، 349,075 روپے/- ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ سی آئی اے، سی آئی اے سینٹر ماڈل ٹاؤن بلاک اے ایل ایچ آر، 200,566 روپے/- ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس، پولیس قلعہ گجر سنگھ ایمپریس روڈ لاہور، 1,740,098 روپے/- ڈی آئی جی پولیس ریسٹ ہاؤس، کارٹ روڈ مری ضلع راولپنڈی، 240,854 روپے/- انچارج تھانہ جی ٹی روڈ سرائے عالمگیر، جی ٹی روڈ سرائے عالمگیر، 2,584,531 روپے/- انچارج تھانہ صدر سرائے عالمگیر، جی ٹی روڈ سرائے عالمگیر، SDO S/M -/496,454 روپے/- بلڈنگز سب ڈویژن اسمبلی، سپرنٹنڈنٹ آف پولیس ڈولفن/موبائل سکواڈ پلاٹ نمبر 16، ایک سوک سینٹر قائداعظم ٹاؤن ٹاؤن شپ لاہور، 158,658 روپے/- نیولیگل کمپلیکس، ایس ایس پی آفس کچہری روڈ O/B ایس ایس پی پولیس سرگودھا، 1,999,036 روپے/- آفس ڈی ایس پی، بنک روڈ مری، 252,398 روپے/- پولیس لائن کک ہاؤس، نیو سول لائنز فیصل آباد، 619,578 روپے۔/ سینئر ایس پی ڈی ٹی پولیس، پولیس لائن نمبر 2 ملتان، 1,900,456 روپے/- ایس پی آفس، سول لائنز گوجرانوالہ، 518,986 روپے/-۔ ایس ایس پی، ریسکیو، 15 پولیس لائن فیصل آباد، 608,762 روپے/-، ایس ایس پی آفس، کچہری روڈ ملتان، 335,224 روپے/- رقم واجب ادا ہے۔

وادیہ تیراہ کا مسئلہ

اسلام آباد میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ اور وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر اختیار ولی خان کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وادیٔ تیراہ میں آپریشن کو مفروضہ قرار دے دیا۔ اُن کے مطابق خیبر پختونخوا (کے پی) حکومت حساس انسانی معاملے پر سیاست کر رہی ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ وادیٔ تیراہ میں کوئی آپریشن نہیں ہو رہا، برف باری میں ہر سال وہاں سے نقل مکانی ہوتی ہے، اِس سمیت پاک افغان سرحد پر واقع تمام وادیوں سے بھی لوگ دوسرے علاقوں میں جاتے ہیں۔ یہ معمول کی بات ہے، تیراہ کے حوالے سے کے پی حکومت اور جرگے کی مشاورت سے معاملات طے پائے تھے جن میں فوج کہیں بھی نہیں تھی، صوبائی حکومت اپنی ناکامی کا ملبہ فوج یا اُس آپریشن پر ڈالنا چاہتی ہے جس کا کوئی وجود ہی نہیں ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ یہ معاہدہ صوبائی حکومت اور جرگے میں طے پایا تھا جس کا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا اور چار ارب روپے بھی مختص کیے گئے۔ وزیر دفاع کا مزید کہنا تھا کہ وادیٔ تیراہ کے اندر کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کے پانچ سو ارکان اپنے بال بچوں کے ساتھ رہتے ہیں، گزشتہ سال 11، 25 اور 26 دسمبر کو جرگے کے مشران پہلے کالعدم ٹی ٹی پی کے پاس گئے اور پھر وزیراعلیٰ کے پی سے ملے۔ وزیر اطلاعات عطاء تارڑ نے وادیٔ تیراہ کو فوج کے احکامات پر خالی کرانے کی خبروں کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا وفاقی حکومت نے اِن گمراہ کن خبروں کا نوٹس لے لیا ہے جن میں دعویٰ کیا گیا کہ وادیٔ تیراہ کو فوج کے احکامات پر خالی کروایا جا رہا ہے، یہ دعوے بے بنیاد اور بدنیتی پر مبنی ہیں، اِن کا مقصد عوام میں خوف و ہراس پھیلانا اور سکیورٹی اداروں کے خلاف غلط معلومات دینے کے علاوہ ذاتی اور سیاسی مفادات کا حصول ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر کی جانے والی کارروائیوں میں پُرامن شہریوں کی زندگی کے متاثر نہ ہونے کا مکمل خیال رکھا جاتا ہے۔

دوسری طرف وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی نے تیراہ سے نقل مکانی کے معاملے پر اتوار کو ضلع خیبر میں بسنے والی اقوام کا گرینڈ جرگہ جمرود کے فٹ بال سٹیڈیم میں بلانے کا اعلان کر دیا جہاں عوام سے پوچھا جائے گا کہ آیا وہ اپنی مرضی سے نقل مکانی کر رہے ہیں یا اُنہیں زبردستی بے دخل کیا گیا۔ اُنہوں نے منگل کو ایک تفصیلی ویڈیو بیان میں کہا کہ بند کمروں میں کیے گئے فیصلوں کے سنگین نتائج عوام کو بھگتنا پڑ رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا اسمبلی میں تمام سیاسی اور مذہبی جماعتوں کے جرگے میں متفقہ طور پر کہا گیا تھا کہ فوجی آپریشن مسئلے کا حل نہیں بلکہ دہشت گردی کے خاتمے کے لئے بات چیت، مشاورت اور جرگہ سسٹم سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔ اُنہوں نے دعویٰ کیا کہ کور کمانڈر پشاور اور آئی جی ایف سی کی سربراہی میں 24 رکنی مقامی کمیٹی تشکیل دی گئی تھی، اِن جرگوں میں کہا گیا کہ مقامی لوگوں کو تیراہ سے نکالنا ہوگا کیونکہ جب تک لوگ وہاں موجود ہیں آپریشن ممکن نہیں۔ صوبائی حکومت نے متاثرین کی دیکھ بھال کے لئے چار ارب روپے جاری کیے۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے معاون خصوصی برائے اطلاعات و تعلقات عامہ شفیع جان نے بھی وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء تارڑ کو وادیٔ تیراہ سے متعلق اُن کے حالیہ بیان پر ایک تفصیلی خط ارسال کیا، اُن کا کہنا تھا کہ وفاق آپریشن کا ملبہ صوبائی حکومت پر ڈالنے کی ناکام کوشش کر رہا ہے۔

تفصیلات کے مطابق ضلع خیبر کے علاقے تیراہ سے ممکنہ عارضی اور رضاکارانہ نقل مکانی کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر خیبر نے گزشتہ برس 28 اکتوبر کو صوبائی حکومت کو باضابطہ طور پر آگاہ کیا تھا کہ نقل مکانی کا عمل 10 جنوری سے شروع ہوگا۔ دستیاب سرکاری دستاویزات کے مطابق ڈپٹی کمشنر خیبر نے ٹرانسپورٹ، خوراک، نقد امداد اور ٹرانزٹ کے علاوہ رجسٹریشن پوائنٹس کے قیام سمیت ہنگامی ریلیف انتظامات کی درخواست کی تھی۔ خط میں واضح کیا گیا تھا کہ یہ نقل مکانی مقامی آبادی کی رضامندی اور ضلعی سطح پر منعقدہ نمائندہ جرگے کی سفارشات کی بنیاد پر ہوگی جس میں موسمی اور انتظامی حالات کو بھی مدِنظر رکھا گیا تھا۔ سیکرٹری محکمہ ریلیف، بحالی اور آبادکاری نے 26 دسمبر کو ایک نوٹیفکیشن جاری کرتے ہوئے قومی ڈیزاسٹر مینجمنٹ ایکٹ خیبر پختونخوا 2010ء کے تحت ضلع خیبر میں ہنگامی حالت کے نفاذ کا اعلان کیا تھا۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا تھا کہ متوقع رضاکارانہ نقل مکانی اور متاثرہ آبادی کی فلاح و بہبود کے پیشِ نظر انسانی ہمدردی پر مبنی تیاری اور ریلیف اقدامات ناگزیر ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ضلعی انتظامیہ کی طرف سے اکتوبر میں دی گئی وارننگ اور اُس کے بعد دسمبر میں جاری کیے گئے نوٹیفکیشن کے باوجود عملی سطح پر موثر اقدامات سامنے نہیں آئے۔ اُس کے بعد 31 دسمبر کو پشاور میں ایک بڑا جرگہ ہوا جس میں صوبائی انتظامیہ تو موجود تھی لیکن کور کمانڈر اِس عمل کا حصہ نہیں تھے اور نہ ہی اُنہوں نے اِس حوالے سے کوئی میٹنگ کی۔ واضح رہے کہ وادیٔ تیراہ سے اب تک ہزاروں لوگ نقل مکانی کر چکے ہیں جن میں بچے اور خواتین بھی شامل ہیں۔ وہاں کے رہائشیوں کے مطابق نقل مکانی کرنے کی وجہ اُمن و امان کی بگڑتی صورتحال اور برف باری کی وجہ سے پیدا ہونے والی خوراک کی قلت ہے۔

پہلا ٹی ٹوئنٹی، پاکستان نے آسٹریلیا کو جیت کے لیے 169 رنز کا ہدف دے دیا

پاکستان کا المیہ ہے کہ یہاں ہر معاملے پر سیاست شروع ہو جاتی ہے، پوائنٹ سکورنگ کے لئے الزامات کا سلسلہ شروع کر دیا جاتا ہے جس میں متاثرین کی آہ و بکا بالکل دب کر رہ جاتی ہے۔ اِس وقت سب سے اہم وادیٔ تیراہ کے لوگوں کی حفاظت و سلامتی ہے، جب سارا معاملہ صوبائی حکومت، جرگہ اور صوبائی انتظامیہ دیکھ رہی تھی، وارننگ بھی جاری کر دی گئی تھی تو پھر وقت پر مطلوبہ انتظامات کیوں نہیں کئے گئے۔ اِس سارے معاملے میں فوج کا کوئی عمل دخل نہیں تھا لیکن اِس کے باوجود وہ نقل مکانی کرنے والوں کے لئے دن رات ایک کیے ہوئے ہے، اُن کے لئے رہنے کی محفوظ جگہ اور کھانے پینے کا انتظام کر رہی ہے اور اہلِ سیاست آپس میں دست و گریباں ہیں۔ حکومت واضح کر رہی ہے کہ آپریشن نہیں ہو رہا، سہیل آفریدی ڈٹے ہوئے ہیں کہ آپریشن ہو رہا ہے اور جب 22 بڑے اور 14 ہزار سے زائد انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز (آئی بی اوز) سے بدامنی ختم نہیں ہو سکی تو مزید آپریشن سے کیا ہوگا؟ حقیقت یہ ہے کہ ماضی میں دہشت گردی پر قابو آپریشن کے ذریعے ہی پایا گیا تھا وگرنہ بات چیت کے ذریعے حل کرنے کی خواہش کا ہی خمیازہ تو آج پوری قوم بھگت رہی ہے۔ اہلِ اختیار کو اپنی اپنی ذمہ داریاں سمجھنا اور نبھانا چاہئیں۔ حکومت صوبائی ہو یا وفاقی، عوام کی فلاح و بہبود اور حفاظت ہی اولین ترجیح ہونی چاہئے۔

ضروری نوٹس

اخبار میں خلوص نیت سے مضامین شائع کیئے جاتے ہیں مضامین کی اشاعت کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ مدیر و ایڈیٹر تحریر اور راقم مضمون کی سوچ سے متفق ہے۔

ادارہ

گل پلازہ کے شہداء کی ایف آئی آر

اشفاق اللہ جان ڈاگیوال

پاکستان کی معاشی سرگرمیوں کا مرکز، غریب پرور شہر کراچی جسے ملک بھر کے ہر شہر اور گاؤں سے رزق کی تلاش میں آنے والے لوگوں نے حقیقی معنوں میں منی پاکستان بنایا ہے۔ بابائے قوم کا مدفن شہر جو عروس العباد اور روشنیوں کے شہر جیسے ناموں سے جانا پہچانا جاتا تھا، 80 کی دہائی سے اہلیان کراچی روز نت نئی مصیبتوں سے لڑ کر جی رہے ہیں۔

اہلیان کراچی کے دکھوں کی داستانوں پر کتابیں لکھی جا سکتی ہیں مگر سردست منی پاکستان کے گل پلازہ میں ہونے والی ہولناک آتشزدگی میں درجنوں زندہ انسانوں کی جل کر راکھ ہونے والی شہادتوں اور ان کے اہل و عیال کی اذیت، پچھتاوے اور ہاتھ ملتی زندگیوں پر اپنا درد دل لکھنے کی کوشش کروں گا۔ شہداء تو چلے گئے اپنے کریم و رحیم اور اپنے بندے سے ستر گنا پیار کرنے والے رب العالمین کے پاس مگر ان کے پسماندگان کا سوشل میڈیا پر چھپڑنے والوں کے جلنے، چیخ و پکار اور مرنے سے پہلے اپنے چھوٹے بڑوں سے معافیاں مانگنے سے شروع ہونے والا کربناک امتحان، ناقابل شناخت لاشوں میں اپنوں کو ڈھونڈنے، اذیت ناک موت کے بعد جدائی، عمر بھر کا روگ، نان روٹی اور چولھے کے بجھنے جیسے سیکڑوں مسائل و مصیبتوں کا سامنا زندگی بھر کرتے رہیں گے۔

گل پلازہ کی آگ کی خون آلود تپش پورے پاکستان میں مدتوں تک محسوس ہوتی رہے گی۔ نااہل اور غاصب حکمران اتنے دن گزرنے کے باوجود یہ نہیں بتا سکے کہ شہداء، زخمیوں اور لاپتہ ہونے والوں کی حتمی تعداد کتنی ہے تو ان سے کیا گلہ کریں کہ یہ واقعہ اور حادثہ کیوں ہوا اور روشنیوں کے شہر کو حادثستان کس نے بنایا۔ غیر مصدقہ اطلاعات کے مطابق اب تک 71 شہداء کی لاشیں اور باقیات ملی ہیں، مسخ شدہ لاشوں کے ڈی این اے کا عمل پیچیدہ ہونے کے باعث ابھی تک صرف 16 لاشوں کی شناخت ہو سکی۔ لاپتہ ہونے والوں کی تعداد شہداء کی تعداد سے کہیں زیادہ ہے۔

یہ آتشزدگی لواحقین کے لیے نہ ختم ہونے والی اذیتوں کی داستان اور قیامت سے پہلے قیامت ہے۔ لواحقین کے لیے اپنے پیاروں کی باقیات اس حال میں وصول کرنا ایسی اذیت ہے جو موت تک ان کا پیچھا کرے گی۔ رحمن و رحیم رب العالمین تمام شہداء کی کامل مغفرت، درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر و حوصلہ عطا کرے اور ان کی نصرت اپنی غیبی خزانوں سے کریں۔

گل پلازہ کی آتشزدگی قومی سانحے کے روپ میں نااہل حکمرانوں کے لیے باعث مذمت اور قومی توجہ کا مرکز بن چکی ہے۔ وہاں 1200 سے زائد دکانیں تھیں، جہاں دن بھر لاکھوں لوگوں کا آنا جانا لگا رہتا تھا۔ اس آگ نے مالک، ملازم اور خریدار میں کوئی تمیز نہیں کی سب کو اپنی لپیٹ میں لیا۔ جو باپ اپنے بچوں کے لیے کھلونے، ماں باپ اور بیوی کے لیے کپڑے لینے گیا تھا ان کے بچے جلی ہوئی لاش کے منتظر ہیں۔ اس سانحے کا دردناک پہلو یہ ہے کہ کئی افراد گھنٹوں تک زندہ اور ہوش میں مدد کے منتظر دم گھٹنے سے تڑپتے مر گئے اور جل کر راکھ ہو گئے مگر انھیں بچانے کے لیے کوئی بروقت اور موثر کارروائی نہ ہو سکی۔

فائر بریگیڈ کی گاڑیاں تاخیر سے پہنچیں، دستیاب آلات ناکافی ثابت ہوئے اور ریسکیو کا عملہ بے بسی کی تصویر بن کر رہ گیا جو لوگ بچانے آئے تھے حکمرانوں کے منہ پر زناٹے دار تھپڑ رسید کر کے خود موت کی آغوش میں چلے گئے۔ عمارت میں فائر الارم، فائر فائٹنگ سسٹم، ہنگامی اخراج کے راستے اور حفاظتی انتظامات کا نہ ہونا بھی حکمرانوں اور متعلقہ اداروں کی نااہلی اور رشوت خوری کا منہ بولتا ثبوت ہے درحقیقت یہ ریاستی غفلت اور ادارہ جاتی ناکامی کا شاخسانہ ہے اس لیے صوبائی حکومت، بلدیہ کراچی، بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی اور دوسرے تمام ذمے داران کو نامزد کر کے ان پر شہداء کے قتل کا مقدمہ درج ہونا تھا مگر افسوس کہ کئی دن بعد ہومیوپیتھک قسم کی ایف آئی آر نامعلوم افراد کے خلاف درج کی گئی، پتہ نہیں اس پر کون اور کب سو موٹو لے گا؟

وزیراعلیٰ سندھ فرما گئے کہ ”ہم اس سانحے پر ایک انکوائری کمیٹی بنائیں گے جو کسی کو سزا دینے یا یہ تعین کرنے نہیں کہ کس کی غفلت سے یہ آگ لگی، بلکہ اس کا کام یہ ہوگا کہ وہ ہماری غلطیوں کی نشاندہی کرے تاکہ آیندہ ایسا واقعہ نہ ہو“۔ دوسری طرف پاکستانی قوم اس سانحے کی عدالتی تحقیقات کا مطالبہ، ذمے داروں کا تعین اور انھیں عبرتناک سزا کا مطالبہ کر رہی ہے مگر وزیراعلیٰ صاحب ذمے داران کو سزا کے لیے نہیں صرف غلطیوں کی نشاندہی کے لیے انکوائری چاہتے ہیں کیونکہ وہ خود بھی تو ذمے داروں کی صف میں کھڑے ہیں۔ یہ رویہ سفاکانہ، ناقابل برداشت اور شہداء کے لواحقین کے زخموں پر نمک پاشی کے مترادف ہے۔

کراچی گزشتہ دو دہائیوں سے خونخوار آتشزدگیوں کی زد میں ہے۔ ستمبر 2012 میں ہونے والا سانحہ بلدیہ ٹاؤن میں اڑھائی سو سے زیادہ انسان آگ میں جل کر موت کی آغوش میں جا سوئے، دسمبر 2016 میں ریچنٹ پلازہ میں لگنے والی آگ 12 افراد کو نگل گئی، نومبر 2023 میں راشد منہاس روڈ پر واقعہ ایک عمارت میں آگ لگی اور 11 زندہ لوگ جل کر مر گئے مگر کسی ذمے دار (مجرم) کو سزا نہیں ملی۔ غلطیوں سے سبق سیکھنے کے لیے تو ایک واقعہ ہی کافی ہوتا ہے۔ یہاں تو مسلسل زندہ لوگ آگ میں جل کر مر رہے ہیں، اربوں روپے کی املاک کا نقصان ہو رہا ہے آخر کب حکمران سبق سیکھیں گے اور ہوش کے ناخن لے کر ان کی روک تھام کریں گے؟

بلاول بھٹو زرداری آئے روز سندھ میں ترقی، بہتر گورننس اور عوامی فلاح کے بلند بانگ

بلوچستان حکومت کا اہم فیصلہ

ڈاکٹر توصیف احمد خان

بلوچستان کی کابینہ نے لاپتہ افراد کا مسئلہ حل کرنے کے لیے جامع قانون کی منظوری دی ہے۔ بلوچستان کے وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے چیف منسٹر سیکریٹریٹ کوئٹہ میں 19 جنوری کو صوبائی کابینہ کے 22 ویں اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے یہ اعلان کیا کہ یکم فروری سے ریاست یا حکومت کی جانب سے کسی بھی قسم کی جبری گمشدگی نہیں ہوگی اور اس حوالے سے واضح قانونی فریم ورک موجود ہوگا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز گرے زونز میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران تفتیش اور پوچھ گچھ کرتی ہیں۔

مشتبہ افراد کو حراست میں بھی لیا جاتا ہے تاہم یکم فروری کے بعد مسنگ پرسنز کا مسئلہ ختم ہو جائے گا اور اس ضمن میں ایک لیگل فریم ورک موجود ہوگا، اگر کوئی فرد دہشت گرد تنظیموں کے ہاتھوں غائب ہوتا ہے یا خود ساختہ طور پر روپوش ہوتا ہے تو اس کی ذمے داری ریاست پر عائد نہیں کی جا سکتی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ گمشدگی کے دعوؤں کی جانچ پڑتال کے لیے عدالتیں اور متعلقہ کمیشن موجود ہیں مگر بدقسمتی سے بلوچستان میں خود ساختہ گمشدگی کا تاثر قائم کر کے فوری طور پر ریاست کے خلاف پروپیگنڈا شروع کر دیا جاتا ہے۔ اس رجحان کے تدارک کے لیے بلوچستان پروینشن آف ڈیٹینشن اینڈ ریڈیکلائزیشن ایکٹ (ڈبل ون ٹیڑا ای) منظور کیا گیا ہے اور صوبائی کابینہ نے اس کے رولز 2025ء کی بھی منظوری دے دی ہے۔ انھوں نے بتایا کہ اس قانون کے تحت قائم کردہ مخصوص مراکز میں مشتبہ افراد سے مجاز پولیس افسران کی نگرانی میں تفتیش ہو گی۔ ساتھ ہی ان کی کونسلنگ بھی کی جائے گی تاہم انتہا پسندی، گمراہ کن بیانیے اور ریاست مخالف سوچ کا تدارک ممکن بنایا جائے۔

اب نئے قانون کے تحت زیر تفتیش افراد کے اہلخانہ کو 24 گھنٹوں کے اندر اطلاع دی جائے گی۔ ملاقات کی اجازت ہو گی، طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی اور کسی فرد کو ان تفتیشی مراکز سے باہر منتقل نہیں کیا جائے گا۔ جس بھی قانون نافذ کرنے والے ادارے نے تفتیش کرنی ہوگی وہ اسی مرکز میں کرے گا۔

وزیراعلیٰ نے اس بات کی وضاحت نہیں کی کہ پہلے سے لاپتہ افراد کا مستقبل کیا ہوگا؟ انھوں نے بتایا کہ بلوچستان میں جبری گمشدگی کے مسئلے کو طویل عرصے سے ریاستِ پاکستان کے خلاف منظم پروپیگنڈا ٹول کے طور پر استعمال کیا جاتا رہا ہے۔ بعض عناصر اس مسئلے کو محض سیاست کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ سرفراز بگٹی نے بلوچستان کے چیف سیکریٹری اور کابینہ کے اراکین کی کوششوں سے اس مسئلے کے مستقل حل کے لیے مسلسل کوششیں کی اور ان کوششوں کے مثبت نتائج آئے۔

چیف جسٹس ریٹائرڈ اطہر من اللہ نے بطور چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ اپنی ایک رولنگ میں لاپتہ فرد کی تعریف بیان کی تھی کہ ”اگر کوئی سرکاری اہلکار کسی شہری کو اغواء کرے تو اس عمل کو جبری گمشدگی کہا جاتا ہے۔“ یاد رہے کہ سندھ اور اسلام آباد ہائی کورٹس نے لاپتہ افراد کے مقدمات میں یہ فیصلے بھی دیے تھے کہ ایسے افراد کے لواحقین کو معاوضے دیے جائیں۔ حکومت نے لواحقین کو معاوضہ دینے کے فیصلے بھی کیے۔ وفاقی کابینہ نے اس مالیاتی سال 5 ارب روپے اس معاملے کے لیے مختص کیے۔

پاکستان میں لاپتہ افراد کا مسئلہ بہت قدیم رہا ہے۔ ملک کے پہلے آمر جنرل ایوب خان کے دورِ اقتدار میں کمیونسٹ پارٹی کے رہنما حسن ناصر کو لاپتہ کر کے لاہور کے شاہی قلعہ میں شدید تشدد کر کے شہید کر دیا گیا تھا۔ پیپلز پارٹی کی پہلی حکومت میں پنجاب سے سیاسی منحرفین کو لاپتہ کر کے آزاد کشمیر کے ایک کیمپ میں نظر بند رکھا جاتا تھا۔ اس کا انکشاف جنرل ضیاء الحق نے بھٹو کا تختہ الٹنے کے بعد کیا تھا۔

جنرل ضیاء الحق کے دورِ اقتدار میں کمیونسٹ پارٹی کی قیادت کو کراچی میں پیپلز کالونی کے ایک دفتر سے اٹھا کر لاپتہ کیا گیا۔ لاپتہ ہونے والوں میں سندھ نیشنل اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے صدر نذیر عباسی، پروفیسر جمال نقوی، سہیل سانگی، احمد کمال وارثی اور شبیر شرف وغیرہ شامل تھے۔ نذیر عباسی شہید کر دیا گیا تھا۔ ایم آر ڈی کی تحریک کے دوران پیپلز پارٹی اور بائیں بازو کی سیاسی جماعتوں کے سیکڑوں کارکن کو لاہور کے شاہی قلعہ اور کوئٹہ کے قلعی کیمپ، پشاور کے قلعہ بالا حصار میں مہینوں نظر بند رکھا گیا تھا۔

امریکا کے شہر نیویارک میں نائن الیون کی دہشت گردی کے بعد امریکا اور اس کی اتحادی فوجوں نے افغانستان سے طالبان حکومت کا خاتمہ کیا تھا۔ افغان طالبان اور القاعدہ کے لوگ فرار ہو کر پاکستان کے صوبہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان وغیرہ میں روپوش ہو گئے تھے۔ جنرل پرویز مشرف کے دور اقتدار میں پاکستان میں روپوش ہونے والے کئی القاعدہ اور طالبان کے افراد گرفتار ہوئے تھے۔ سابق صدر پرویز مشرف نے اپنی کتاب In the line of fire میں لکھا ہے کہ ان میں سے کچھ قیدیوں کو امریکا کے حوالے کیا گیا تھا۔

نواب اکبر بگٹی کی ہلاکت کے بعد بلوچستان سے لوگوں کے لاپتہ ہونے کی خبریں شروع ہوئیں۔ ادھر بی ایل اے وغیرہ کی جانب سے دیگر صوبوں خصوصاً پنجاب سے آنے والے سرکاری ملازمین، پولیس افسروں، صحافیوں، اساتذہ، خواتین اور ڈاکٹروں کی ٹارگٹ کلنگ کی خوفناک لہر آئی۔ کئی لاپتہ افراد کی لاشیں ملنے کا سلسلہ شروع ہوا۔

سابق چیف جسٹس افتخار چوہدری نے بھی اپنے دور میں لاپتہ افراد کی بازیابی کے لیے احکامات جاری کیے تھے اور جسٹس جاوید اقبال کی قیادت میں ایک کمیشن قائم بھی کیا تھا مگر یہ کمیشن اپنے مقاصد حاصل کرنے میں ناکام رہا۔ گزشتہ سال 20 سال بعد جسٹس جاوید اقبال کو عہدے سے ہٹایا گیا تھا۔ اب جسٹس ارشد حسین شاہ کو اس کمیشن کا سربراہ مقرر کیا گیا ہے۔ تحریک انصاف کے دور حکومت میں اس مقصد کے لیے قانون کا مسودہ سینیٹ کے اجلاس میں پیش کیا گیا تھا مگر اس وقت کی انسانی حقوق کی وزیر ڈاکٹر شیریں مزاری نے اچانک اعلان کیا کہ یہ مسودہ سینیٹ کے سیکریٹریٹ سے لاپتہ ہو گیا ہے۔

موجودہ حکومت بھی اس مسودے کو قانونی شکل نہیں دے سکی۔ بلوچستان کابینہ نے لاپتہ افراد کا مسئلہ مستقل طور پر حل کرنے کا فیصلہ کر کے انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے اہم اقدام کیا ہے۔ ایسا فیصلہ وفاق اور دیگر تینوں صوبوں کو بھی کرنا چاہیے۔ انسانی حقوق کی تنظیموں کے رہنماؤں کا کہنا ہے کہ اب پہلے سے لاپتہ افراد کو بھی بازیاب ہو جانا چاہیے، اگر کسی شخص نے جرم کیا ہے تو اس کے خلاف کھلی عدالت میں مقدمہ چلایا جائے۔

بلوچستان کی صوبائی کابینہ نے ویٹنس پروٹیکشن ترمیمی بل 2025 کی منظوری بھی دی ہے۔ وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے کہا کہ ماضی میں گواہان کے تحفظ کا موثر نظام نہ ہونے کے باعث دہشت گردی اور سنگین جرائم میں سزاؤں کی شرح ایک فیصد تھی۔ نئی اصلاحات کے تحت فیس لیس کورٹس قائم کی گئی ہیں۔ جہاں گواہان کی شناخت مکمل طور پر خفیہ رہے گی اور جج کے سوا کسی پر شناخت واضح نہیں ہوگی۔ جس سے انصاف کی فراہمی موثر اور بروقت ہو گی اور سزاؤں کی شرح میں پچاس تا ساٹھ فیصد سے زائد اضافہ متوقع ہے۔

انسانی حقوق کمیشن پاکستان (HRCP) کے چیئرپرسن اسد اقبال بٹ جو لاپتہ افراد کی بازیابی کی تحریک میں شروع سے شامل رہے ہیں، کہتے ہیں کہ ”کسی اہلکار کے کسی شہری کو لاپتہ کرنے کے مجموعی طور پر کئی نقصانات ہوتے ہیں۔“ ان کا کہنا ہے کہ اس طریقہ کے استعمال سے نوجوان ریاست سے مایوس ہوتے ہیں اور عام آدمی کا اعتماد ریاست سے مجروح ہوتا ہے اور معاشرہ میں غیر قانونی کام کرنے کی روایت مستحکم ہوتی ہے۔ جو گروہ ریاست سے مایوس ہیں، ان کے بیانیے کو اس صورتحال میں تقویت ملتی ہے۔ مجموعی طور پر ہماری ریاست کے چہرہ پر سیاہ نشان گہرے ہو جاتے ہیں۔

اصلاحات کے مثبت ثمرات ہیں کہاں؟



محمد سعید آرائیں

مینجنگ ڈائریکٹر آئی ایم ایف کے مطابق پاکستان میں اصلاحات کے مثبت ثمرات سامنے آئے ہیں۔ انھوں نے معاشی اصلاحات کا اعتراف کرتے ہوئے پہلی مرتبہ بجٹ ڈسپلن کو بھی سراہا اور کہا کہ عوام کی زندگی میں تبدیلی کے لیے وسائل خرچ ہو رہے ہیں اور وزیراعظم شہباز شریف ملک میں مثبت تبدیلی اور ترقی کے لیے سنجیدگی سے کام کر رہے ہیں۔

صدر ایشیائی ترقیاتی بینک نے بھی پاکستان میں اقتصادی اصلاحات پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے وزیر خزانہ سے ملاقات میں مارکیٹ اعتماد کو بھی سراہا۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے اے ڈی بی کے صدر کو نجکاری اور نجی شعبے کی شمولیت کے لیے حکومتی اقدامات سے آگاہ کیا۔

آئی ایم ایف اور اے ڈی بی نے تو حکومت کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا ہے مگر ملک کے عوام کو تو وہ ثمرات نظر نہیں آ رہے، نہ اقتصادی ترقی اور معاشی بہتری کے نتائج کہیں نظر آ رہے ہیں اور یہ ضرور نظر آ رہا ہے کہ حکومت نے پہلی ششماہی میں 1254 ارب روپے کے مزید قرضے لیے ہیں۔ یہ قرضے بیرونی تھے، جن میں آئی ایم ایف کا قرض شامل نہیں ہے۔ بیرونی طور پر لیے گئے، یہ مزید قرضے گزشتہ سال کی اسی مدت کی نسبت 29 فی صد زائد ہیں جس سے ملک پر قرضوں کا بوجھ بڑھا ہے۔

ادارہ شماریات نے تو عوام کو یہ بتایا ہے کہ سالانہ بنیادوں پر ملک میں مہنگائی میں اضافے کی شرح 18.4 فی صد پر برقرار ہے اور 12 ضرورت کی اشیا ضرور مہنگی ہوئی ہیں۔ سینیٹ کے اجلاس میں اپوزیشن ارکان نے حکومت کی کارکردگی پر شدید تنقید کی ہے جس کے جواب میں حکومت کی طرف سے ملکی موجودہ صورت حال کا ذمے دار پی ٹی آئی کی گزشتہ حکومت کو قرار دیا، جو اپریل 2022 میں ختم کرا دی گئی تھی جس کے بعد شہباز شریف سولہ ماہ وزیراعظم رہے اور نئے انتخابات کے بعد موجودہ حکومت جو مسلم لیگ (ن) کی ہے کو دو سال مکمل ہونے والے ہیں کے بھی وہی وزیراعظم ہیں مگر ان کی کابینہ میں شامل وزیر خزانہ مسلم لیگ کا نہیں ہے۔ اسحاق ڈار (ن) لیگ حکومت میں ہمیشہ پسندیدہ وزیر خزانہ رہے ہیں جو صرف معیشت میں بہتری اور آئی ایم ایف معاملات کے لیے اہم اور قابل ترین سمجھے جاتے تھے مگر وہ اس بار وزیر خزانہ نہیں بنے۔ پی ڈی ایم حکومت میں مسلم لیگ (ن) کے ہی مفتاح اسماعیل چند ماہ کے لیے وزیر خزانہ بنے تھے جن کے بعد اسحاق ڈار کو لایا گیا جن کے بعد اب غیر سیاسی شخص وزیر خزانہ ہیں۔

پی ٹی آئی میں بھی اسد عمر کو قابل ترین سمجھ کر وزیر خزانہ بنایا گیا تھا جو آئی ایم ایف سے مزید قرض لینے کے حق میں نہیں تھے اور اسی وجہ سے انھیں بلند و بانگ دعوے کرنے والے وزیراعظم نے ہٹا کر حفیظ سومرو کو وزیر خزانہ بنایا اور ان کی بھی ناکامی پر شوکت ترین کو لایا گیا اور یہ دونوں آئی ایم ایف کے قریب تھے جنھوں نے معیشت مزید تباہ کی اور اپنی ہی حکومت کی برطرفی کے بعد انھوں نے اپنے پنجاب و کے پی کے وزرائے خزانہ کو کہا کہ وہ آئی ایم ایف کو لکھیں کہ پی ڈی ایم حکومت کو قرض نہ دیں۔ سینیٹ میں پی ٹی آئی کے سینیٹروں کو حکومت پر تنقید کے جواب میں بتایا گیا کہ انھی کی حکومت معیشت کی تباہی کی ذمے دار تھی جسے شہباز شریف حکومت بہتر کرنے کی کوشش کر رہی ہے اور (ن) لیگی حکومت کے اچھے اقدامات کو عالمی ادارے مثبت قرار دے رہے ہیں۔

جنرل پرویز مشرف کی زیر صدارت (ق) لیگ کی حکومت میں معیشت اتنی ابتر نہیں تھی جتنی بعد میں پیپلز پارٹی، پی ٹی آئی اور مسلم لیگ (ن) کی حکومتوں میں ہوئی اور تینوں نے ہی ایک دوسرے کو اس کا ذمے دار قرار دیا اور یہ سلسلہ اب بھی چل رہا ہے اور عوام ان سب حکومتوں کی کارکردگی کی سزا بھگت رہے ہیں۔ جنرل پرویز مشرف دور میں عوام کی حالت اتنی بری نہیں تھی، جتنی اب ہو چکی ہے۔ نئے تجربے کے طور پر دو سال قبل غیر سیاسی وزیر خزانہ لایا گیا تھا جن کی دو سالہ کارکردگی کو آئی ایم ایف اور اے ڈی بی نے مثبت قرار تو دیا ہے مگر اس کے اثرات عوام تک نہیں پہنچے بلکہ عوام مزید مہنگائی و بے روزگاری کا شکار ہو رہے ہیں جن کی فکر حکومت کو بالکل نہیں ہے۔ عوام کی فکر تو سیاسی حکومتوں، سیاسی وزیروں اور ارکان اسمبلی کو ہونی چاہیے کہ جنھیں عوام سے ووٹ لینے ہوتے ہیں مگر اب عوام کی فکر کسی کو بھی نہیں رہی جس کا ثبوت ن لیگ کی سابقہ اور موجودہ دو حکومتیں ہیں کہ جن کے سوا تین سالوں میں عوام کو کوئی ریلیف نہیں ملا۔ ملک کے عوام مہنگی گیس اور بجلی خرید رہے ہیں مگر انھیں مطلوبہ مقدار میں بجلی مل رہی ہے نہ گیس۔ مہنگی بجلی و گیس کی وجہ سے صنعتیں بری طرح متاثر ہو رہی ہیں جس کی وجہ سے ملازمین کی برطرفیاں ہو رہی ہیں اور بے روزگاری بڑھ رہی ہے جب کہ مہنگائی نے عوام کی زندگی اجیرن بنا رکھی ہے مگر حکومت خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔

موجودہ حکومت میں جس طرح بیرونی قرضے لیے گئے وہ کہاں خرچ ہو رہے ہیں کوئی بتانے کو تیار نہیں۔ جتنی بڑی مقدار میں قرضے لیے گئے ان کے ثمرات عوام تک تو نہیں پہنچے صرف وزیروں، ارکان پارلیمنٹ، ججز اور بیورو کریٹس کی تنخواہیں اور مراعات بڑھیں۔ حکمرانوں کا غیر ملکی دوروں کا ریکارڈ قائم ہوا ہے اور غربت مزید بڑھی ہے۔ غیر ملکی دوروں کے ثمرات بھی عوام تک نہیں پہنچے۔ بیرونی دوروں سے وہاں پاکستانیوں کے لیے ملازمتیں حاصل ہوئیں نہ غیر قانونی طریقوں سے باہر جانے کا رجحان کم ہوا۔ وزیر خزانہ کہہ چکے ہیں کہ حکومت عوام کو سرکاری نوکریاں فراہم کرنے کی پابند نہیں۔ نجی اداروں سے ملازم فارغ کیے جا رہے ہیں، مہنگائی اور بے روزگاری کی وجہ سے ملک میں خودکشیاں بڑھ رہی ہیں۔ حکومت اپن

جڑواں شہروں کی خبریں

حج 2025 کے شاندار انتظامات پر پاکستان کو سعودی 'ایکسیلنس ایوارڈ'، وزارت مذہبی امور کی اصلاحات کامیاب

بین المذاہب ہم آہنگی کی پہلی قومی پالیسی منظور، اقلیتوں کے حقوق اور ڈیجیٹل اصلاحات پر زور

3.5"ارب روپے حجاج کو ری فنڈ، وفاقی وزیر نے حج 2026 کی تیاریاں مکمل ہونے کا اعلان کیا

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر)وفاقی وزیر مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف نے سیکرٹری وزارت مذہبی امور ڈاکٹر ساجد محمود چوہان کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی نے گزشتہ سال حج وعمرہ کے شعبے میں ریکارڈ ساز اصلاحات متعارف کرائی ہیں۔حج 2025 کے بہترین انتظامات پر سعودی حکومت نے پاکستان کو ایکسیلنس ایوارڈ سے نوازا ہے جو کہ قومی سطح پر ایک بڑا اعزاز ہے۔حجاج کی سہولت کے لیے حج 2025 کے دوران مجموعی طور پر 3.5ارب روپے ری فنڈ کیے گئے جس سے فی حاجی 12ہزار سے 1لاکھ 10ہزار روپے تک کی بچت ہوئی۔ وفاقی وزیر نے مزید بتایا کہ حج 2026 کے لیے 1لاکھ 79ہزار عازمین کی رجسٹریشن مکمل ہو چکی ہے جبکہ پاک حج ایپ اور روڈ ٹو مکہ منصوبے کی کراچی تک توسیع سے عازمین کی مشکلات میں واضح کمی آئی ہے۔عمرہ اور زیارات کے لیے بھی نئے ضوابط تیار کر لیے گئے ہیں تاکہ زائرین کو نجی آپریٹرز کے ہاتھوں استحصال سے بچایا جا سکے اور پورے نظام کو ڈیجیٹل بنایا جا سکے۔تعلیمی اور تحقیقی میدان میں وزارت کی کامیابیوں کا ذکر کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ بین الاقوامی قرات مقابلہ منعقد کیا گیا جس میں 37 ممالک کے قرا نے شرکت کی۔اس کے ساتھ ساتھ 50ویں عالمی سیرت کانفرنس کا کامیاب انعقاد کیا گیا جس میں او آئی سی کے تحت بین الاقوامی وفود شریک ہوئے۔ وزارت نے جدید تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے گزشتہ 50سال کے سیرت مقالہ جات کو ڈیجیٹلائز کرنے کا عمل شروع کر دیا ہے اور علمی مقابلوں میں شفافیت برقرار رکھنے کے لیے مصنوعی ذہانت اور سرقہ کی جانچ کا نظام متعارف کرایا ہے۔قرآن کریم کی اغلاط سے پاک طباعت اور شہید اوراق کی تقدس کے ساتھ تلفی کے لیے ری سائیکلنگ پلانٹ کی تنصیب بھی آخری مراحل میں ہے۔بین المذاہب ہم آہنگی اور اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے حوالے سے سردار محمد یوسف نے بتایا کہ وفاقی کابینہ نے پہلی مرتبہ باقاعدہ بین المذاہب ہم آہنگی پالیسی منظور کی ہے۔ پارلیمنٹ سے قومی کمیشن برائے اقلیت ایکٹ کی منظوری کے ذریعے اس ادارے کو مکمل قانونی وانتظامی خودمختاری دے دی گئی ہے۔

وفاقی وزیر مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف، سیکرٹری ڈاکٹر ساجد محمود چوہان کے ہمراہ وزارت کی کارکردگی بارے پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ اکیڈمیہ اور انڈسٹری سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات محمد ریاض خان، پروفیسر عارف علی، جناب منیر غضنفر اور محمد معروف کو پیش کیا جا رہا ہے

رضوان احمد، عمران احمد کے والد اور عاصم ممتاز کے سسر جلیس احمد صدیقی قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے

جنازہ ان کی رہائش گاہ مکان نمبر 14 صاحبزادہ عبدالقیوم روڈ آئی 8 ٹو اسلام آباد سے اٹھایا جائے گا

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر)رضوان احمد، عمران احمد کے والد اور عاصم ممتاز کے سسر جلیس احمد صدیقی قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے، اناللہ وانا الیہ راجعون۔ان کا جنازہ ان کی رہائش گاہ مکان نمبر 14 صاحبزادہ عبدالقیوم روڈ آئی 8 ٹو اسلام آباد سے اٹھایا جائے گا اور نماز جنازہ آج بعد نماز ظہر ساڑھے 12 بجے رہائش کے قریب مسجد میں ادا کی جائے گی۔ تدفین H 11 قبرستان میں ہوگی۔ مزید معلومات کیلئے رضوان 03205072362، عمران 03400427992 اور عاصم ممتاز 03219553568 سے رابطہ کیا جائے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل نصیب فرمائے۔آمین

اپر چھتر مہاجر کالونی دو دن سے تاریکی میں ڈوبی

شدید سردی میں شہری اذیت کا شکار، عوامی ایکشن کمیٹی کی خاموشی پر سوالیہ نشان

مظفر آباد(نامہ نگار)اپر چھتر مہاجر کالونی گزشتہ دو روز سے بدترین بجلی بحران کا شکار ہے، جہاں تینوں ٹرانسفارمرز خراب ہو کر ورکشاپ میں پڑے ہیں جبکہ پورا علاقہ مکمل تاریکی میں ڈوبا ہوا ہے۔ مائنس درجہ حرارت کے شدید ترین موسم میں بجلی کی عدم فراہمی نے علاقہ مکینوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، بچے، بزرگ اور خواتین شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔حیرت انگیز امر یہ ہے کہ اس سنگین صورتحال کے باوجود علاقہ مکین صبر کا دامن تھامے ہوئے ہیں، کوئی احتجاج، کوئی شٹر ڈاؤن اور کوئی سڑکوں پر ہنگامہ نظر نہیں آتا۔یہی وہ عوام ہیں جو ماضی میں اس سے کہیں کم مسائل پر عوامی ایکشن کمیٹی کی ایک کال پر مرنے مارنے کے لیے نکل آتے تھے اور پورا نظام مفلوج کر دیا جاتا تھا۔سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آج جب اپر چھتر کے شہری حقیقی اذیت سے گزر رہے ہیں، تو خود کو عوامی حقوق کی علمبردار کہنے والی ایکشن کمیٹی کہاں ہے؟ کیا بجلی سے محرومی، شدید سردی اور انسانی مشکلات عوامی حقوق کے زمرے میں نہیں آتیں؟ یا پھر احتجاج صرف مخصوص ایجنڈوں اور منتخب مقامات کے لیے ہی مخصوص ہے؟علاقہ مکینوں نے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر خراب ٹرانسفارمرز کی مرمت یا تبدیلی عمل میں لائی جائے

ڈگری یا جرم؟ آزاد کشمیر میں تعلیمی اسناد کی ویریفکیشن

گریجویٹس کے لیے ایک اذیت ناک سفر کیوں بن چکی ہے؟

مظفر آباد(نامہ نگار) آزاد کشمیر میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنا بظاہر ایک کامیابی سمجھی جاتی ہے، مگر ڈگری حاصل کرنے کے بعد شروع ہونے والا ویریفکیشن کا عمل اکثر گریجویٹس کے لیے ایک نہ ختم ہونے والی آزمائش بن جاتا ہے۔ایک ایسا عمل جو سہولت کے بجائے ذلت، اعتماد کے بجائے شک، اور ترقی کے بجائے تاخیر کی علامت بن چکا ہے۔ملک بھر کی باقاعدہ تسلیم شدہ جامعات ڈگریاں جاری کرتی ہیں، جن پر کنٹرولر امتحانات اور وائس چانسلر کے دستخط اور سرکاری مہریں ثبت ہوتی ہیں۔اس کے باوجود گریجویٹس کو بار بار یہی ڈگری ثابت کرنے پر مجبور کیا جاتا ہے، جیسے ہر ادارہ پہلے ادارے کی ساکھ کو ماننے سے انکاری ہو۔یہ صورتحال بالکل ویسی ہی ہے جیسے کسی شہری سے ہر چند کلومیٹر بعد اس کی شہریت کے کاغذات طلب کیے جائیں۔گریجویٹس پہلے اپنی ہی یونیورسٹی سے فیس ادا کر کے ڈگری ویریفائی کراتے ہیں، اس کے بعد یہی فائل ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) پہنچتی ہے، جہاں نئی فیسیں، نئے فارم اور مہینوں پر محیط انتظار ان کا مقدر بن جاتا ہے۔یہ سب صرف اس بات کے لیے کہ HEC اس حقیقت کو تسلیم کر لے کہ اس کی اپنی منظور شدہ affiliated یونیورسٹی نے واقعی ڈگری جاری کی ہے۔یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر جامعات HEC کے تحت تسلیم شدہ ہیں تو پھر طلبہ کو اتنا ہی طور پر مشکوک کیوں سمجھا جا رہا ہے؟صورتحال اس وقت مزید مضحکہ خیز ہو جاتی ہے جب ڈگری وزارت خارجہ (MOFA) پہنچتی ہے تاکہ HEC کے اسٹیمپ کو بھی ویریفائی کیا جا سکے۔یعنی ایک سرکاری ادارہ دوسرے سرکاری ادارے کی تصدیق پر بھی مطمئن نہیں۔اس تمام عدم اعتماد کا بوجھ براہ راست شہری کے کندھوں پر ڈال دیا جاتا ہے۔حالیہ مثالوں میں MOFA کی جانب سے لگایا گیا QR کوڈ بھی سوالیہ نشان بن چکا ہے۔بعض گریجویٹس کے مطابق QR کوڈ چند ماہ بعد غیر فعال ہو جاتا ہے اور دوبارہ نیا کوڈ لگوانے کے لیے فیس اور انتظار لازم ہو جاتا ہے۔

پاور ڈویژن نے نیٹ میٹرنگ صارفین کے یوٹیس کریڈٹ نہ کرنے کے بارے میں اہم وضاحتی بیان جاری کر دیا، ترجمان آئیسکو

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر)وفاقی وزیر برائے پاور ڈویژن سردار اویس احمد خان لغاری نے پی پی ایم سی (PPMC) کی جانب سے نیٹ میٹرنگ صارفین کے یوٹیس کریڈٹ نہ کرنے سے متعلق جاری ہدایات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ان پر نظرِ ثانی کے احکامات جاری کر دیے ہیں۔پاور ڈویژن کے مطابق کچھ نیٹ میٹرنگ صارفین نے اپنے منظور شدہ لائسنس (DG Capacity) کے تحت اجازت یافتہ صلاحیت سے زائد نیٹ میٹرنگ سسٹم نصب کر رکھے ہیں۔گزشتہ ماہ ایسے بعض صارفین کو نیشنل گرڈ کو فروخت کی گئی بجلی کے یوٹیس کا کوئی کریڈٹ فراہم نہیں کیا گیا، جو کہ درست طریقہ کار نہیں تھا۔پاور ڈویژن نے اس حوالے سے وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ نظرِ ثانی شدہ ہدایات کے تحت اب صرف وہی یوٹیس کریڈٹ نہیں کیے جائیں گے جو منظور شدہ صلاحیت سے زائد ہوں گے، جبکہ منظور شدہ صلاحیت کے مطابق نیشنل گرڈ کو فراہم کی گئی بجلی کے تمام یوٹیس کا مکمل کریڈٹ صارفین کو دیا جائے گا۔اس ضمن میں تمام ڈسکوز کو واضح اور نظرِ ثانی شدہ ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔

پنڈ دادنخان میں پہلی مرتبہ نائٹ پوسٹ آفس سروس کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا

پنڈ دادنخان(تحصیل رپورٹر)پنڈ دادنخان میں پہلی مرتبہ نائٹ پوسٹ آفس سروس کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔اس سلسلے میں افتتاحی تقریب پوسٹ آفس پنڈ دادنخان خان میں منعقد ہوئی۔ تقریب کی خصوصی مہمان مریم ظفر ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ پوسٹل سروسز جو کہ ضلع جہلم ڈویژن کے عہدے پر فائز ہیں۔تقریب میں شہر کی معزز شخصیات نے شرکت کی جن میں کرنل)ر (شاہد رفیق پرنسپل فوجی فاؤنڈیشن اسکول پنڈدادن خان، محمد اکرم ڈی ایس پی پنڈدادن خان، اور پروفیسر نیاز اعوان، البیرونی کالج پنڈدادن خان شامل تھے۔اس کے علاوہ اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ پوسٹل سروسز پنڈدادن خان عدیل شہزاد نے بھی تقریب میں شرکت کی۔ نائٹ پوسٹ آفس سروس کے آغاز کے بعد اب پاکستان پوسٹ کی سہولیات پنڈدادن خان میں صبح کے ساتھ ساتھ شام 3 بجے سے رات 9 بجے تک بھی دستیاب ہوں گی، جس سے شہریوں کو نمایاں سہولت حاصل ہو گی۔ تمام شہری اس سہولت سے بھرپور فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں سینئر صحافی اعجاز مہر کی والدہ کے انتقال پر ایصالِ ثواب کے لیے تعزیتی نشست منعقد کی گئی

سینئر صحافیوں، اینکر پرسنز اور فوٹو جرنلسٹس کی بڑی تعداد نے شرکت کی

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر)نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں سینئر صحافی اعجاز مہر کی والدہ کے انتقال پر ایصالِ ثواب کے لیے تعزیتی نشست منعقد کی گئی۔اس موقع پر سینئر صحافیوں، اینکر پرسنز اور فوٹو جرنلسٹس کی بڑی تعداد نے شرکت کی، فاتحہ خوانی کی اور مرحومہ کے لیے مغفرت، ابدی سکون اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کی دعا کی۔مرحومہ مسز بھانی غلام حسین مہر، عمر 76 برس، 17 جنوری 2026 کو کراچی کے ایک نجی اسپتال میں مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔انہیں سندھ کے ضلع گھوٹکی میں آبائی قبرستان میں سپردِ خاک کیا گیا۔ان کا سوئم 20 جنوری 2026 کو گاؤں عرب مہر، ضلع گھوٹکی میں ہوا۔اس سے قبل کراچی میں اختر حسین مہر اور خالد حسین مہر کی جانب سے جبکہ امریکا کے شہر ہیوسٹن میں سجاد حسین مہر کی جانب سے تعزیتی اجتماعات منعقد کیے گئے۔مرحومہ کے صاحبزادگان اعجاز، اختر، خالد اور سجاد حسین مہر نے تمام اہلِ خانہ، دوستوں، رشتہ داروں، ساتھیوں اور خیر خواہوں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا ہے جنہوں نے بالمشافہ، فون کالز اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے ذریعے تعزیت کا اظہار کیا۔اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب کرے۔آمین۔

مظفر آباد میں ہنی ٹرپ گینگ کی گرفتاری کافی نہیں، قانون کے کٹہرے میں لانے کا مطالبہ

سول سوسائٹی کا سوال، لڑکیوں کے جال میں آ کر آنے والے بااثر افراد کے خلاف کارروائی کب؟

مظفر آباد(نامہ نگار) آزاد کشمیر کے دارالحکومت مظفر آباد میں ہنی ٹرپ کے ذریعے شہریوں کو پھنسا کر لوٹ مار کرنے والے گروہ کی گرفتاری پر اگرچہ شہریوں نے اطمینان کا اظہار کیا ہے، تاہم سول سوسائٹی، سماجی کارکنان اور باشعور حلقوں کا کہنا ہے کہ یہ کارروائی نامکمل ہے اور اصل مسئلے کو نظر انداز کیا جا رہا ہے۔سول سوسائٹی کے نمائندوں کے مطابق، یہ امر کسی سے پوشیدہ نہیں کہ اس گروہ کے پاس آنے والے افراد محض متاثرہ نہیں بلکہ بڑی تعداد میں وہ لوگ بھی شامل تھے جو غلط کاری کی نیت سے اس جال میں داخل ہوئے۔ان کا کہنا ہے کہ قانون اور اخلاقیات کے مطابق غلط کرنے والا اور غلط کروانے والا، دونوں مجرم ہوتے ہیں، اس لیے صرف گینگ کی گرفتاری کو کامیابی قرار دینا انصاف کے تقاضوں کے منافی ہے۔سول سوسائٹی اور سماجی حلقوں نے سوال اٹھایا ہے کہ ان افراد کے خلاف کیا کارروائی ہوگی جو جان بوجھ کر اس نیٹ ورک تک پہنچے؟ کیا بااثر ہونے کی وجہ سے انہیں بچایا جا رہا ہے؟ کیا قانون صرف کمزور طبقے کے لیے ہے؟ سول سوسائٹی کا مطالبہ ہے کہ ہنی ٹریپ گینگ کے ساتھ روابط رکھنے والے تمام افراد کو بے نقاب کیا جائے

پنڈ دادنخان میں پہلی مرتبہ نائٹ پوسٹ آفس سروس کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا

پر ملک و بیرون ملک سے آئے 1,500 سے زائد مند و بین کو ایک جگہ اکٹھا کرنے کا اہم ذریعہ ہے

ایس پی ای پاکستان سیکشن کے زیر اہتمام اسلام آباد میں 31ویں سالانہ ٹیکنیکل کانفرنس (ATC) اور نمائش کا آغاز

آئل اینڈ گیس کے لیڈران، جیو سائنٹسٹس، انجینئرز، پالیسی سازوں، اکیڈمیہ اور گلوبل سٹیک ہولڈرز کو اسٹریٹجک مباحثے اور تکنیکی تبادلہ نہ مباحثے اور تکنیکی تبادلہ خیال موقع ملتا ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) سوسائٹی آف پیٹرولیم انجینئرز (SPE) پاکستان سیکشن کے زیر اہتمام 31ویں دو روزہ سالانہ ٹیکنیکل کانفرنس (ATC) اور نمائش کا آغاز 28 جنوری 2026 کو سرینہ ہوٹل اسلام آباد میں ہوا۔ یہ اے ٹی سی، پاکستان کی آپ اسٹریم آئل اینڈ گیس انڈسٹری کے سب سے بڑے اور اہم پلیٹ فارم کے طور پر ملک و بیرون ملک سے آئے 1,500 سے زائد مند و بین کو ایک جگہ اکٹھا کرنے کا اہم ذریعہ ہے، جہاں آئل اینڈ گیس کے لیڈرا کے لیڈران، جیو سائنٹسٹس، انجینئرز، پالیسی سازوں، اکیڈمیہ اور گلوبل سٹیک ہولڈرز کو اسٹریٹجک مباحثے اور تکنیکی تبادلہ نہ مباحثے اور تکنیکی تبادلہ خیال موقع ملتا ہے۔افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی مشیر برائے نجکاری اور چیئرمین نجکاری کمیشن، جناب محمد علی تھے۔تقریب میں ملکی و بین الاقوامی ای اینڈ پی کمپنیوں، سروس پرو ائیڈرز اور اکیڈمیہ کے منیجنگ ڈائریکٹرز ہی ای اوز اور اعلیٰ قیادت کیساتھ ساتھ مختلف ممالک سے آئے مندوبین نے بھی شرکت کی۔ اے ٹی سی 2026 کا موضوع مقامی وسائل پر انحصار سے توانا مستقبل کا آغاز: پائیدار مستحکم اور بہتر حکمت عملی کیساتھ ہے، جو مقامی وسائل کی ترقی، جدید ٹیکنالوجی کے موثر استعمال اور ذمہ دارانہ عمل کے ذریعے پاکستان کی انرجی سیکورٹی پر مرکوز توجہ کو اجاگر کرتا ہے۔اس موقع پر، اپنے ابتدائی خطاب میں جناب فہیم حیدر، مینجنگ ڈائریکٹر وی ای او ماٹرز انرجیز اور چیئرمین اے ٹی سی 2026 نے اس امر پر زور دیا کہ پاکستان کا انرجی فیوچر کو محفوظ بنانے کیلئے شعبہ کا مقامی وسائل اور جدت پر مبنی اقدامات اٹھانا ناگزیر ہے۔ انہوں نے آفشور بڈ راؤنڈ 2025 سے پیدا ہونیوالی نئی امیدوں، مربوط اور ڈیٹا پر مبنی جیو سائنس و انجینئرنگ سلوشنز کر ذریعے تکنیکی مہارت کی اہمیت، اور ڈھیلا نریشن و آرٹی فیشل انٹلیجنس کے بڑھتے رجحان کو اجاگر کیا، جو کہ کارکردگی تحفظ اور لاگت میں بہتری لانے میں لانے میں مددگار ہیں۔انہوں نے صنعت اور تعلیمی اداروں کے مابین مربوط تعاون کی ضرورت پر بھی زور دیا اور تعلیمی اداروں کے مابین مربوط تعاون کی ضرورت پر بھی زور دیا تاکہ ٹیکنالوجی کے تیز تر فروغ دیتے ہوئے ہنر مند افرادی قوت کی تیاری ممکن بنائی جا سکے۔ تقریب کے دوران مہمان خصوصی نے میگا ایگزیبیشن اینڈ آئل شو کا بھی افتتاح کیا اور ملکی و غیر ملکی نمائندگان نے اسٹالز کا دورہ کیا، جہاں جدید ڈرلنگ سسٹمز، سرفیس ایمپنگ، اسمارٹ کمپلیشن و پروڈکشن آپٹیمائزیشن اور آر ٹیفیشل انجینئس پر مبنی ٹیکنالوجی کو بہتر انداز میں پیش کیا گیا تھا۔

وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں نئے سیکٹرز ڈویلپمنٹ کے حوالے سے اجلاس

وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے شہریوں کو بہترین رہائشی سہولیات فراہم کرنا ہماری ترجیحات میں شامل ہے

وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں نئے سیکٹرز ڈویلپمنٹ کے حوالے سے اجلاس

ممبر ایڈمن طلعت محمود، ممبر انجینئرنگ سید نفاست رضا، ممبر فنانس طاہر نعیم، ممبر پلاننگ و ڈیزائن ڈاکٹر خالد حفیظ، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن سمیت دیگر سنئیر افسران نے شرکت کی

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر)چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی) سی ڈی اے (و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں نئے سیکٹرز ڈویلپمنٹ کے حوالے سے بدھ کے روز سی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز میں اجلاس منعقد ہوا۔جسمیں ممبر ایڈمن طلعت محمود، ممبر انجینئرنگ سید نفاست رضا، ممبر فنانس طاہر نعیم، ممبر پلاننگ و ڈیزائن ڈاکٹر خالد حفیظ، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن سمیت دیگر سنئیر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں نئے سیکٹرز میں ترقیاتی کاموں پر پیشرفت کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا۔متعلقہ افسران نے چیئرمین سی ڈی اے کو سیکٹرز ڈویلپمنٹ کے حوالے سے ہونے والی پیشرفت پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ سیکٹر C-14 میں بنیادی انفراسٹرکچر کا کام تکمیلی مراحل میں داخل ہو چکا ہے۔ بریفنگ دیتے ہوئے مزید بتایا گیا کہ سیکٹر C-14 میں پلاٹس کے قبضہ کی حوالگی کا عمل جلد شروع کیا جائیگا۔چیئرمین سی ڈی اے نے ہدایت کی کہ پلاٹ مالکان کی سہولیات کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام پلاٹس اور گلیوں کے نمبروں کے سائن بورڈز آویزاں کیے جائیں۔انہوں نے سیکٹر C-14 کی تمام پلاٹس کی معلومات جدید ای نقشہ) ای مپ (پر فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی۔چیئرمین سی ڈی اے کو سیکٹر I-12 کے ترقیاتی کاموں میں ہونے والی پیشرفت پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ سیکٹر I-12 میں تقریباً تمام رہائشی و کمرشل پلاٹس اپنے ڈویلپمنٹ کے تکمیلی مراحل میں داخل ہو چکے ہیں۔چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے کہا کہ سیکٹر I-12 میں ای-میپ، سائن بورڈز اور سٹریٹ لائٹس تمام بنیادی انفراسٹرکچر کی سہولیات کو یقینی بنایا جائے۔اجلاس میں سیکٹر E-12 کے ترقیاتی کاموں میں ہونے والی پیشرفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ سیکٹر E-12 کے سب سیکٹرز 1 اور 2 میں بنیادی انفراسٹرکچر کے کام تکمیلی مراحل میں داخل ہو چکے ہیں۔ بریفنگ دیتے ہوئے مزید بتایا گیا کہ سیکٹر E-12 کے سب سیکٹرز 3 میں ڈویلپمنٹ کا کام جاری ہے جبکہ سب سیکٹر 4 میں حائل رکاوٹوں کو دور کر کے ڈویلپمنٹ ورک کیلئے ٹینڈرز جلد جاری کئے جائینگے۔چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ سیکٹر E-12 کے ڈویلپڈ پلاٹس کے قبضے کی حوالگی کو جلد ممکن بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ سیکٹر E-12 میں غیر قانونی تعمیرات و تجاوزات کے مکمل خاتمے کو یقینی بنایا جائے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے ہدایت کی کہ تمام سیکٹرز میں نہ صرف پلاٹس حوالگی کے عمل کو تیز کیا جائے بلکہ بنیادی انفراسٹرکچر و سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے شہریوں کو بہترین رہائشی سہولیات فراہم کرنا ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔

نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں سینئر صحافی اعجاز مہر کی والدہ کے انتقال پر ایصالِ ثواب کے لیے تعزیتی نشست منعقد کی گئی

دونوں افسران کو ان کی اعلیٰ خدمات کے اعتراف میں ستارہ امتیاز (ملٹری) سے نوازا گیا

پاک بحریہ کے دو افسران کی ریئر ایڈمرل کے عہدے پر ترقی

ریئر ایڈمرل ارمغان احمد نے 1994 میں پاک بحریہ کی میرین انجینئرنگ برانچ میں کمیشن حاصل کیا

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر)پاک بحریہ کے دو کموڈورز کو ریئر ایڈمرل کے عہدے پر ترقی دے دی گئی۔ریئر ایڈمرل جاوید ضیا نے 1994 میں پاک بحریہ کی ویپن انجینئرنگ برانچ میں کمیشن حاصل کیا۔ وہ پاکستان نیوی وار کالج لاہور اور نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی اسلام آباد سے فارغ التحصیل ہیں اور نیشنل یونیورسٹی آف سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی (NUST) سے الیکٹریکل انجینئرنگ میں ماسٹر آف سائنس کی ڈگری حاصل کر رکھی ہے۔اپنے شاندار کیریئر کے دوران انہوں نے مختلف اہم تقرریوں پر خدمات سر انجام دیں۔اس وقت ریئر ایڈمرل جاوید ضیا نیول ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں ڈپٹی چیف آف نیول اسٹاف)مٹیریل (کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ریئر ایڈمرل ارمغان احمد نے 1994 میں پاک بحریہ کی میرین انجینئرنگ برانچ میں کمیشن حاصل کیا۔ وہ پاکستان نیوی وار کالج لاہور اور نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی اسلام آباد سے فارغ التحصیل ہیں۔ انہوں نے نیشنل یونیورسٹی آف سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی (NUST) سے مینوفیکچرنگ سسٹم انجینئرنگ میں ماسٹر آف سائنس کی ڈگری حاصل کی۔ اپنے شاندار کیریئر کے دوران وہ مختلف تقرریوں کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ ریئر ایڈمرل ارمغان احمد اس وقت پاکستان نیوی ڈاکیارڈ) کراچی (کے منیجنگ ڈائریکٹر کے طور پر خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔

چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت سی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز میں اجلاس منعقد ہوا

وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے شہریوں کو بہترین، سستی اور ماحول دوست سفری سہولیات فراہم کرنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

اسلام آباد شہر میں الیکٹرک ٹرام منصوبے پر فیزیبلٹی سٹڈی کرانے کا فیصلہ

سی ڈی اے بورڈ کے ممبر ایڈمن طلعت محمود، ممبر پلاننگ و ڈیزائن ڈاکٹر خالد حفیظ، ممبر فنانس طاہر نعیم اور ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن سمیت سی ڈی اے کے دیگر سنئیر افسران نے شرکت کی

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر)چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی) سی ڈی اے (و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ماحول دوست اور جدید عوامی نقل و حمل کے نظام کو فروغ دینے کے مقصد سے الیکٹرک ٹرام اور ای بس منصوبے کے حوالے سے بدھ کے روز سی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز میں اجلاس منعقد ہوا۔جسمیں سی ڈی اے بورڈ کے ممبر ایڈمن طلعت محمود، ممبر پلاننگ و ڈیزائن ڈاکٹر خالد حفیظ، ممبر فنانس طاہر نعیم اور ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن سمیت سی ڈی اے کے دیگر سنئیر افسران نے شرکت کی۔اجلاس میں اسلام آباد شہر میں الیکٹرک ٹرام منصوبے پر جلد فیزیبلٹی سٹڈی کرانے کا فیصلہ کیا گیا۔الیکٹرک ٹرام منصوبے کے تحت ٹرام کیلئے ڈپو، پارکنگ، چارجنگ انفراسٹرکچر اور مرمت کے جدید سہولیات شامل ہوگی۔ منصوبے کو جدید انٹلیجنٹ ٹرانسپورٹ سسٹم (ITS) کے مطابق نافذ العمل بنایا جائیگا۔یہ منصوبہ مکمل طور پر جدید خطوط پر استوار، آرام دہ اور ماحول دوست منصوبہ ہوگا۔اس منصوبے کو جدید ٹرانزٹ سسٹم سے مربوط کیا جائیگا۔چیئرمین سی ڈی اے نے ہدایت کی کہ اس منصوبے کے نظام کو مکمل طور پر ڈیجیٹل اور کیش لیس بنایا جائے۔انہوں نے ہدایت کی کہ اس ماحول دوست ٹرانسپورٹ منصوبے میں کاربن کریڈٹ کے حصول کو پلاننگ فیز میں یقینی بنایا جائے۔چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ الیکٹرک ٹرام منصوبے کو وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے اہم مقامات اور خصوصاً اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے منسلک کرنے کیلئے فیزیبلٹی سٹڈی کرائی جائے۔انہوں نے کہا کہ اس ضمن میں تازہ ترین رائیڈرشپ کے اعداد و شمار اور مستقبل کی مانگ کو مدنظر رکھا جائے۔چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں یہ تاریخی اقدام نہ صرف شہریوں کو جدید سہولیات فراہم کریگا بلکہ ماحولیاتی آلودگی میں کمی کا باعث بھی بنے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے شہریوں کو بہترین، سستی اور ماحول دوست سفری سہولیات فراہم کرنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ہری پور کا دورہ کیا

چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کا چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ہری پور کا دورہ

بی آئی ایس پی اور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے مابین مستحق خواتین کی سکل ٹریننگ، روزگار کے مواقعوں کی فراہمی اور عالمی سطح پر مارکیٹ سے منسلک کرنے کے اقدامات پر اتفاق

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر)بی آئی ایس پی اور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے مابین مستحق خواتین کی سکل ٹریننگ، روزگار کے مواقعوں کی فراہمی اور عالمی سطح پر مارکیٹ سے منسلک کرنے کے اقدامات پر اتفاق *چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ہری پور کا دورہ کیا۔اس موقع پر ہری پور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ملک عمیر خالد، ایگزیکٹو ممبر سید احمد جان سکندر اور دیگر ایگزیکٹو اراکین نے معزز مہمان کا پرتپاک استقبال کیا۔ چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد نے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے زیرِ اہتمام *ہینڈی کرافٹس کی نمائش * کا بھی مشاہدہ کیا، جہاں خواتین کی جانب سے ہاتھ سے تیار کردہ مختلف مصنوعات، بالخصوص ملبوسات اور دیگر دستکاریاں نمائش کے لیے پیش کی گئی تھیں۔ چیئرپرسن نے مختلف اسٹالز کا دورہ کیا اور خواتین کی محنت، تخلیقی صلاحیت

Sports کھیل کھلاڑی

پہلا ٹی20، آسٹریلیا نے شکست کے باوجود ایک اہم ریکارڈ بنا لیا

آسٹریلیا کی ٹیم نے پاکستان کے 168 رنز کے جواب میں 8 وکٹوں پر 146 رنز بنائے اور 22 رنز سے میچ ہار گئی

لاہور(سپورٹس ڈیسک) آسٹریلیا کو 3 میچوں کی ٹی20 سیریز کے پہلے میچ میں پاکستان کے ہاتھوں 22 رنز سے شکست کا سامنا کرنا پڑا تاہم ایڈم زمپا اور بارٹلیٹ نے 9 ویں وکٹ کی شراکت میں میزبان ٹیم کے خلاف سخت مزاحمت کرتے ہوئے ریکارڈ قائم کیا۔قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے گئے سیریز کے پہلے ٹی20 میچ میں پاکستان کے کپتان سلمان علی آغا نے ٹاس جیت کر پہلے خود بیٹنگ کا فیصلہ کیا تاہم آسٹریلیا کے بولرز نے میزبان ٹیم کے بیٹرز کو مشکل میں رکھا۔پاکستان کی جانب سے صائم ایوب نے 22 گیندوں پر 3 چوکوں اور دو چھکوں کی مدد سے 40 رنز کی نمایاں اننگز کھیلی اور کپتان سلمان آغا نے 39 رنز بنائے،جس کی بدولت پاکستان نے مقررہ اوورز میں 8 وکٹوں پر 168 رنز بنائے۔آسٹریلیا نے آسان نظر آنے والے ہدف کا تعاقب ناقص انداز میں کیا اور ٹیم 100 رنز سے پہلے ہی 6 وکٹوں سے محروم ہوگئی اور 112 رنز پر 8 وکٹیں گر گئیں اور شکست کے بادل منڈھلانے لگے تو ایڈم زمپا اور بارٹلیٹ نے بہترین شراکت داری قائم کی۔ایڈم زمپا اور بارٹلیٹ نے 9 ویں وکٹ کی شراکت میں بالترتیب 5 اور 34 رنز بنا کر آسٹریلیا کی جیت کی امیدیں بحال ضرور کیں لیکن وہ ٹیم کو جیت دلانے میں کامیاب نہ ہوسکے۔دونوں کھلاڑیوں نے آؤٹ ہوئے بغیر 9 ویں وکٹ کی شراکت میں 34 رنز بنائے جو آسٹریلیا کی جانب سے 9 وکٹ کی سب سے بڑی شراکت کا ریکارڈ ہے۔آسٹریلیا کے لیے ٹی20 کرکٹ میں 9 وکٹ کے لیے کلنٹ مک کے اور کولٹر نیل کے درمیان 23 رنز کی شراکت کا ریکارڈ تھا جو زمپا اور بارٹلیٹ نے توڑ دیا۔پاکستان نے ٹی20 ورلڈ کپ سے قبل ہونے والی اہم سیریز میں 0-1 کی برتری حاصل کرلی، صائم ایوب کو 40 رنز کی اننگز کھیلنے پر میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

پہلا ٹی ٹوئنٹی : پاکستان کا فاتحانہ آغاز، آسٹریلیا کو 22 رنز سے شکست

صائم ایوب 40 رنز بنا کر نمایاں بلے باز رہے جبکہ کپتان سلمان علی آغا نے 39 اور بابر اعظم نے 24 رنز کی اننگز کھیلی



لاہور(سپورٹس ڈیسک) پاکستان نے سیریز کے پہلے ٹی 20 میچ میں آسٹریلیا کو 22 رنز سے شکست دے کر فاتحانہ آغاز کردیا۔تفصیلات کے مطابق پاکستان اور آسٹریلیا کی ٹیموں کے درمیان ٹی 20 سیریز کا پہلا میچ لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں کھیلا گیا،جس میں کپتان سلمان آغا نے ٹاس جیت پر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔پاکستان نے مقررہ 20 اوورز میں آسٹریلیا کو جیت کیلیے 169 رنز کا ہدف دیا جس کے تعاقب میں آسٹریلیا کی بیٹنگ لائن بری طرح سے ناکام رہی۔پاکستان ٹیم نے پہلی ہی گیند پر وکٹ گنوانے کے باجود جارحانہ انداز اپنایا اور ابتدائی 10 اوورز میں پاکستان نے 3 وکٹوں کے نقصان پر 92 رنز بنائے۔صائم ایوب 40، کپتان سلمان علی آغا 39 اور صاحبزادہ فرحان بغیر کوئی رن بنائے آؤٹ ہوئے۔اس کے علاوہ بابر اعظم نے 24 رنز کی اننگز کھیلی۔آسٹریلیا کی جانب سے ایڈم زیمپا نے 4، زیویئر بارٹلیٹ اور ماہل بریڈ مین نے 2، 2 کھلاڑیوں کو شکار بنایا۔پاکستان کی جانب سے دیے گئے 169 رنز ہدف کے تعاقب میں آسٹریلیا کی بیٹنگ لائن بری طرح سے ناکام رہی اور صرف 80 کے مجموعی اسکور پر 5 کھلاڑی آؤٹ ہوئے۔آسٹریلیا کی پہلی وکٹ 21، دوسری 28 پر گری جس کے بعد بلے بازوں نے سنبھل کر بیٹنگ کی تو 68 رنز پر میتھو رنشا رن آؤٹ ہوگئے۔پھر 68 رنز پر ہی کونولی آؤٹ ہوئے۔اس کے بعد 80 کے مجموعی اسکور پر مچل اون بھی رن آؤٹ ہوئے۔ہدف کے تعاقب میں آسٹریلوی ٹیم مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 146 رنز تک محدود رہی۔صائم ایوب اور ابرار احمد نے 2، 2 جبکہ شاداب خان اور محمد نواز نے 1، 1 وکٹ حاصل کی۔

بھارتی ایوارڈ یافتہ صحافی نے بی سی سی آئی کو کرکٹ کی تباہی کا ذمہ دار قرار دے دیا

آئی سی سی کا ہیڈ کوارٹر آج دراصل بی سی سی آئی کا دبئی آفس بن چکا ہے

لاہور(سپورٹس ڈیسک)بھارت میں ایوارڈ یافتہ خاتون صحافی شاردا اگرا نے انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) اور خاص طور پر بورڈ آف کنٹرول فار کرکٹ ان انڈیا (BCCI) پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ کرکٹ کی تباہی کا مرکزی سبب بی سی سی آئی ہے۔شاردا اگرا نے کہا کہ موجودہ ٹی 20 ورلڈ کپ کے تنازعے کو بے انتظامی اور غیر سنجیدگی سے ہینڈل کیا گیا جس سے کھیل کی ساکھ متاثر ہوئی ہے۔ان کے مطابق آئی سی سی کا ہیڈ کوارٹر آج دراصل بی سی سی آئی کا دبئی آفس بن چکا ہے اور ایگزیکٹو بورڈ وہی فیصلہ کرتا ہے جو بی سی سی آئی چاہتا ہے۔انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش کو بھارت میں میچ کھیلنے سے روکنے اور اس کے ورلڈ کپ سے باہر ہونے کا معاملہ بے حد بدانتظامی کے ساتھ نمٹا گیا اور اسی وجہ سے آئی سی سی کی ساکھ کو نقصان پہنچا ہے۔شاردا اگرا نے مزید کہا کہ پاکستان کے ورلڈ کپ سے دستبردار ہونے کے امکان سے آئی سی سی کو مالی نقصان ہوگا کیونکہ پاک بھارت میچ سے سب سے زیادہ آمدنی حاصل ہوتی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ پاکستان نے ماضی میں بھارت کے رویوں کا جواب دیا ہے اور بی سی سی آئی بھارت کے حکمرانوں سے جڑی ہوئی ہے۔انہوں نے نشاندہی کی کہ جامع قوانین اور شفافیت کے فقدان کی وجہ سے کھیل سیاسی تنازعات کی نذر ہو رہا ہے اور بین الاقوامی کرکٹ باڈی اب سنجیدہ کھیل تنظیم نہیں رہی۔شاردا اگرا نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ انگلینڈ اور آسٹریلیا کے کرکٹ بورڈز بھی بی سی سی آئی کے سہولت کار بن چکے ہیں۔۔

پی سی بی کا پاک آسٹریلیائی ٹوئنٹی سیریز کے لیے کمنٹری پینل کا اعلان

سابق آسٹریلوی ٹیسٹ اوپنر سائمن کیٹچ اس سیریز میں بطور کمنٹیٹر فرائض انجام دیں گے

لاہور(سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان ہونے والی تین میچوں پر مشتمل ٹی ٹوئنٹی سیریز کے براڈ کاسٹ اور کمنٹری پینل کی تفصیلات جاری کردی ہیں۔پی سی بی کے مطابق سابق آسٹریلوی ٹیسٹ اوپنر سائمن کیٹچ اس سیریز میں بطور کمنٹیٹر فرائض انجام دیں گے۔ان کے ساتھ قومی کرکٹ کے معروف نام عامر سہیل، رمیز راجہ، بازید خان اور عروج ممتاز بھی کمنٹری پینل کا حصہ ہوں گے۔سیریز کے دوران پی سی بی کے چیچ سائیڈ اسٹوڈیو کی میزبانی زینب عباس کریں گی جبکہ پری اور پوسٹ میچ شوز میں کرکٹ ماہرین اپنے تجزیے پیش کریں گے۔یاد رہے کہ پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان ٹی ٹوئنٹی سیریز کا آغاز جمعرات سے ہوگا جبکہ دوسرا اور تیسرا ٹی ٹوئنٹی میچ بالترتیب 31 جنوری اور یکم فروری کو کھیلا جائے گا۔سیریز کے تمام میچز شام 4 بجے شروع ہوں گے۔پی سی بی کے مطابق سیریز کی ہائی ڈیفینیشن براڈ کاسٹنگ 28 کیمروں کے ذریعے کی جائے گی جس میں ہگی کیم، ہاک آئی اور الٹرا ایج جیسی جدید ٹیکنالوجیز شامل ہوں گی۔اس کے علاوہ ڈی آر ایس ٹیکنالوجی بھی تینوں میچز میں دستیاب ہوگی۔

ایشیا کپ: پاک یواے ای میچ کے دوران امپائر زخمی ہو کر میدان سے باہر چلے گئے

لاہور(سپورٹس ڈیسک) پاکستان اور یواے ای کے درمیان ایشیا کپ میچ میں امپائر زخمی ہو کر میدان سے باہر چلے گئے۔یواے ای کی اننگز کے چھٹے اوور میں پاکستانی وکٹ کیپر محمد حارث نے گیند بولر صائم ایوب کی جانب اچھالی جو سری لنکن امپائر روچیرا پالیاگروگے کے جا لگی۔فزیو نے میدان میں آکر ان کا معائنہ کیا اس دوران میچ کچھ دیر تک رکا رہا۔امپائر میچ چھوڑ کر میدان سے باہر چلے گئے، ان کی جگہ ریزرو امپائر غازی سہیل نے میچ میں فرائض نبھائے۔واضح رہے کہ پاکستان نے یواے ای کو 41 رنز سے شکست دے کر سپر فور مرحلے میں رسائی حاصل کرلی ہے۔

میچ ریفری کو ہٹایا جائے، پی سی بی نے آئی سی سی کو ایک اور خط لکھ دیا

لاہور(سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کو میچ ریفری کی تبدیلی سے متعلق ایک اور خط لکھ دیا۔ذرائع کے مطابق پی سی بی نے آئی سی سی کو میچ ریفری تبدیل کرنے کا مطالبہ تسلیم نہ کرنے پر جوابی خط میں بھی سخت موقف اختیار کیا اور میچ ریفری اینڈی پائیکرافٹ کے خلاف ایکشن نہ لینے کے فیصلے کو مسترد کردیا۔پی سی بی نے میچ ریفری اینڈی پائیکرافٹ کو ہٹانے کا اپنا اصولی مطالبہ پھر دہرا دیا ہے جس کے بعد پاکستان اور یواے ای کے درمیان آج طے شدہ میچ کے انعقاد پر شکوک وشبہات برقرار ہیں۔ذرائع کا کہنا ہے کہ پی سی بی اینڈی پائیکرافٹ کو نہ ہٹائے جانے پر ایشیا کپ کے باقی میچز کا بائیکاٹ کرنے کے موقف پر قائم ہے۔ذرائع کا کہنا ہے کہ پی سی بی نے متنازع ریفری کیخلاف آئی سی سی انکوائری کو بھی رسمی کارروائی قرار دیا گیا ہے،انکوائری کے لیے تمام پہلوؤں کا نہ جائزہ لیا گیا اور نہ متعلقہ لوگوں سے رابطہ کیا گیا۔

ایشیا کپ تنازع: محسن نقوی کی سابق چیئرمینز نجم سیٹھی اور رمیز راجا سے مشاورت

لاہور(سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے چیئرمین اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایشیا کپ میں پاک-بھارت میچ کے بعد پیدا ہونے والی صورت حال پر سابق پی سی بی چیئرمینز نجم سیٹھی اور رمیز راجا سے مشاورت کرلی۔چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے سابق چیئرمینز نجم سیٹھی اور رمیز راجا کو مشاورت کے لیے ہیڈ آفس آنے کی دعوت دی جہاں ایشیا کپ میں پیدا ہونے والے تنازع پر مشاورت کی گئی۔مزید بتایا گیا کہ اس حوالے سے مشاورت کا عمل حتمی مرحلے میں داخل ہوگیا ہے۔اس دوران دبئی میں قومی ٹیم کو ہوٹل سے گراؤنڈ بھیجنے کا فیصلہ کیا گیا اور ٹیم اسٹیڈیم کے لیے روانہ ہوگئی۔

فیفا ورلڈ کپ ٹرافی کا ایونٹ سے قبل پاکستان کا دورہ متوقع

فیفا کی مدد سے پاکستان میں فٹبال کی ترقی کے لیے جامع منصوبہ بندی کی جائے گی، شاہد کھوکھر

لاہور(سپورٹس ڈیسک)فیفا ورلڈ کپ ٹرافی کا میگا ایونٹ سے پہلے دورہ پاکستان متوقع ہے۔پاکستان فٹبال فیڈریشن کے چیف آپریٹنگ آفیسر شاہد کھوکھر نے ایکسپریس نیوز کے مارننگ شو ایکسپریسو میں بطور مہمان شرکت کی۔فیفا اور اے ایف سی کے ساتھ گہرے روابط رکھنے والے شاہد کھوکھر نے پاکستان میں فٹبال کے 10 سالہ بحران کے حل میں بنیادی کردار ادا کیا۔پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے شاہد کھوکھر نے کہا کہ فٹبال کی عالمی تنظیم کے سربراہ جیانی انفینٹینو کی پاکستان آمد رواں برس کسی وقت ممکن ہوسکتی ہے جو ملک میں فٹبال کی ترقی کے نئے دروازے کھولے گیا انہوں نے کہا کہ فیفا کی مدد سے پاکستان میں فٹبال کی ترقی کے لیے جامع منصوبہ بندی کی جائے گی۔شاہد کھوکھر نے کہا کہ 2026 فٹبال ورلڈ کپ کا سال ہے، اس مناسبت سے پاکستان میں بھی پروموشنل پروگرام ہوں گے۔رواں برس پاکستان میں پروفیشنل لیگ کرانے کا بھی پلان ہے۔ان کا کہنا تھا کہ ایک لمبے عرصے کے بعد انتخابات ہوئے جس کے بعد اب محسن گیلانی کی سربراہی میں پاکستان فٹبال فیڈریشن فعال کام کررہی ہے۔شاہد کھوکھر نے کہا کہ محسن گیلانی کا بطور فٹبال منتظم بہت اہم کردار رہا ہے،یقین ہے کہ پاکستان میں بھی اب کھیل کو مزید فروغ ملے گا۔پاکستان کو اس مقام تک پہنچانے کی کوشش کی جائے گی جس کا پاکستان مستحق ہے۔ایک سوال کے جواب میں شاہد کھوکھر کا کہنا تھا کہ اس وقت میں ملک میں ووٹنگ کلبز دو ہزار 400 سے دو ہزار 500 اور پاکستان میں رجسٹرڈ فٹبال کلبز کی تعداد 6 ہزار کے قریب ہے، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ کس سطح پر کھیل کے لیے کام ہو رہا ہے۔

کپتان کا ابھی نہیں سوچا، بابر اعظم کو شامل کرنا چاہتے ہیں، اونر حیدر آباد فرنچائز

اچھا ہوتا کہ کوئی ریٹینشن نہیں کی جاتی اور زیرو سے آغاز ہوتا، فواد سرور

لاہور(سپورٹس ڈیسک) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی نئی فرنچائز حیدرآباد نے کوچنگ کی ذمہ داری آسٹریلیا کے جیسن گلیسپی کو سونپ دی ہے۔حیدرآباد ٹیم کے اونر فواد سرور نے امریکا سے ایکسپریس کو دیے گئے خصوصی انٹرویو میں بتایا کہ کریگ وائٹ اور گرانٹ بریڈ برن اسسٹنٹ کوچز ہوں گے۔فواد سرور کے مطابق غیر ملکی کوچز کی تقرری سے کھلاڑیوں کو خاصہ فائدہ ہوگا۔ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ قیادت میں پاکستانی یا غیر ملکی کسی کا کوئی حق نہیں کہ نام بڑا یا سینئر پلیئر ہے تو اسے ہی ذمہ داری ملے گی، ہمارا اپنا ایک طریقہ کار ہے جس پر مشاورت کے بعد فیصلہ کریں گے۔ٹیم اونر نے کہا کہ کپتان تو کسی کو بھی بنایا جاسکتا ہے لیکن اسے اچھا لیڈر ہونا چاہیے، جو بھی مناسب پلیئر ہوگا ہم اس کو قیادت سونپیں گے۔فواد سرور نے کہا کہ بابر اعظم میرے پسندیدہ کرکٹر ہیں، اگر چانس بنا تو ہم انہیں اپنی ٹیم میں شامل کرنا چاہیں گے۔فی الحال کسی اور کھلاڑی کے بارے میں نہیں سوچا، جب پتہ چلے گا کہ کس ٹیم نے کسے برقرار رکھا ہے تب ہی کوئی فیصلہ کریں گے۔

Showbiz رونق میلہ

جاوید احمد نے موجودہ دور کے گلوکاروں کو لالچی قرار دے دیا

گلوکاری سے کوئی آمدن حاصل نہیں کرتا، کیونکہ اس شعبے میں مالی لالچ نہیں ہونی چاہیے، جاوید احمد

لاہور(شوبز رپورٹر) نوے کی دہائی کے معروف پاکستانی گلوکار اور موجودہ سیاست دان جاوید احمد آج کل اپنے متنازع بیانات کی وجہ سے خبروں میں ہیں۔موسیقی سے کنارہ کشی اختیار کرنے کے بعد جاوید احمد اکثر سیاسی شخصیات، شوبز ستاروں اور اپنے ہم عصروں پر تنقیدی گفتگو کرتے دکھائی دیتے ہیں، جس پر انہیں خاصی تنقید کا سامنا بھی رہتا ہے۔حال ہی میں ایک نیوز شو میں انہوں نے مشہور گلوکاروں کو 'لالچی' قرار دے دیا۔

استاد امانت علی خان کو مداحوں سے بچھڑے 51 برس گزر گئے

لاہور(شوبز رپورٹر) برصغیر کے عظیم کلاسیکل گلوکار اور پٹیالہ گھرانے کے معروف فنکار اُستاد امانت علی خان کو دنیا سے رخصت ہوئے 51 برس بیت چکے ہیں، مگر ان کی گائی ہوئی غزلیں اور نغمے آج بھی سامعین کے دلوں کو چھو لیتے ہیں۔1922 میں ہوشیار پور (برصغیر) میں پیدا ہونے والے امانت علی خان نے موسیقی کی ابتدائی تعلیم اپنے والد اُستاد اختر حسین خان سے حاصل کی۔ وہ پٹیالہ گھرانے کے بانی علی بخش جرنیل کے پوتے اور اُستاد فتح علی خان کے بھائی تھے۔ ان دونوں بھائیوں نے ایک ساتھ پرفارمنس دے کر بے پناہ مقبولیت حاصل کی۔قیام پاکستان کے بعد امانت علی خان لاہور منتقل ہوئے اور ریڈیو پاکستان سے وابستہ ہوگئے، جہاں انہوں نے کلاسیکل و نیم کلاسیکی گائیکی میں منفرد مقام حاصل کیا۔ان کے معروف گیتوں میں 'ہونٹوں پہ کبھی ان کے میرا نام ہی آئے'، 'چاند میری زمیں پھول میرا وطن' اور 'یہ آرزو تھی تجھے گل کے روبرو کرتے' شامل ہیں۔

صائمہ قریشی نے سنگل رہنے کے فائدے بتا دیے، مداحوں میں بحث

تقریباً دو دہائیوں سے شوبز سے وابستہ صائمہ قریشی کو خاص طور پر منفی کرداروں میں بے حد پسند کیا جاتا ہے

لاہور(شوبز رپورٹر) پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کی سینئر اداکارہ صائمہ قریشی نے پہلی بار کھل کر اپنی سنگل زندگی پر بات کرتے ہوئے اس کے مثبت اور منفی پہلوؤں سے پردہ اٹھا دیا ہے۔تقریباً دو دہائیوں سے شوبز سے وابستہ صائمہ قریشی کو خاص طور پر منفی کرداروں میں بے حد پسند کیا جاتا ہے، جبکہ وہ معروف اداکار فیصل قریشی کی کزن بھی ہیں۔صائمہ قریشی طلاق کے بعد سنگل زندگی گزار رہی ہیں اور تین بڑے بیٹوں کی ماں ہیں۔حال ہی میں وہ نجی چینل کے شو میں شریک ہوئیں جہاں انہوں نے غیر شادی شدہ زندگی گزارنے کے تجربے پر کھل کر گفتگو کی۔ پروگرام کی میزبان نادیہ خان نے جب کہا کہ ہمارے کئی سنگل دوست بہت خوش نظر آتے ہیں، آپ کے لیے سنگل ہونا کیسا ہے اور کن مشکلات کا سامنا رہتا ہے؟ تو صائمہ قریشی نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ ان کے معاملے میں وہ مکمل طور پر اکیلی ہیں کیونکہ نہ والد ہیں اور نہ بھائی، اس لیے گھر کے تمام کام وہ خود ہی کرتی ہیں۔اداکارہ کا کہنا تھا کہ اگر سنگل ہونے کا مطلب غیر شادی شدہ ہونا ہے تو ان کے خیال میں ایسی خواتین زیادہ خوش رہتی ہیں اور شاید اسی وجہ سے زیادہ لمبی عمر بھی پاتی ہیں، کیونکہ ان کی زندگی میں کوئی ایسا شخص نہیں ہوتا جو مستقل ذہنی دباؤ دے۔انہوں نے کہا کہ ہر رشتے میں ایک وقت ایسا آتا ہے جب بحث شروع ہوجاتی ہے، جبکہ سنگل رہ کر انسان نسبتاً پُرسکون زندگی گزار سکتا ہے۔صائمہ کے مطابق یہ زندگی مکمل طور پر بے عیب نہیں، مگر کئی حالات سے کہیں بہتر ضرور ہے۔

فلم ہیرا پھیری 3 میں بابو راؤ کا کردار شامل نہیں؟ پریش راول کا اہم انکشاف

ہیرا پھیری 3 تنازع، اکشے کمار کیساتھ اختلافات پر پریش راول کھل کر بول پڑے

لاہور(شوبز رپورٹر) بھارت کے نامور اداکار پریس راول نے فلم 'ہیرا پھیری 3' کے حوالے سے اکشے کمار اور فلم میکرز سے اختلافات پر بات کرتے ہوئے کہا کہ اگر وہ بابو راؤ کے بغیر اس فلم کو بنانے کا سوچ رہے ہیں تو یہ بہت بڑی ناکامی ہوگی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایک انٹرویو کے دوران تمام تر اختلافات کے باوجود سینئر بھارتی اداکار پریش راول نے تصدیق کی ہے کہ یہ فلم ضرور بنے گی، ایک بار اکشے کمار اور فلم کے میکرز اپنے اختلافات حل کرلیں تو 'ہیرا پھیری 3' ضرور بنے گی۔یاد رہے کہ ہیرا پھیری کے ماضی کی دو فلمیں سپر ہٹ ثابت ہوئے ہیں۔۔

60 کروڑ کے فراڈ کیس میں نیہا دھوپیا اور بپاشا باسو کے ملوث ہونے کا انکشاف

لاہور(شوبز رپورٹر) بالی ووڈ کی اداکارہ شلپا شیٹی کے شوہر اور بزنس مین راج کندرا 60 کروڑ روپے کے فراڈ کیس میں بھارتی اداکارہ نیہا دھوپیا اور بپاشا باسو کا نام بھی سامنے آگیا ہے۔ان دنوں راج کندرا اور اداکارہ شلپا شیٹی 60 کروڑ روپے سے زائد کے فراڈ کیس میں تحقیقات کا سامنا کر رہے ہیں، یہ مقدمہ ان کی سابقہ کمپنی کا ہے جس میں ان کی اہلیہ اداکارہ شلپا شیٹی کے ملوث ہونے کا بھی اشارہ دیا گیا ہے۔اس ہائی پروفائل کیس کی تفتیش ممبئی پولیس کی اکنامک آفینسز ونگ (EOW) کر رہی ہے جس میں اب نئے انکشافات سامنے آئے ہیں۔بھارتی میڈیا کے مطابق راج کندرا نے تحقیقاتی ٹیم کو اپنے نئے بیان میں بتایا ہے کہ کمپنی کے جمع شدہ فنڈز کا ایک بڑا حصہ بنائی جانے والی فلموں اور دیگر پراجیکٹس کی تشہیری مہم پر خرچ کیا گیا، جس میں تقریباً 20 کروڑ بھارتی روپے پروموشن اور دیگر اخراجات پر خرچ کیے گئے۔

ہالی ووڈ کے ہزار سے زائد فنکاروں کا اسرائیلی فلمی اداروں کا بائیکاٹ

لاہور(شوبز رپورٹر) ہالی ووڈ کے ایک ہزار سے زائد فنکاروں، فلم سازوں اور دیگر تخلیقی شخصیات نے اسرائیلی فلمی اداروں کے بائیکاٹ کا اعلان کر دیا۔غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق اس اقدام کا مقصد ان اداروں کے ساتھ کسی بھی قسم کا تعاون روکنا ہے جو مبینہ طور پر فلسطینیوں کے خلاف جاری پرتشدد کارروائیوں اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں میں شریک ہیں۔اس بائیکاٹ کا اعلان ایک اجتماعی حلف نامے کے ذریعے کیا گیا ہے جس پر ہالی ووڈ کی معروف شخصیات جیسے کہ آسکر ایوارڈ یافتہ اداکارہ اولیویا کولمین، ہدایتکارہ آوا ڈو ورنے، اداکارہ ٹلڈا سوئنٹن، مارول فلموں کے اداکار مارک روفیلو، اور ہدایتکار ایڈم مکائے نے دستخط کیے ہیں۔

جسٹن ٹروڈو اور کیٹی پیری کے تعلقات سے متعلق نیا دعویٰ سامنے آگیا

لاہور(شوبز رپورٹر) غیر ملکی میڈیا رپورٹ میں دعویٰ سامنے آیا ہے کہ مشہور پاپ گلوکارہ کیٹی پیری اور کینیڈا کے سابق وزیر اعظم جسٹن ٹروڈو کے درمیان تعلقات اب بھی قائم ہیں۔ امریکی جریدے Us Weekly کے مطابق کئی ذرائع نے تصدیق کی ہے کہ جولائی کے آخر میں ایک ساتھ ڈنر کرنے کے بعد بھی کیٹی پیری اور جسٹن ٹروڈو رابطے میں ہیں اور ایک دوسرے میں دلچسپی رکھتے ہیں تاہم انہوں نے اس رشتے کو نجی رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔غیر ملکی میڈیا کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ دونوں کے درمیان تعلقات ضرور ہیں مگر یہ رشتہ اس وقت 'سنجیدہ' نہیں ہے کیونکہ کیٹی پیری اپنی 'لائف ٹائمز' ٹور میں مصروف ہیں اور جسٹن ٹروڈو کی بھی مصروفیات ہیں۔تاہم ٹروڈو اور گلوکارہ اگلے چند ہفتوں میں ملاقات کرسکتے ہیں جس کی منصوبہ بندی سابق وزیر اعظم نے کی ہے کیونکہ تب تک کیٹی کو ٹور سے بریک مل جائے گا۔

مشہور 23 سالہ انفلوئنسر کی لاپتہ ہونے کے بعد پُراسرار موت

23 سالہ ماریان یکم ستمبر کو لاپتہ ہوئی تھیں

لاہور(سپورٹس ڈیسک) میکسیکو کی معروف فیشن انفلوئنسر اور ٹک ٹاک اسٹار ماریان اِزا گیرے پراسرار طور پر لاپتہ ہونے کے بعد انتقال کرگئیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق ماریان اِزا گیرے چند روز قبل پراسرار طور پر لاپتہ ہوگئی تھیں۔ پانچ دن بعد ریاست مشیوا کان کے شہر مورلیا کے ایک ہوٹل سے خراب حالت بازیاب ہوئی تھیں بازیابی کے بعد طبی امداد کیلئے فوری طور پر اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں وہ دوران علاج جانبر نہ ہوسکیں۔پولیس کے مطابق 23 سالہ ماریان یکم ستمبر کو لاپتہ ہوئی تھیں بازیابی کے وقت ٹک ٹاکر انتہائی نازک حالت میں تھیں اور انہیں دماغی مفلوجی (برین فیلیئر) کا سامنا تھا، جس کے باعث ان کی موت واقع ہوئی۔یاد رہے کہ حکام نے واقعے کی تحقیقات کا آغاز کردیا ہے اور ٹک ٹاکر کی موت کی وجوہات جاننے کے لیے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا جارہا ہے۔

بھارتیوں سے عزت کی توقع نہیں، احمد علی بٹ کی جاوید اختر پر تنقید

ہم نے انہیں عزت دی لیکن انہوں نے پاکستان مخالفت میں بہت کچھ کیا، اداکار

لاہور(شوبز رپورٹر) پاکستان کے نامور اداکار وکامیڈین احمد علی بٹ نے بھارتی مصنف وشاعر جاوید اختر پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ آپ بھارتیوں سے عزت کی توقع نہیں کرسکتے۔ احمد علی بٹ پاکستان کے معروف ٹیلی وژن اور فلمی فنکار ہیں، جو بے شمار صلاحیتوں کی وجہ سے جانے جاتے ہیں۔انہوں نے اپنے کیریئر کا آغاز 'جٹ اینڈ بانڈ' اور 'انسپکٹر کھوجی' جیسے سٹ کامز سے کیا، بعدازاں وہ بینڈ 'ای پی' کے ساتھ گلوکاری میں بھی متحرک رہے۔آج احمد علی بٹ ایک بہترین اداکار اور میزبان کے طور پر پہچانے جاتے ہیں، ان کے مقبول ڈراموں میں 'جینٹل مین' اور 'جھوٹی' شامل ہیں، جب کہ وہ 'جوانی پھر نہیں آنی'، 'جوانی پھر نہیں آنی 2' اور 'پنجاب نہیں جاؤں گی' جیسی کامیاب فلموں میں بھی اداکاری کے جوہر دکھا چکے ہیں۔ان دنوں وہ باقاعدگی سے اپنے پوڈ کاسٹ کرنے میں مصروف ہیں، جہاں وہ قومی اور بین الاقوامی سطح پر وائرل اور متنازع موضوعات پر اپنی رائے کا اظہار کرتے ہیں۔حال ہی میں احمد علی بٹ نے اپنے پوڈ کاسٹ میں بھارتی اداکار جاوید اختر پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ ان بھارتی فنکاروں میں شامل ہیں جو اپنی قدر و وقار کھو چکے ہیں۔

بالی ووڈ اداکارہ کا انڈسٹری میں صنفی امتیاز سے متعلق ہوشربا انکشاف

اداکارہ نے یہ بھی واضح کیا کہ انہوں نے کبھی اس سوچ کو خود پر حاوی نہیں ہونے دیا

لاہور(شوبز رپورٹر) اداکارہ مونا سنگھ نے ویب سیریز 'کوہرا' کے دوسرے سیزن کی ریلیز سے قبل بالی ووڈ میں عمر کی بنیاد پر امتیاز سے متعلق کھل کر بات کی ہے۔44 سالہ اداکارہ کا کہنا ہے کہ انہوں نے کبھی اسکرین پر اپنی عمر کو مسئلہ نہیں بنایا کیونکہ وہ خود پُراعتماد ہیں اور بخوبی جانتی ہیں کہ وہ کون ہیں۔ایک انٹرویو میں مونا سنگھ نے کہا کہ انہیں خود کو ثابت کرنے کی کوئی ضرورت محسوس نہیں ہوتی، اسی لیے وہ مختلف اور چیلنجنگ کردار کرنے کا حوصلہ رکھتی ہیں۔ان کے مطابق لوگ اکثر ان سے سوال کرتے ہیں۔۔

ہائی کورٹ نے ٹرائل کورٹ کے حکم کو برقرار رکھتے ہوئے کہا کہ مقدمے کے اختتام تک بیانات پر پابندی عائد کرنا قانونی اور جائز ہے

یہ ٹی وی پروگرام اس سے قبل متعیرا کی میزبانی میں ہوا کرتا تھا، جس کے کئی متنازع کلپ پہلے ہی وائرل ہیں

لاہور(شوبز رپورٹر) لائیو ٹی وی پروگرام پر نک ٹاکر لڑکیوں کے لڑنے اور ایک دوسرے کے بال کھینچنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہے۔یہ ٹی وی پروگرام اس سے قبل متعیرا کی میزبانی میں ہوا کرتا تھا، جس کے کئی متنازع کلپ پہلے ہی سوشل میڈیا پر موجود ہیں اور صارفین کی تنقید کا نشانہ بن رہے ہیں۔لیکن حالیہ تنازع نے ایک بار پھر خبروں میں جگہ بنالی ہے۔اس شو کی میزبانی آج کل یونس خان کررہے ہیں، جو حالیہ دنوں میں لائیو ٹی وی پر ہونے والے تنازعات اور گرما گرمی کے باعث توجہ حاصل کر رہے ہیں۔چند دن قبل یونس خان اس وقت وائرل ہوئے تھے جب معروف کامیڈین ولی شیخ سے متعلق ایک کلپ سامنے آیا تھا، جس میں ولی شیخ نے لائیو شو میں ہونے والی بے عزتی پر مایوسی کا اظہار کیا تھا۔اب ایک اور واقعے نے شو کو ایک بار پھر سوشل میڈیا کی سرخیوں میں لا کھڑا کیا ہے۔ا

بقیہ 1

نے پی آئی اے کی نجکاری کا عمل شفاف انداز میں مکمل ہونے پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یقین ہے نجکاری کے بعد پی آئی اے کی عظمت رفتہ بحال ہوگی اور عوام کو صرف بہترین سفری سہولیات فراہم ہوں گی ، پاکستان کا نام بھی بلند ہوگا۔ وہ جمعرات کو یہاں پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز کی نجکاری کے حوالے سے حکومت اور عارف حبیب کنسورشیم کے مابین ٹرانزیکشن کی دستاویزات پر دستخط وتبادلے کی تقریب میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ، چیف آف آرمی سٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، وزیراعظم کے مشیر محمد علی سمیت اعلیٰ حکام بھی شریک ہوئے۔ وزیراعظم نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ تقریب تاریخی اہمیت کی حامل ہے جس پر قوم کو مبارکباد دیتا ہوں، پی آئی اے کی نجکاری کا عمل شفاف انداز میں بخوبی انجام کو پہنچا۔ انہوں نے کہا کہ عارف حبیب کنسورشیم کا ملکی صنعتی ترقی اور خوشحالی کے لئے کردار نمایاں ہے۔ انہوں نے اس توقع کا اظہار کیا کہ نجکاری کے بعد پی آئی اے مسافروں کے لئے آرام دہ سفر، ان کے تحفظ اور وقار کو یقینی بنائے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائن کا ہوابازی کے شعبے میں اہم مقام تھا اور نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا بھر میں پی آئی اے کا ڈنکا بجتا تھا اور ''گریٹ پیپل ٹو فلائی وِد'' کا سلوگن پی آئی اے کی پہچان تھا۔ وزیراعظم نے کہا کہ وہ پرامید ہیں کہ پی آئی اے کی عظمت رفتہ بحال ہوگی، سہولتوں کی بہتری سے ادارے کا معیار بھی بہتر ہوگا۔ انہوں نے نجکاری کے کامیاب عمل میں تمام شراکت داروں کی کوششوں پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ نائب وزیراعظم، فیلڈ مارشل اور حکومتی ٹیم نے اس سلسلے میں جو کردار ادا کیا وہ بے مثال ہے، نجکاری کے عمل میں بھرپور شرکت پر کنسورشیم کا کردار بھی لائق تحسین ہے۔ انہوں نے مشیر نجکاری محمد علی کے پرائیویٹائزیشن کے عمل میں اہم کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ تمام چیلنجز پر قابو پاتے ہوئے انتہائی شفاف انداز میں نجکاری مکمل ہوئی۔ وزیراعظم نے کہا کہ بولی کا سارا عمل براہ راست دکھایا گیا، نجکاری کے بعد پی آئی اے پر سرمایہ کاری میں سے 55 ارب روپے قومی خزانے میں آئیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ انہیں کوئی شک نہیں کہ کنسورشیم کی محنت اور جذبے سے پاکستان کا وقار بلند ہوگا، عوام کو نہ صرف بہترین سفری سہولیات میسر آئیں گی بلکہ پاکستان کا نام بھی بلند ہوگا۔ چیئرمین کنسورشیم عارف حبیب نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انہیں خوشی ہے کہ پاکستانی سرمایہ کاروں کو آگے آنے کا موقع فراہم کیا گیا، ہم نے قومی کاز کے لئے خود کو پیش کیا۔ انہوں نے بتایا کہ 180 ارب روپے کی سرمایہ کاری میں 125 ارب پی آئی اے کی بہتری پر خرچ ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں کاروبار کے لئے ماحول سازگار ہے، میکرو اکنامک استحکام کی بدولت سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے، بوئنگ کمپنی کے ساتھ انتہائی مفید بات چیت ہوئی ہے، حکومتی سرپرستی سے سرمایہ کار مزید بہتر کام کرسکیں گے، خدمات میں بہتری، سٹاف کی بہبود اور ٹیکس آمدن میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے یقین دلایا کہ وہ حکومت اور عوام کی توقعات پر پورا اتریں گے اور دن رات محنت سے پی آئی اے کی عظمت رفتہ بحال کریں گے۔ وزیراعظم کے مشیر نجکاری محمد علی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دستخط کی تقریب ایک تاریخی حیثیت رکھتی ہے، یہ تقریب اصلاحات کے عمل میں موجودہ حکومت کے لئے انتہائی اہمیت کی حامل ہے، کنسورشیم 180 ارب روپے کی سرمایہ کاری کرے گا، رقم کا 125 ارب پی آئی اے کی استعداد کار میں اضافے پر خرچ ہوگا جبکہ 55 ارب روپے حکومتی خزانے میں جمع ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پی آئی اے کی نجکاری اس بات کا ثبوت ہے کہ سرمایہ کار ملک میں سرمایہ کاری کے لئے پرعزم ہیں۔ قبل ازیں تقریب میں حکومتی اور کنسورشیم کے نمائندوں کی جانب سے نجکاری کی دستاویزات پر دستخط کئے گئے۔

بقیہ 2

سے متعلق خبروں کی وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی بالکل ٹھیک ہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آنکھوں کے ماہرین نے بانی پی ٹی آئی کا اڈیالہ جیل میں معائنہ کیا تھا، ڈاکٹرز نے تجویز کیا تھا کہ بانیٔ پی ٹی آئی کو معمولی طبی کارروائی کے لیے پمز لے جانا ضروری ہے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ گزشتہ ہفتے کی رات آنکھوں کے ماہرین کی رائے کے بعد بانی پی ٹی آئی کو پمز ہسپتال لے جایا گیا، 20 منٹ کے معائنے کے بعد ان کو واپس روانہ کر دیا گیا تھا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پمز میں بانی پی ٹی آئی کی آنکھوں کا معائنہ ہوا، دوران طبی معائنہ وہ مکمل صحت مند تھے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان نے کہا کہ بانی کی صحت سے متعلق خبروں پر تشویش ہے۔

بقیہ 3

ہوں، ہمیں کسی سے بھیگ مانگنے کی ضرورت نہیں ہے۔ بارکھان میں شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمیں کسی سے گزارش کرنے کی ضرورت نہیں ہے، نوجوانو! قومیں نعروں سے نہیں بنتیں، کردار سے بنتی ہیں۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ جو محنت سے بھاگ جائے وہ نام تو پاسکتا ہے مگر مقام نہیں، میں تنقید کو ہمیشہ اپنے لیے مثبت سمجھتا ہوں۔ وزیرِ اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ غیرت وراثت میں ملتی ہے، ترقی کمائی جاتی ہے، اپنے سر اونچا رکھو، جیسے کوہ سلیمان اونچا ہے، ہم آپس میں بھائی تھے، بھائی رہیں گے، بھائیوں کی طرح زندگی گزاریں گے۔ انہوں نے کہا کہ یقین دلا رہا ہوں فیصلے تخت پر نہیں دلوں میں لکھے جاتے ہیں، قبائل سے جو محبتیں سمیٹی ہیں میں اس کا قرض دار ہوں۔ انہوں نے کہا کہ آیئے قومی نعرہ لگانے میں میرا ساتھ دیں، ان لوگوں کو پیغام دیں کہ ہم پاکستانی ہیں۔

بقیہ 4

میڈیا رپورٹ کے مطابق عام طور پر پراسیکیوشن عدالتی فیصلوں کیخلاف نظر ثانی اپیل دائر نہیں کرتی، آخری اپیل 2015 میں ڈی این اے ٹیسٹ کو بطور شہادت قبول نہ کرنے کے فیصلے کیخلاف دائر کی گئی تھی۔ پہلی اپیل حسن خان بنام سرکار کیس کے 2 دسمبر 2025 کے جسٹس ملک شہزاد احمد کے فیصلے کیخلاف دائر کی گئی، یہ اکثریتی فیصلہ دو ججوں نے دیا جبکہ جسٹس صلاح الدین نے اختلافی فیصلہ دیا تھا۔ درخواست میں کہا گیا کہ عدالتیں عام طور پر جنسی زیادتی کا شکار خاتون کیخلاف آبزرویشنز دینے سے گریز کرتی ہیں، ملزم کے مکروہ اقدام سے پیدا ہونے والے بچے کے قانونی اور سماجی کردار پر کچھ نہیں کہا گیا۔ فیصلے سے خاتون اور اُسکے اہل خانہ پر مستقل داغ لگا دیا گیا، ایسے مقدمات میں تاخیر سے وقوعے کے اندراج، تشدد کے نشانات کی غیر موجودگی کو اہمیت نہیں دی جاتی۔ سپریم کورٹ مختلف فیصلوں میں یہ اصول طے کر چکی ہے، تین رکنی بنچ نے نئی نظیر قائم کرنی تھی تو معاملہ لارجر بنچ کیلئے چیف جسٹس کو بھجوایا جاتا۔ دوسری نظر ثانی درخواست بھی جسٹس شہزاد ملک کے فیصلے کیخلاف دائر کی گئی۔ یہ کیس بہاولنگر میں سولہ افراد کے قتل سے متعلق تھا جس میں دو خاندانوں کی دشمنی کے سبب اکیس افراد کا قتل ہو چکا ہے۔

بقیہ 5

قدیم ترین تجارتی اور کاروباری مرکز، ملا فضل چوک، کو باضابطہ طور پر دوبارہ کھول دیا۔ اس موقع پر مرکز کی مکمل توسیع، مرمت اور تزئین و آرائش کے کام کی تکمیل کا اعلان کیا گیا۔ گوادر پرو کے مطابق افتتاحی تقریب میں گوادر سے منتخب رکنِ اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان نے شرکت کی، جس کے ساتھ ہی منصوبے کی تکمیل کا باضابطہ اعلان کیا گیا۔ تقریب میں جی ڈی اے کے چیف انجینئر حاجی سعید احمد، میونسپل کمیٹی کے چیئرمین مجید جوہر، جی ڈی اے روڈ انجینئر نادر بلوچ، ایگزیکٹو انجینئر قاسم بلوچ کے علاوہ سینئر سرکاری افسران اور سول سوسائٹی کے نمائندے بھی موجود تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایم پی اے ہدایت الرحمان نے کہا کہ ٹکاسی آب کے دیرینہ مسائل کے باعث تاجر اور مقامی رہائشی طویل عرصے سے مشکلات کا شکار تھے۔ انہوں نے کہا کہ تزئین و آرائش کے بعد یہ مسئلہ حل ہو گیا ہے اور عوامی مشکلات میں نمایاں کمی آئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ حالیہ شدید بارشوں کے دوران کسی بھی مقام پر پانی جمع ہونے کی اطلاع نہیں ملی، جو منصوبے کی کامیابی کا واضح ثبوت ہے۔ جی ڈی اے کے چیئرمین معین الرحمان نے کہا کہ یہ منصوبہ اولڈ ٹاؤن ری ہیبلیٹیشن پلان کے پہلے مرحلے کے تحت مکمل کیا گیا ہے، جبکہ باقی ماندہ کام دوسرے مرحلے میں مکمل کیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ گوادر ڈیولپمنٹ اتھارٹی تمام منصوبوں کو مقررہ وقت میں مکمل کرنے، شفافیت برقرار رکھنے اور تعمیراتی معیار کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 6

فلمی ڈائیلاگ بول رہے ہیں، ان کی خود کو مارنے کی بات پشتو یا پنجابی فلم کا سکرپٹ لگتا ہے، روزانہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن ہوتے ہیں کسی قسم کے بڑے آپریشن کا پلان نہیں۔ وزیر دفاع نے کہا کہ تیراہ دہشتگردی سے شدید متاثر ہے وہاں بڑا آپریشن ہوگا تو شہریوں کو بھی نقصان ہوسکتا ہے، تیراہ میں کوئی بھی دستہ نہیں بھیجا گیا جب ضرورت ہوگی تو بھیجیں جائیں گے، کے پی میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن مقامی لوگوں کے تعاون سے ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کے پی حکومت ریاست کے مدمقابل کھڑی ہوگئی ہے یہ بیانات بھی دیتے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی میں مختلف قسم کی آوازیں ہیں جو باہر بیٹھے ہیں ان کی زبان کچھ اور ہے، عمران خان کی فیملی اور اسمبلی میں بیٹھے لوگوں کا موقف الگ ہے اور جو چھپے ہیں ان کی آواز کچھ اور ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن میں پی ٹی آئی اکثریتی پارٹی ہے ،اپوزیشن لیڈر اپنا کیوں نہیں لائے، محمود اچکزئی کیساتھ جو پی ٹی آئی نے ماضی میں کیا وہ سب جانتے ہیں، محمود اچکزئی کی جگہ میں ہوتا تو کبھی پی ٹی آئی پر اعتبار نہ کرتا۔

بقیہ 7

وکلاء کے دلائل مکمل ہونے پر مجرم کو بری کیا، ٹرائل کورٹ نے مجرم عبدالرزاق کو سزائے موت دی تھی جسے ہائی کورٹ نے عمر قید میں تبدیل کر دیا تھا۔ عبدالرزاق کی بریت کی درخواست پر سماعت کے دوران وکیلِ صفائی صغیر احمد قادری نے کہا کہ گواہوں کے بیانات اور میڈیکل ایویڈینس سپورٹ نہیں کرتے، عدالت سے استدعا کروں گا کہ ٹرائل کا طریقہ کار درست کروایا جائے۔ وکیلِ صفائی نے کہا کہ ٹرائل کورٹ میں ٹرائل کو ایک ہفتے میں ختم ہونا چاہیے، ہائی کورٹس کے رولز موجود ہیں لیکن عمل نہیں کیا جارہا، گواہان کے بیانات کے بعد جرح میں مہینے گزر جاتے ہیں، موجودہ کیس میں ایسا ہی ہوا، بیان ریکارڈ ہونے کے مہینے بعد جرح ہوئی۔ اس موقع پر جسٹس ہاشم کاکڑ نے ریمارکس دیے کہ اب وکیل بھی وہ وکیل نہیں رہے، پہلے ججز ڈرا کرتے تھے، ڈر ہوا کرتا تھا کہ بار کے صدر 50 وکلاء کو لے کر آجائیں گے، اب تو گواہ کو بیان ریکارڈ کروانے سے پہلے، وکیل صاحب موبائل ریکارڈنگ دے دیتے ہیں۔

بقیہ 8

سکریننگ کے لیے کہا گیا ہے۔ بارڈر ہیلتھ سروسز پاکستان کے مطابق یہ اقدام عالمی ادارہ صحت کی رپورٹ کے بعد کیا گیا ہے، انٹرنیشنل ایئر پورٹس، بندرگاہوں، زمینی سرحدوں پر 100 فیصد سکریننگ لازمی قرار دی گئی ہے، تمام مسافروں، عملے، ڈرائیورز کی مکمل سکریننگ کی جائے گی، بغیر ہارڈر ہیلتھ سروسز ہیلتھ کلیئرنس کسی فرد کو پاکستان میں داخلے کی اجازت نہیں ہو گی۔ ایڈوائزری میں تمام مسافروں کی گزشتہ 21 دن کی مکمل سفری اور ٹرانزٹ ہسٹری کی تصدیق لازمی قرار دی گئی ہے، نیپا سے متاثرہ علاقوں سے آنے یا گزرنے والے مسافروں کی خصوصی نگرانی کی ہدایت کی گئی ہے، تمام پوائنٹس آف انٹری پر تھرمل اسکریننگ اور طبی معائنہ لازمی قرار دیا گیا ہے، کسی مسافر کی بخار کی حالت اور دیگر علامات پر فوری کارروائی کی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ نیپا وائرس کی علامات میں بخار، سر درد، سانس کی تکلیف اور اعصابی علامات شامل ہیں، مشتبہ مریض کو فوری طور پر آئسولیٹ کرکے متعلقہ اداروں کو رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ سفری معلومات چھپانے یا غلط بیانی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کی سفارش بھی کی گئی ہے۔ ادھر بھارت میں نپاہ وائرس کے معاملے پر محکمہ صحت سندھ نے ایڈوائزری جاری کر دی۔ ایڈوائزری کے مطابق پاکستان میں نپاہ وائرس کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا۔ یہ وائرس جانوروں سے انسانوں اور انسانوں سے انسانوں میں منتقل ہونے والا وائرس ہے۔ ایڈوائزری میں کہا گیا کہ اس وائرس کی ابتدائی علامات میں بخار، سر درد، کھانسی، جسم میں درد اور الٹی شامل ہے۔ نپاہ وائرس کی مختلف وجوہات ہو سکتی ہیں۔

بقیہ 9

مباحثے کے انعقاد کا خیر مقدم کرتا ہے، فلسطین کا حل طلب مسئلہ مشرق وسطیٰ میں عدم استحکام کی جڑ ہے۔ انہوں نے کہا کہ فلسطینی عوام کئی دہائیوں سے ایک غیر قانونی قبضے کا سامنا کر رہے ہیں، پاکستان کو غزہ کی صورتحال پر شدید تشویش ہے، جنگ بندی کی خلاف ورزیاں جاری ہیں اور عام شہریوں کی جانیں خطرے میں ہیں۔ عاصم افتخار نے کہا کہ امدادی سرگرمیوں پر پابندیاں، متاثرہ لوگوں تک مدد پہنچانے میں بڑی رکاوٹ بن رہی ہیں، پاکستان اسرائیل کی جانب سے غزہ میں مسلسل حملوں کی سخت مذمت کرتا ہے، بورڈ آف پیس کو مستقل جنگ بندی، انسانی امداد، غزہ کی تعمیر نو پر واضح پیشرفت کرنی چاہیے۔

بقیہ 10

شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق چیف آف آرمی سٹاف کو بہاولپور گیریژن میں مختلف آپریشنل، تربیتی اور انتظامی سرگرمیوں پر بریفنگ دی گئی جس میں بالخصوص ملٹی ڈومین وارفیئر کی تیاریوں پر توجہ مرکوز کی گئی۔ اس موقع پر چیف آف ڈیفنس فورس نے خیر پور ٹامیوالی (کے پی ٹی) میں فیلڈ ایکسرسائز اسٹیڈ فاسٹ ریزولو کا مشاہدہ کیا جس میں جدید ٹیکنالوجیز جیسے بغیر پائلٹ فضائی نظام (ڈرونز)، جدید نگرانی کے آلات، الیکٹرانک وارفیئر کے وسائل اور جدید کمانڈ اینڈ کنٹرول نظام کا باہمی انضمام شامل تھا، یہ مشق مسلح افواج کی ٹیکنالوجی پر مبنی ملٹی ڈومین آپریشنز پر توجہ کی عکاسی کرتی ہے۔ اس موقع پر جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ان کے بلند حوصلے، پیشہ ورانہ مہارت اور آپریشنل تیاریوں کو سراہا۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کی مسلح افواج ملک کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کیلیے ہر قسم کے خطرات سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں، انہوں نے مستقبل کے میدانِ جنگ اور سکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ہمہ وقت اعلیٰ سطح کی تیاری برقرار رکھنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ چیف آف ڈیفنس فورس نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ پاکستان کی مسلح افواج مختلف شعبوں میں بڑی تبدیلی کے عمل سے گزر رہی ہیں، جنگ کی نوعیت میں نمایاں تبدیلی آچکی ہے، جہاں ٹیکنالوجی میں ترقی اس ارتقا کو آگے بڑھا رہی ہے اور اس کے نتیجے میں تمام سطحوں پر فکری تبدیلی ناگزیر ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل میں ٹیکنالوجی پر مبنی چالیں جسمانی چالوں کی جگہ لے لیں گی اور جارحانہ و دفاعی آپریشنز کے طریقہ کار کو بنیادی طور پر تبدیل کر دیں گی، اسی لیے پاکستان کی مسلح افواج تیزی کے ساتھ جدید ٹیکنالوجی کو اپنا رہی ہیں، اس عمل میں جدت، مقامی تیاری (انڈیجینائزیشن) اور مطابقت بنیادی ستون رہیں گے۔ قبل ازیں چیف آف آرمی سٹاف نے روہی ای اسکلو رننگ ہب (ایس ٹی پی) کا افتتاح کیا جس کا مقصد بالخصوص جنوبی پنجاب اور ملک بھر کے طلبہ کے لیے ڈیجیٹل مہارتوں اور سیکھنے کے مواقع کو فروغ دینا ہے، انہوں نے آرمی پبلک اسکول (اے پی ایس) عباسیہ کیمپس کا بھی افتتاح کیا، جو معیاری تعلیم اور کردار سازی کے لیے پاک فوج کے عزم کا مظہر ہے۔ بعد ازاں چیف آف ڈیفنس فورس نے ای ایم ای ریجنل ورکشاپ کا دورہ کیا، جہاں انہیں جدید پلیٹ فارمز کی دیکھ بھال اور برقرار رکھنے کے نظام پر بریفنگ دی گئی، جو جدید ٹیکنالوجی، مقامی تیاری اور دیگر جنگی معاون اقدامات کے ذریعے انجام دی جا رہی ہے۔ اس سے قبل، بہاولپور گیریژن پہنچنے پر چیف آف ڈیفنس فورس کا استقبال کمانڈر بہاولپور کور نے کیا، انہوں نے یادگارِ شہداء پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی، اور شہداء کی عظیم قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

بقیہ 11

وزیرِ خارجہ عباس عراقچی سے ٹیلیفون پر گفتگو کی۔ دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم نے بدلتی ہوئی علاقائی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا اور اس بات پر زور دیا کہ مکالمہ اور سفارت کاری ہی آگے بڑھنے کا واحد قابل عمل راستہ ہے۔ دونوں رہنماؤں نے قریبی رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 12

روپے کا منافع کمایا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہزارہ ڈویژن سے سال کے آخر تک نیا ٹریک شروع کرنے جا رہے ہیں۔ حنیف عباسی نے کہا کہ ریلوے کو وسطِ ایشیائی ریاستوں سے منسلک کرنے جا رہے ہیں، اس سال کے آخر میں اس منصوبے کی بنیاد رکھنے جا رہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان پر حق ان کا ہے جو اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر رہے ہیں، پوری دنیا پاکستان کی فتح کی معترف ہے۔ انہوں نے کہا کہ راولپنڈی میں اسکولوں، کالجوں اور ہسپتالوں کی اپ گریڈیشن کی جا رہی ہے۔

بقیہ 13

آئی عمران خان کی صحت کے حوالے سے خبریں تشویشناک ہیں۔ راولپنڈی میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ عدالتی فیصلوں کے باوجود بانی پی ٹی آئی سے ہماری ملاقات نہیں کروائی گئی۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت کے حوالے سے خبریں تشویشناک ہیں، ان کی صحت سے متعلق خاندان کو بیخبر رکھا گیا، ان کی آنکھ کا آپریشن ہوا ہے جس پر ہمیں تشویش ہے۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے کہا کہ رات ہم دھرنا دیں گے، ہماری پارٹی کے ایم پی ایز اور ایم این ایز پہنچ رہے ہیں۔ یہ ہمارے لیڈر کا معاملہ ہے، ایسے نہیں جانے دیں گے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ حالات کو زبردستی خراب کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چاہتے ہیں بانی پی ٹی آئی سے ہماری ملاقات کروائی جائے، بانی پی ٹی آئی سے ذاتی معالج اور فیملی کی ملاقات کروائی جائے۔

بقیہ 14

کیلئے پاکستان میں مختلف شعبوں میں بہت وسعت ہے، تمام معاہدوں کی حفاظت کی جائے گی، حکومت نے ملک میں معاشی استحکام کیلئے اہم اقدامات کئے ہیں، حکومت آئل اینڈ گیس سیکٹر کے استحکام کے لئے اقدامات کررہی ہے، انرجی سیکورٹی بھی معاشی ترقی کے لئے ضروری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یہاں جمعرات کو سالانہ ٹیکنیکل کانفرنس 2026 کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ توانائی کا تحفظ پاکستان کے معاشی استحکام، صنعتی ترقی اور قومی استقامت کے لئے بنیادی اہمیت رکھتا ہے، حکومت نے گزشتہ ایک سال کے دوران ملکی معیشت کو مستحکم کرنے کے لئے ٹھوس اقدامات کئے ہیں، مشکلات اور چیلنجز صرف حکومت نے ہی برداشت نہیں کئے، عوام نے بھی گزشتہ چند برسوں میں آنے والے معاشی بحران کا بھرپور سامنا کیا ہے، یہ حقیقت تسلیم کرنا ضروری ہے کہ معاشی استحکام ہماری معیشت کا مضبوط حصہ بن چکا ہے، مہنگائی کے دباؤ پر قابو پایا جاچکا ہے، زرِ مبادلہ کے ذخائر جو ماضی میں پاکستان کی کمزوری سمجھے جاتے تھے اب مستحکم ہو چکے ہیں، کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیاں پاکستان کی ترقی کے امکانات کو مثبت انداز میں دیکھ رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جہاں تک توانائی کے شعبے کا تعلق ہے، آج پاکستان ایک نہایت اہم موڑ پر کھڑا ہے، نئی ٹیکنالوجی کے ساتھ تکنیکی تبدیلیاں آرہی ہیں، چیلنجز کی نوعیت اور شدت بدل چکی ہے، بڑھتی ہوئی طلب، عالمی منڈی کی غیر یقینی صورتحال اور دیگر عوامل ہمیں ایک واضح، فیصلہ کن، سرمایہ کار دوست اور مستقبل پر نظر رکھنے والی پالیسیوں کو اپنانے کا تقاضا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی حکومت کے ایجنڈے کے مطابق اگر ملک کو پائیدار ترقی کی راہ پر ڈالنا ہے تو تیل و گیس کے شعبہ کی پائیداری اس ایجنڈے کا مرکزی جزو ہے اور ہمیں اجتماعی طور پر اس شعبے کے مسائل کے حل کے لئے کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے حکومت کے اس عزم کا اظہار کیا کہ تیل و گیس کے شعبے کے لئے ایک پائیدار، شفاف، مسابقتی اور باہمی تعاون پر مبنی ماحول فراہم کیا جائے، بحیثیت قوم ترقی کے لئے ہمیں طویل المدتی اور مربوط منصوبہ بندی کی طرف بڑھنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ توانائی کے شعبے کے مختلف ذیلی شعبوں کو ایک دوسرے سے رابطے میں رہنا ہوگا، ایک دوسرے کے مینڈیٹ اور باہمی انحصار کا احترام کرنا ہوگا کیونکہ ایک جامع طویل المدتی توانائی کے نقطہ نظر کے بغیر مطلوبہ اہداف کا حصول مشکل ہوگا۔ دوسرا بنیادی اصول اس شعبہ کی پائیداری ہے، اگر سرمایہ کاروں کو یہ اعتماد نہیں ہوگا کہ ان کی ادائیگیاں بروقت ہوں گی اور یہ شعبہ پائیدار ہے تو وہ اس میں بھاری سرمایہ کاری نہیں کریں گے۔ تیسرا اہم عنصر پالیسی سازی، ضابطہ جاتی استحکام ہے کہ تمام معاہدے محفوظ رہیں گے اور حکومت ان کے تقدس کی حفاظت کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم ڈویژن کی حیثیت سے ہم آپ کے معاہدے، آپ کے حقوق اور ان تمام حفاظتی اقدامات کے تحفظ کے لئے آپ کے وکیل کے طور پر کام کریں گے جو معاہدوں کی مدت تک کئے گئے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ان چند بنیادی اصول پر ہمیں اتفاق کرنا ہوگا تاکہ ملک کے لئے ایک زیادہ پائیدار اور قواعد پر مبنی توانائی کا شعبہ تشکیل دیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ بطور وزیرِ پٹرولیم جب تک مجھے یہ ذمہ داری سونپی گئی ہے میں آپ کے ساتھ مل کر ان چیلنجز کو عارضی اقدامات کی بجائے مستقل اور پائیدار بنیادوں پر حل کرنے کے لئے کام کرتا رہوں گا۔

بقیہ 15

حیدر علی، عامر علی، ابوبکر، یاسین، صداقت اللہ، یوسف خان، نعمت اللہ اور عبداللہ کی بھی شناخت کی گئی۔ شناخت کے بعد جاں بحق 12 افراد کی باقیات لواحقین کے سپرد کر دی گئیں۔ تفتیشی حکام کے مطابق ملبے سے مجموعی طور پر 18 افراد کی باقیات نکالی گئیں، تاہم ان میں سے کئی باقیات انتہائی خراب حالت میں تھیں، جس کے باعث ان کے نمونے لیبارٹری نہیں بھیجے جاسکے۔ حکام نے بتایا کہ خستہ حال بارہ سیملہ سے بھی ڈی این اے کے نتائج حاصل نہیں ہو سکے، جس کی وجہ سے شناخت کے عمل میں شدید مشکلات کا سامنا رہا۔ اس دوران گھڑی، انگوٹھی، بٹوہ اور دیگر ذاتی اشیا کی مدد سے دو لاشوں کی شناخت ممکن بنائی گئی، جو دکاندار ابوبکر اور ان کے ملازم عامر کی تھیں، جن کی شناخت ابوبکر کے بیٹے تاج نے کی۔ دوسری جانب سائٹ میٹروول کے رہائشی ایک ہی خاندان کے تین افراد کی شناخت بھی مکمل کر لی گئی ہے۔ حکام کے مطابق نعمت اللہ، عبداللہ اور یوسف خان کی میتیں ڈی این اے ٹیسٹ کے ذریعے شناخت ہوئیں۔ نعمت اللہ اور عبداللہ سگے بھائی تھے جبکہ یوسف خان ان کا کزن تھا۔ اسی طرح گارڈن کے رہائشی صداقت اللہ کی میت کی شناخت بھی مکمل کر لی گئی ہے۔ تفتیشی حکام کے مطابق شناخت مکمل ہونے کے بعد یہ میتیں ایدھی سردخانے سے لواحقین کے حوالے کر دی گئی ہیں۔ حکام نے بتایا کہ دو سگے بھائی خضر اور حیدر علی کی باقیات بھی ورثا کے حوالے کردی گئی ہیں، جبکہ نارتھ ناظم آباد کے رہائشی عمر نبیل، ان کی اہلیہ اور بیٹے کی باقیات بھی لواحقین کے سپرد کی جا چکی ہیں۔ تفتیشی حکام کے مطابق سانحہ گل پلازا میں جاں بحق ہونے والے مجموعی طور پر اٹھائیس افراد کی میتیں اور باقیات اب تک ان کے ورثا کے حوالے کی جا چکی ہیں، جبکہ واقعے سے متعلق قانونی اور تفتیشی کارروائی بدستور جاری ہے۔

بقیہ 16

سروسز وائلڈ لائف پاس ایپ کے بجائے پنجاب حکومت کے ''ای بز'' آن لائن پورٹل پر منتقل کردی گئی ہیں۔ اس تبدیلی کے بعد شکار پرمٹ، لائسنس، بریڈنگ فارم لائسنس، ڈیلر لائسنس اور دیگر متعلقہ سہولیات کے لیے درخواستیں ای بز پورٹل کے ذریعے وصول کی جائیں گی۔ چیف وائلڈ لائف رینجر پنجاب مبین الٰہی نے بتایا کہ پاس ایپ پر دی گئی تمام درخواستوں کا مکمل ڈیٹا نئے ای بز پورٹل پر منتقل کر دیا گیا ہے۔ ان کے مطابق شکار لائسنس اور پرمٹ کے لیے پہلے سے جمع کروائی گئی درخواستیں بھی خودکار نظام کے تحت نئے پلیٹ فارم پر منتقل ہو چکی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جن شہریوں نے وائلڈ لائف پاس ایپ کے ذریعے درخواستیں دی تھیں، انہیں دوبارہ درخواست دینے کی ضرورت نہیں ہوگی کیونکہ ان کا ڈیٹا محفوظ طریقے سے نئے سسٹم میں شامل کر لیا گیا ہے۔ وائلڈ لائف رینجر کا کہنا ہے کہ ای بز پورٹل کے ذریعے صوبائی محکموں کی مختلف آن لائن سہولیات کو ایک ہی پلیٹ فارم پر جمع کیا جا رہا ہے تاکہ شہریوں کو آسان اور یکساں سہولت فراہم کی جاسکے۔

بقیہ 17

فیملی، سیاسی رفقا اور وکلا کی ملاقاتیں روکنے کی سخت مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملاقاتوں میں غیر ضروری تاخیر ناقابل قبول ہے، اگر ملاقاتوں میں تاخیر کا سلسلہ جاری رہا تو خیبر پختونخوا سمیت دیگر شہروں میں شٹر ڈاؤن اور پہیہ جام کی کال دی جاسکتی ہے۔ کور کمیٹی نے سلمان اکرم راجا اور بیرسٹر گوہر کو ہدایت کی ہے کہ ملاقاتوں سے متعلق مقدمات کو جلد از جلد عدالتوں میں فکس کروایا جائے، اپوزیشن لیڈر اس معاملے کو سینیٹ، قومی اسمبلی سمیت ہر پارلیمانی فورم پر بھرپور طریقے سے اٹھائیں، کور کمیٹی ارکان کو 8 فروری کی شٹر ڈاؤن، پہیہ جام کال کیلئے ذمہ داریاں تفویض کردی گئیں۔

بقیہ 18

ملزکیس ختم ہو چکا ہے، گارنٹی کے طور پر رکھوائے گئے 7 کروڑ روپے واپس کیے جائیں۔ وکیل نیب نے کہا کہ نیب نے کیس ختم کر دیا ہے، اس پر چیف جسٹس عالیہ نیلم نے استفسار کیا کہ کیا متعلقہ ٹرائل کورٹ سے بھی کیس ختم ہو گیا ہے؟ وکیل نے آگاہ کیا کہ قانون کے تحت اس کی ضرورت نہیں ہے۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے کہا کہ نیب نے کیس ختم کر دیا لیکن متعلقہ ٹرائل کورٹ نے ابھی حتمی منظوری دینی ہے، نیب چار فروری تک جواب جمع کرائے۔ عدالت نے نیب کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا۔

بقیہ 19

کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی نے پنجاب اسمبلی میں پیش کیے جانے والے اضلاع میں ریڈ زون کے قیام کے بل کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہو

پیاروں کی جدائی عزیز و اقارب کے لیے زندگی بھر کا روگ بن جاتی ہے

اولاد کے لیے والدین کی کمی ساری زندگی پوری نہیں ہوسکتی۔ ماں باپ کی قدر ان کی زندگی میں کریں

,اڈیالہ (ملک نعیم اختر) پیاروں کی جدائی عزیز و اقارب کے لیے زندگی بھر کا روگ بن جاتی ہے۔اولاد کے لیے والدین کی کمی ساری زندگی پوری نہیں ہوسکتی۔ماں باپ کی قدران کی زندگی میں کریں ماں کے قدموں تلے جنت اور باپ جنت کا دروازہ بنا کر اللہ پاک نے ان کی قدرومنزلت کو بتا دیا ہے ۔نیک اولاد والدین کے لیے صدقہ جاریہ ہے۔ان خیالات کا اظہار علامہ قاری عمر دین یوسفی استاذ العلماء سرپرست اعلیٰ سنی علماء کونسل اڈیالہ روڈ نے پیر عبدالوسید سعید جیلانی المعروف پیر سنی چیئرمین سنی علماء کونسل اڈیالہ روڈ اور سابق چیئرمین مجلس عاملہ اڈیالہ پریس کلب کی اہلیہ اور سجاد نسیم۔ احمد وسیم۔شہریار وسیم کی والدہ مرحومہ کی ایصال ثواب کی تقریب میں ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔تقریب کی صدارت پیر عبدالوسید سعید جیلانی نے فرمائی۔جس کا آغاز حافظ عمیر مرتضی نے تلاوت کلام پاک سے کیا اور ناظم سٹیج کے فرائض علامہ ارسلان خلیل ضیائی جنرل سیکرٹری سنی علماء کونسل نے انجام دیئے علامہ عظمت علی چشتی صدر سنی علماء کونسل۔ بابر ندیم نوشاہی۔علامہ عاقب ضیائی نے ہدیہ نعت پیش کیں۔علامہ صابر چشتی نے پیر عبدالوسید سعید جیلانی کی جانب سے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور محمد بشیر راجہ نے درود تاج شریف کا نظرانہ پیش کیا۔تقریب میں سنی علماء کونسل کے جملہ ممبران ۔راجہ عابد پرویز بانی پریس کلب اڈیالہ ودیگر جملہ عہدیداران ممبران سمیت دیگر مذہبی سیاسی تنظیمات اور معززین علاقہ عزیز و اقارب وکلاء ۔عسکری قیادت۔محکمہ مال اعلیٰ قیادت کی کثیر تعداد میں شرکت کی۔مرحومہ کے لیے علامہ قاری عمر دین یوسفی نے اجتماعی دعائے مغفرت بلندی درجات لواحقین کے لیے صبر ملک وقوم کی سلامتی امن و امان کی خصوصی دعا فرمائی

واٹر ریسورس اکاؤنٹیبلٹی اِن پاکستان کے تحت اصلاحاتی منصوبوں کے استحکام اور توسیع کے لیے ورکشاپ کا انعقاد

جس کا مقصد کیفیا لائنگ فنڈ (CF-WRAP) کے تحت جاری پائلٹ منصوبوں سے حاصل ہونے والی اصلاحات کو ادارہ جاتی شکل دینا اور انہیں وسیع سطح پر نافذ کرنے کے لیے عملی حکمتِ عملی تیار کرنا تھا

اسلام آباد (رپورٹر پنڈی ٹوڈے) پاکستان میں آبی وسائل کے احتساب سے متعلق پروگرام واٹر ریسورس اکاؤنٹیبلٹی اِن پاکستان (WRAP) کے تحت ایک روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد کیفیا لائنگ فنڈ (CF-WRAP) کے تحت جاری پائلٹ منصوبوں سے حاصل ہونے والی اصلاحات کو ادارہ جاتی شکل دینا اور انہیں وسیع سطح پر نافذ کرنے کے لیے عملی حکمتِ عملی تیار کرنا تھا۔ یہ پروگرام برطانوی حکومت کے فارن، کامن ویلتھ اینڈ ڈیولپمنٹ آفس (FCDO) کے تعاون سے جبکہ آکسفورڈ پالیسی مینجمنٹ (OPM) کے تحت نافذ کیا جا رہا ہے۔ورکشاپ میں CF-WRAP کے تحت کام کرنے والی آٹھ گرانٹی تنظیموں، وفاقی و صوبائی سرکاری محکموں، پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹس اور تکنیکی ماہرین نے شرکت کی۔او پی ایم کے تکنیکی سربراہ رضوان محبوب نے ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ اجتماع خیالات کے تبادلے، تجربات کے اشتراک اور پائلٹ منصوبوں کو قابلِ توسیع اور ادارہ جاتی بنانے کی سمت میں اہم پیش رفت ہے۔ CF-WRAP کے تحت جاری پائلٹ منصوبے پنجاب، خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان اور وفاقی سطح پر نافذ کیے جا رہے ہیں، جو آبی نظم و نسق، نیچر بیسڈ سلوشنز (NbS) اور پیشگی حفاظتی اقدامات جیسے اہم شعبوں میں درپیش چیلنجز سے نمٹنے پر مرکوز ہیں۔ یہ منصوبے متعلقہ سرکاری اداروں کے اشتراک سے تیار کیے گئے ہیں اور سرکاری منصوبہ بندی، بجٹ سازی اور ریگولیٹری فریم ورک کے تحت وسعت کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ورکشاپ کے دوران چار اہم نکات پر تفصیلی غور کیا گیا، جن میں CF-WRAP کے پائلٹ منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ، تکنیکی معاونت سے تیار کیے گئے PC-1 منصوبوں کا تجزیہ، PC-1 کے علاوہ دیگر طریقوں سے اصلاحات کے فروغ پر تبادلہ خیال، اور آئندہ اقدامات، ذمہ داریوں اور ٹائم لائنز پر اتفاق شامل تھا۔

لساں نواب کی فضا آج سوگ میں ڈوبی ہوئی ہے

گزشتہ روز پیش آنے والے افسوسناک موٹر سائیکل حادثے میں شدید زخمی ہونے والے دو نوجوان، محمد شبیر اعوان اور عمیر اعوان زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے خالقِ حقیقی سے جا ملے

اپر تناول مانسہرہ (بیورو چیف محمد جاوید تنولی) لساں نواب کی فضا آج سوگ میں ڈوبی ہوئی ہے۔ گزشتہ روز پیش آنے والے افسوسناک موٹر سائیکل حادثے میں شدید زخمی ہونے والے دو نوجوان، محمد شبیر اعوان اور عمیر اعوان زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے خالقِ حقیقی سے جا ملے۔ ان کی اچانک اور دردناک رحلت نے نہ صرف ان کے خاندانوں بلکہ پورے علاقے کو غم اور صدمے کی کیفیت میں مبتلا کر دیا ہے۔ مرحومین کی جدائی پر ہر آنکھ اشکبار ہے، گھروں میں کہرام مچا ہوا ہے اور لساں نواب کا ہر فرد اس سانحے کو اپنی ذاتی محرومی سمجھ رہا ہے۔ یہ نوجوان اپنے والدین کے سہارا، اپنے گھرانوں کی امید اور علاقے کا قیمتی سرمایہ تھے، جو ایک لمحے میں ہم سے چھن گئے۔ اس اندوہناک واقعے نے ایک بار پھر لساں نواب اور گردونواح میں بنیادی صحت کی سہولیات کی عدم دستیابی پر سنگین سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ اگر بروقت اور مناسب طبی امداد میسر ہوتی، اگر علاقے میں فعال ہسپتال اور ایمرجنسی سہولیات موجود ہوتیں، تو شاید آج یہ قیمتی جانیں بچائی جا سکتی تھیں۔ افسوس کہ علاج میں تاخیر ان نوجوانوں کے لیے جان لیوا ثابت ہوئی۔اس دکھ کی گھڑی میں تناول پریس کلب غمزدہ خاندانوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا ہے اور مرحومین کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتا ہے۔ہم اربابِ اختیار سے پُرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ لساں نواب میں فوری طور پر صحت کے نظام کو بہتر بنایا جائے تاکہ آئندہ کسی اور ماں کی گود یوں اجڑنے سے بچ سکے اور کسی اور گھر کا چراغ یوں بے وقت نہ بجھے۔اللہ تعالیٰ مرحومین کو جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو یہ ناقابلِ برداشت صدمہ سہنے کا حوصلہ دے۔آمین۔

سانحہ گل پلازا، اینٹی مارٹم ڈیٹا سے مزید 12 افراد کی باقیات کی شناخت

مجموعی طور پر 18 افراد کی باقیات نکالی گئیں، تاہم ان میں سے کئی باقیات انتہائی خراب حالت میں تھیں

کراچی (این این آئی) سانحہ گل پلازا میں بھڑکس کر جاں بحق ہونے والے مزید 12 افراد کی باقیات کی شناخت کر لی گئی۔سی پی ایل سی ذرائع کے مطابق شناخت اینٹی مارٹم ڈیٹا اور گل پلازا میں پروف آف پریزنس سے کی گئی۔اس سے متعلق ذرائع نے بتایا کہ نارتھ ناظم آباد سے شاپنگ کے لیے آئی فیملی کے 3 افراد کی شناخت ہوئی، اینٹی مارٹم ڈیٹا سے عمر نبیل، ان کی اہلیہ ڈاکٹر عائشہ اور بیٹے علی کی باقیات کی شناخت ہوئی۔سی پی ایل سی ذرائع کے مطابق اینٹی مارٹم ڈیٹا سے خضر علی، (بقیہ نمبر 15)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق حلقہ پی پی 153 میں جاری ترقیاتی منصوبوں بارے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

اپوزیشن جماعتیں غزہ فوج بھیجنے کے حکومتی فیصلہ کی کھل کر مخالفت کریں، حافظ نعیم الرحمن

پنجاب کے اضلاع میں احتجاج روکنے کے لیے ریڈ زون کے قیام کا بل ایک اور غیر جمہوری تماشہ ہے

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ اپوزیشن جماعتیں حکومت کے غزہ فوج بھیجنے کے فیصلہ کی کھل کر مخالفت کریں، ٹرمپ سے امیدیں وابستہ اور اس کی تابعداری طاغوت کی پرستش کے مترادف ہے، وزیراعظم نے دنیا کا امن تباہ کرنے والے امریکی صدر کو نوبل انعام کے لیے نامزد کر کے قوم کے وقار کو مجروح کیا۔منصورہ میں جمعرات کو مرکزی تربیت گاہ کے شرکاء سے خطاب (بقیہ نمبر 19)

لاہور، ریڈی ٹو کک فروزن میٹ تیار کرنیوالا یونٹ بند، 1500 کلو گوشت تلف

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے مضرِ صحت ریڈی ٹو کک فروزن میٹ کی فروخت کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ٹاؤن شپ میں واقع ایک میٹ پروسیسنگ یونٹ کو بند کر دیا، کارروائی کے دوران 1500 کلو ناقص فروزن میٹ تلف جبکہ یونٹ پر ایک لاکھ (بقیہ نمبر 21)

لاہور ہائیکورٹ کی ساہیوال سے لاپتہ لڑکی کی بازیابی کیلئے 9 فروری تک مہلت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ساہیوال سے لاپتہ ہونے والی لڑکی کی بازیابی کیلئے دائر درخواست پر سماعت کرتے ہوئے پولیس کو 9 فروری تک لڑکی کو بازیاب کرانے کی مہلت دے دی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے نادر علی کی درخواست پر سماعت کی، دوران سماعت عدالتی حکم پر آر پی او ساہیوال ایاز سلیم عدالت پیش ہوئے اور بیان دیا (بقیہ نمبر 25)

جعلی دعوؤں اور جعلی گواہوں کی روک تھام کے لیے نادرا بائیومیٹرک نظام نافذ

لاہور (این این آئی) عدالتوں میں جعلی دعوؤں اور جعلی گواہوں کی روک تھام کے لیے اہم اقدامات کرتے ہوئے نادرا کے بائیومیٹرک سسٹم کے تحت شناخت کی تصدیق کا عمل شروع کر دیا گیا۔ اس نظام کے تحت کیسز میں شناختی تصدیقی سلپ لگانا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ذرائع (بقیہ نمبر 26)

افغان شہری کی پاکستانی خاندان میں شمولیت، عدالت نادرا حکام پر برہم

عدالت عالیہ کا نادرا کو 10 روز میں پوری فیملی قانونی دستاویزات کا جائزہ لینے کا حکم

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ کے آئینی بینچ نے فیملی ٹری میں غیر متعلقہ شخص کو شامل کرنے کے خلاف درخواست پر سماعت کے دوران نادرا حکام پر سخت برہمی کا اظہار کیا ہے۔ جمعرات کو سندھ ہائیکورٹ کے آئینی بینچ میں نادرا کی جانب سے فیملی ٹری میں غیر متعلقہ شخص کو شامل کرنے کیخلاف درخواست کی سماعت ہوئی۔ عدالت نے نادرا حکام پر برہمی کا اظہار کرتے (بقیہ نمبر 20)

لاہور: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن منصورہ میں مرکزی تربیت گاہ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں۔

افغان شہری کو پاکستانی خاندان میں کیسے شامل کر دیا؟ عدالت نادرا حکام پر برہم

پیسے لے کر ہر فیملی میں پتہ نہیں کتنے بندے شامل کر دیے ہوں گے، جسٹس ذوالفقار علی کے ریمارکس

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ کے آئینی بینچ نے فیملی ٹری میں غیر متعلقہ شخص کو شامل کرنے کے خلاف درخواست پر سماعت کے دوران نادرا حکام پر سخت برہمی کا اظہار کیا ہے۔ جمعرات کو عدالت میں درخواست پر سماعت کے دوران درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ افغان شہری کو درخواست گزار کی فیملی ٹری میں شامل کر لیا گیا ہے، اب درخواست گزار کی پوری فیملی کے قومی شناختی کارڈ بلاک کر دیے گئے ہیں جس پر جسٹس عدنان الکریم میمن نے (بقیہ نمبر 27)

امریکی قونصل جنرل سٹیٹسن سینڈرز کی جنوبی پنجاب سیکریٹریٹ آمد

ایڈیشنل چیف سکریٹری جنوبی پنجاب فواد ہاشم ربانی سے ملاقات، مختلف انتظامی اور دوطرفہ امور پر تبادلہ خیال

ملتان (نمائندہ خصوصی) امریکی قونصل جنرل سٹیٹسن سینڈرز کی جنوبی پنجاب سیکریٹریٹ آمد، ایڈیشنل چیف سکریٹری جنوبی پنجاب فواد ہاشم ربانی سے ملاقات کی جس میں مختلف انتظامی اور دوطرفہ امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایڈیشنل چیف سکریٹری جنوبی پنجاب فواد ہاشم ربانی نے جنوبی پنجاب سیکریٹریٹ کی نئی عمارت میں غیر ملکی مہمانوں کا استقبال کیا۔ ملاقات کے دوران ایڈیشنل چیف سکریٹری نے امریکی حکومت کے (بقیہ نمبر 28)

پاور ڈویژن نے نیٹ میٹرنگ صارفین کے یونٹس کریڈٹ نہ کرنے کے بارے میں اہم وضاحتی بیان جاری کر دیا، ترجمان آئیمکو

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر برائے پاور ڈویژن سردار اویس احمد خان لغاری نے پی پی ایم سی (PPMC) کی جانب سے نیٹ میٹرنگ صارفین کے یونٹس کریڈٹ نہ کرنے سے متعلق جاری ہدایات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ان پر نظرِ ثانی کے احکامات جاری کر دیے ہیں۔ پاور ڈویژن کے مطابق کچھ نیٹ میٹرنگ صارفین نے اپنے منظور شدہ لائسنس (DG Capacity) کے تحت اجازت یافتہ صلاحیت سے زائد نیٹ میٹرنگ سسٹم نصب کر رکھے ہیں۔ گزشتہ ماہ ایسے بعض صارفین کو نیشنل گرڈ کو فروخت کی گئی بجلی کے یونٹس کا کوئی کریڈٹ فراہم نہیں کیا گیا، جو کہ درست طریقہ کار نہیں تھا۔ پاور ڈویژن نے اس حوالے سے وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ نظرِ ثانی شدہ ہدایات کے تحت اب صرف وہی یونٹس کریڈٹ نہیں کیے جائیں گے جو منظور شدہ صلاحیت سے زائد ہوں گے، جبکہ منظور شدہ صلاحیت کے مطابق نیشنل گرڈ کو فراہم کی گئی بجلی کے تمام یونٹس کا مکمل کریڈٹ صارفین کو دیا جائے گا۔ اس ضمن میں تمام ڈسکوز کو واضح اور نظرِ ثانی شدہ ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔

پنڈ دادنخان میں پہلی مرتبہ نائٹ پوسٹ آفس سروس کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا

پنڈ دادنخان (تحصیل رپورٹر) پنڈ دادنخان میں پہلی مرتبہ نائٹ پوسٹ آفس سروس کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں افتتاحی تقریب پوسٹ آفس پنڈ دادنخان خان میں منعقد ہوئی۔ تقریب کی خصوصی مہمان مریم ظفر ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ پوسٹل سروسز جو کہ ضلع جہلم ڈویژن کے عہدے پر فائز ہیں۔تقریب میں شہر کی معزز شخصیات نے شرکت کی جن میں کرنل) ر (شاہد رفیق پرنسپل فوجی فاؤنڈیشن اسکول پنڈدادن خان، محمد اکرم ڈی ایس پی پنڈدادن خان، اور پروفیسر نیاز اعوان، البیرونی کالج پنڈدادن خان شامل تھے۔اس کے علاوہ اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ پوسٹل سروسز پنڈدادن خان عدیل شہزاد نے بھی تقریب میں شرکت کی۔ نائٹ پوسٹ آفس سروس کے آغاز کے بعد اب پاکستان پوسٹ کی سہولیات پنڈدادن خان میں صبح کے ساتھ ساتھ شام 3 بجے سے رات 9 بجے تک بھی دستیاب ہوں گی، جس سے شہریوں کو نمایاں سہولت حاصل ہو گی۔ تمام شہری اس سہولت سے بھرپور فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں سینئر صحافی اعجاز مہر کی والدہ کے انتقال پر ایصالِ ثواب کے لیے تعزیتی نشست منعقد کی گئی

سینئر صحافیوں، اینکر پرسنز اور فوٹو جرنلسٹس کی بڑی تعداد نے شرکت کی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں سینئر صحافی اعجاز مہر کی والدہ کے انتقال پر ایصالِ ثواب کے لیے تعزیتی نشست منعقد کی گئی۔ اس موقع پر سینئر صحافیوں، اینکر پرسنز اور فوٹو جرنلسٹس کی بڑی تعداد نے شرکت کی، فاتحہ خوانی کی اور مرحومہ کے لیے مغفرت، ابدی سکون اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کی دعا کی۔ مرحومہ مسز بھائی غلام حسین مہر، عمر 76 برس، 17 جنوری 2026 کو کراچی کے ایک نجی اسپتال میں مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔ انہیں سندھ کے ضلع گھوٹکی میں آبائی قبرستان میں سپردِ خاک کیا گیا۔ ان کا سویم 20 جنوری 2026 کو گاں عرب مہر، ضلع گھوٹکی میں ہوا۔اس سے قبل کراچی میں اختر حسین مہر اور خالد حسین مہر کی جانب سے جبکہ امریکا کے شہر ہیوسٹن میں سجاد حسین مہر کی جانب سے تعزیتی اجتماعات منعقد کیے گئے۔ مرحومہ کے صاحبزادگان اعجاز، اختر، خالد اور سجاد حسین مہر نے تمام اہلِ خانہ، دوستوں، رشتہ داروں، ساتھیوں اور خیر خواہوں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا ہے جنہوں نے بالمشافہ، فون کالز اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے ذریعے تعزیت کا اظہار کیا۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب کرے۔ آمین۔

مظفر آباد میں ہنی ٹرپ گینگ کی گرفتاری کافی نہیں، قانون کے کٹہرے میں لانے کا مطالبہ

سول سوسائٹی کا سوال، لڑکیوں کے جال میں آ کر آنے والے بااثر افراد کے خلاف کارروائی کب؟

مظفر آباد (نامہ نگار) آزاد کشمیر کے دارالحکومت مظفر آباد میں ہنی ٹرپ کے ذریعے شہریوں کو پھنسا کر لوٹ مار کرنے والے گروہ کی گرفتاری پر اگرچہ شہریوں نے اطمینان کا اظہار کیا ہے، تاہم سول سوسائٹی، سماجی کارکنان اور باشعور حلقوں کا کہنا ہے کہ یہ کارروائی نامکمل ہے اور اصل مسئلے کو نظرانداز کیا جا رہا ہے۔ سول سوسائٹی کے نمائندوں کے مطابق، یہ امر کسی سے پوشیدہ نہیں کہ اس گروہ کے پاس آنے والے افراد محض متاثرہ نہیں بلکہ بڑی تعداد میں وہ لوگ بھی شامل تھے جو غلط کاری کی نیت سے اس جال میں داخل ہوئے۔ ان کا کہنا ہے کہ قانون اور اخلاقیات کے مطابق غلط کرنے والا اور غلط کروانے والا، دونوں مجرم ہوتے ہیں، اس لیے صرف گینگ کی گرفتاری کو کامیابی قرار دینا انصاف کے تقاضوں کے منافی ہے۔ سول سوسائٹی اور سماجی حلقوں نے سوال اٹھایا ہے کہ ان افراد کے خلاف کیا کارروائی ہوگی جو جان بوجھ کر اس نیٹ ورک تک پہنچے؟ کیا بااثر ہونے کی وجہ سے انہیں بچایا جا رہا ہے؟ کیا قانون صرف کمزور طبقے کے لیے ہے؟ سول سوسائٹی کا مطالبہ ہے کہ ہنی ٹرپ گینگ کے ساتھ روابط رکھنے والے تمام افراد کو بے نقاب کیا جائے

پنڈ دادنخان میں پہلی مرتبہ نائٹ پوسٹ آفس سروس کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا

پی ٹی آئی کور کمیٹی کا بانی عمران خان کی صحت، ملاقاتوں پر پابندی پر اظہار تشویش

ملاقاتوں میں تاخیر پر خیبر پختونخوا سمیت دیگر شہروں میں سٹرڈان، پہیہ جام کی کال دینے کا عندیہ

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کور کمیٹی نے بانی عمران خان کی صحت اور ملاقاتوں میں تاخیر پر خیبر پختونخوا سمیت دیگر شہروں میں سٹرڈان، پہیہ جام کی کال دینے کا عندیہ دے دیا۔ پی ٹی آئی کی جانب سے جاری اعلامیے میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت کے بارے میں فوری طور پر تفصیلات فراہم کی جائیں، بانی پی ٹی آئی کا معائنہ شوکت خانم ہسپتال کے ڈاکٹرز سے کروایا جائے تاکہ شفافیت یقینی بنائی جا سکے۔ کور کمیٹی نے بانی پی ٹی آئی سے (بقیہ نمبر 17)

چودھری شوگر ملز کیس، وزیراعلیٰ مریم نواز کی رقم واپسی کی درخواست پر نیب سے جواب طلب

نیب نے کیس خارج کر دیا ہے، گارنٹی کے طور پر رکھوائے گئے 7 کروڑ روپے واپس کیے جائیں، موقف

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے چودھری شوگر ملز کیس میں 7 کروڑ روپے گارنٹی کی واپسی کے لیے دائر درخواست پر قومی احتساب بیورو (نیب) سے جواب طلب کر لیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم کی سربراہی میں 3 رکنی فل بنچ نے کیس کی سماعت کی۔ درخواست گزار وزیر اعلیٰ مریم نواز کی طرف سے موقف اپنایا گیا کہ نیب نے چودھری شوگر ملز کیس بے بنیاد قرار دے کر خارج کر دیا ہے، چودھری شوگر (بقیہ نمبر 18)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ سبزہ زار لاہور میں شیر کے حملے میں زخمی بچے کے والد کو الیکٹرک رکشہ دے رہے ہیں۔

افغان شہری کی پاکستانی خاندان میں شمولیت، عدالت نادرا حکام پر برہم

عدالت عالیہ کا نادرا کو دس روز میں پوری فیملی کے قانونی دستاویزات کا جائزہ لینے کا حکم

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ کے آئینی بینچ نے فیملی ٹری میں غیر متعلقہ شخص کو شامل کرنے کے خلاف درخواست پر سماعت کے دوران نادرا حکام پر سخت برہمی کا اظہار کیا ہے۔ سندھ ہائیکورٹ میں نادرا کی جانب سے فیملی ٹری میں غیر متعلقہ شخص کو شامل کرنے کے خلاف درخواست پر سماعت ہوئی۔ سماعت کے دوران عدالت نے نادرا حکام پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا افغان شہری کو پاکستانی خاندان کی فیملی ٹری میں کیسے شامل کر دیا؟ عدالت نے نادرا کو دس روز میں (بقیہ نمبر 22)

اوورسیز پاکستانی ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، بیرسٹر امجد ملک

متفق ہونے کی ضرورت ہے، وائس چیئرمین اوورسیز پاکستانی کمیشن پنجاب

لاہور (این این آئی) اوورسیز پاکستانی کمیشن پنجاب کے وائس چیئرمین بیرسٹر امجد ملک نے کہا ہے کہ اوورسیز پاکستانی ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں اور ان کے مسائل کا حل موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور اس کی ٹیم اس کام کیلئے دن رات کوشاں ہے، پارلیمنٹ میں سیٹیں اور ووٹ کے حق جیسے مقاصد کیلئے اوورسیز (بقیہ نمبر 24)

پتنگوں پر تصاویر چھاپنے اور گانوں پر پابندی کیخلاف درخواست پر اعتراض برقرار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بسنت کے موقع پر پتنگوں پر تصاویر چھاپنے اور گانوں پر پابندی کے خلاف درخواست آفس اعتراض برقرار رکھتے ہوئے واپس کر دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس اویس خالد (بقیہ نمبر 23)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے چینی قونصل جنرل ڈاؤ شیریں گورنر ہاؤس لاہور میں الوداعی ملاقات کر رہے ہیں۔

پاکستان تحریک انصاف سندھ کے نائب صدر غلام مرتضیٰ ڈیپر سے پاکستان تحریک انصاف ضلع نوشہرو فیروز کے جنرل سیکرٹری فیض محمد ملاح کی جان ڈیپر فارم مورو میں اہم ملاقات

ملاقات میں پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے 8 فروری کو اعلان کردہ شٹر ڈاؤن ہڑتال اور اسٹریٹ موومنٹ کے حوالے سے تحریک کے بارے میں تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

مورو۔(رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) پاکستان تحریک انصاف سندھ کے نائب صدر غلام مرتضیٰ ڈیپر سے پاکستان تحریک انصاف ضلع نوشہرو فیروز کے جنرل سیکرٹری فیض محمد ملاح کی جان ڈیپر فارم مورو میں اہم ملاقات۔ ملاقات میں پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے 8 فروری کو اعلان کردہ شٹر ڈاؤن ہڑتال اور اسٹریٹ موومنٹ کے حوالے سے تحریک کے بارے میں تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر غلام مرتضیٰ ڈیپر نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کی جدوجہد کسی ایک شخص کے لیے نہیں بلکہ ملک میں آئین، قانون کی بالادستی اور عوام کی حقیقی آزادی کے لئے ہے۔ غلام مرتضیٰ ڈیپر نے مزید کہا کہ 8 فروری کی شٹر ڈاؤن ہڑتال عوام کی آواز بنے گی اور سندھ سمیت پورے ملک میں پاکستان تحریک انصاف کے کارکنان پرامن جدوجہد کو مزید منظم انداز میں آگے بڑھائیں گے۔ ملاقات میں پاکستان تحریک انصاف تعلقہ مورو کے صدر جان محمد پ ارو، جنسار علی کلہوڑو، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری ممتاز علی سولنگی، زاہد علی کھوسو اور پاکستان تحریک انصاف کے دیگر رہنما اور کارکنان بھی موجود تھے۔

غلام محی الدین میمن مورائی کی طرف سے مورو کے 500 غریب، بے سہارا اور نادار افراد میں راشن تقسیم کیا گیا

مرحوم حاجی بھلیڈنو میمن ویلفیئر ایسوسی ایشن مورو کے نائب صدر غلام ہادی مورائی اور جنرل سیکرٹری نذر حسین میمن نے ویلفیئر کی آفس میں تقسیم کیا

مورو۔(رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) مرحوم حاجی بھلیڈنو میمن ویلفیئر ایسوسی ایشن مورو کے کوآرڈینیٹر جناب غلام محی الدین میمن مورائی کی طرف سے مورو کے 500 غریب، بے سہارا، بے سہارا اور نادار افراد میں راشن تقسیم کیا گیا۔ مرحوم حاجی بھلیڈنو میمن ویلفیئر ایسوسی ایشن مورو کے نائب صدر غلام ہادی مورائی اور جنرل سیکرٹری نذر حسین میمن نے ویلفیئر کی آفس میں تقسیم کیا۔ اس موقعہ پر غلام ہادی مورائی اور نذر حسین میمن نے کہا کہ حاجی بھلیڈنو میمن مورائی ویلفیئر ایسوسی ایشن مورو عرصہ دراز سے غریب عوام کی فلاح و بہبود اور بہتری کے لیے خدمات سرانجام دے رہی ہے اور غریب عوام کو کبھی نہیں بھولی، ہم غریب عوام کی زندگی کے ہر دکھ اور خوشی میں ان کے ساتھ رہے ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ادارے کی جانب سے سلائی اور کڑھائی سکھانے کے بعد غریب لڑکیوں کو مفت سلائی مشینیں فراہم کی جاتی ہیں تاکہ وہ اپنے گھروں میں سلائی کر کے روزی کما سکیں اور اپنے گھریلو اخراجات بھی چلا سکیں، یہ سلسلہ عرصہ دراز سے جاری ہے جس کی وجہ سے سینکڑوں افراد اپنی روزی کما رہے ہیں۔ اس کے علاوہ غریب مزدوروں اور مزدوروں کو جو بے روزگار ہیں انہیں مفت ہاتھ گاڑی دی گئی ہیں تاکہ انہیں دوبارہ اپنے پیروں پر کھڑا کیا جا سکے اور انہیں روزگار ملے، انہیں روزگار کے حصول کے لیے ہر قسم کا سامان بھی دیا گیا ہے تاکہ وہ روزگار حاصل کر کے اپنے بچوں کا پیٹ پال سکیں، سلائی مشینیں دینے کا یہ سلسلہ بھی عرصہ دراز سے جاری ہے جس کی وجہ سے بڑی تعداد میں غریب لوگوں کو روزگار فراہم ہوا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ امریکہ میں مقیم غلام محی الدین مورائی کی جانب سے غریبوں، بے سہارا لوگوں، محنت کشوں اور مزدوروں کی خدمت کر کے انہیں ذہنی سکون ملتا ہے اور اللہ تعالیٰ خوش ہوتے ہیں، غریبوں کی خدمت کا یہ سلسلہ تاحیات جاری رہے گا۔

اسسٹنٹ کمشنر اپر کرم خالد عمران کی زیرِ صدارت ضلعی کانفرنس روم میں ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ یونٹ (DDMU) کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا

اجلاس میں پی ڈی ایم اے کو آرڈینیٹر شیراز باچا، ڈی ایس پی پولیس، پی ڈی ایم اے سٹاف اور متعلقہ لائن محکمہ جات کے سربراہان نے شرکت کی

کرم ڈپٹی کمشنر اشفاق خان کے ہدایات اسسٹنٹ کمشنر اپرکرم خالدعمران کے صدارت میں

کرم) بیورو رپورٹ) ضلع کرم پاراچنار: ڈپٹی کمشنر کرم اشفاق خان کی ہدایات پر عمل درآمد کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر اپر کرم خالد عمران کی زیرِ صدارت ضلعی کانفرنس روم میں ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ یونٹ (DDMU) کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پی ڈی ایم اے کو آرڈینیٹر شیراز باچا، ڈی ایس پی پولیس، پی ڈی ایم اے سٹاف اور متعلقہ لائن محکمہ جات کے سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران حالیہ مختلف واقعات میں شہید اور زخمی ہونے وال